# قاضی مظہر حسینؒ کی علمی و دینی خدمات

*Submitted By*

**MUHAMMAD AZEEM**

**01-259231-005**

*Supervised by*

**Dr RAHIM ULLAH**

**Assistant Professor BUIC**

**Department of Islamic Studies**

**School of Humanities and Social Sciences**

**BAHRIA UNIVERSITY ISLAMABAD E-8 CAMPUS**

**2023-2025**

# قاضی مظہر حسینؒ کی علمی و دینی خدمات


***Submitted By***

MUHAMMAD AZEEM

01-259231-005

***Supervised by***

Dr RAHIM ULLAH

Assistant Professor BUIC


A Thesis Submitted in the Fulfilment of the Requirement for the Award of the Degree of Master of Science (Islam and Life)


**Department of Islamic Studies**

**School of Humanities and Social Sciences**

**BAHRIA UNIVERSITY ISLAMABAD E-8 CAMPUS**

**Bahria University**

Discovering Knowledge

## SUPERVISOR'S STATEMENT

This is certified that the work contained in this thesis, entitled "قاضی مظہر حسینؒ کی علمی ودینی خدمات" has been carried out under my supervision by MUHAMMAD AZEEM and is approved for submission in partial fulfilment of the requirement for the degree of MS Islamic Studies.

___________________________________

Dr. Rahim Ullah
Assistant Professor
Bahria University Islamabad.

**Bahria University**

Discovering Knowledge

**MS-13**

# THESIS COMPLETION CERTIFICATE

Student's Name: MUHAMMAD AZEEM

Enrollment No. 01-259231-005

Program of Study: MS Islamic Studies (Islam & life)

Thesis Title:"قاضی مظہر حسینؒ کی علمی ودینی خدمات"

It is to certify that the above student's thesis has been completed to my satisfaction and that, to my belief, its standard is appropriate for submission for evaluation. I have also conducted a plagiarism test on this thesis using the HEC-prescribed software and found a similarity index of 11%, which is within the permissible limit set by the HEC for the MS/MPhil degree thesis. I have also found the thesis in a format recognized by the BU for the MS/MPhil thesis.

Principal Supervisor's Signature

_________________________________

Dr. Rahim Ullah

Date:

**Bahria University**

Discovering Knowledge

**MS-14A**

## AUTHOR’S DECLARATION

I, <u>MUHAMMAD AZEEM</u>, hereby state that my MS thesis titled,

"قاضی مظہر حسینؒ کی علمی ودینی خدمات" is my own work and has not been submitted previously by me for taking any degree from this University (Bahria University) or anywhere else in the country or world. At any time, if my statement is found to be incorrect, even after my graduation, the university has the right to withdraw or cancel my MS degree.

Scholar’s Signature

______________________________

Name: MUHAMMAD AZEEM

Date

**Bahria University**

Discovering Knowledge

**MS-14B**

**PLAGIARISM UNDERTAKING**

I, MUHAMMAD AZEEM, solemnly declare that the research work presented in the thesis titled "قاضی مظہر حسینؒ کی علمی و دینی خدمات" is solely my research work with no significant contribution from any other person. Any small contribution or help, wherever taken, has been duly acknowledged, and the complete thesis has been written by me. I understand the zero-tolerance policy of the HEC and Bahria University towards plagiarism. Therefore, as the author of the above-titled thesis, I declare that no portion of my thesis has been plagiarised and that any material used as a reference is properly referred to and cited.

I undertake that if I am found guilty of any formal plagiarism in the above-titled thesis, even after the award of my MS degree, the university reserves the right to withdraw or revoke my MS degree. HEC and the university have the right to publish my name on the HEC/University website, where the names of students who submitted plagiarised thesis are placed.

Scholar’s Signature

______________________________

Name: MUHAMMAD AZEEM
Date:

## ACKNOWLEDGMENT

In the name of Allah, the most gracious, the most merciful, and peace upon the Holy Prophet Muḥammad ﷺ, I am grateful to Almighty Allah, whose guidance enabled me to accomplish this work. I am deeply thankful to my supervisor, Dr. Rahim Ullah, for his guidance and valuable insights throughout this research project. I acknowledge that his support made this dissertation much more manageable for me. May Allah reward him for this noble act and bless him with a long, healthy life .I am grateful to my parents, teachers, and fellows, who have supported me throughout my educational journey. I also sincerely thank all my friends who assisted and guided me in completing this dissertation and the staff at Bahria University Islamabad, who provided support and guidance when needed.

## DEDICATION

I dedicate this work to the beloved Prophet Muḥammadﷺ and his noble Companions (Sahaba, may Allah be pleased with them). His wisdom enlightened their hearts to contribute positively to the world. May this work serve as a small tribute to his legacy, contribute to a deeper understanding of his noble mission, and remind us of his and their profound impact on our lives.

# قاضی مظہر حسینؒ کی علمی و دینی خدمات


***Submitted By***

**MUHAMMAD AZEEM**

**01-259231-005**

***Supervised by***

**Dr RAHIM ULLAH**

**Assistant Professor BUIC**

**Department of Islamic Studies**

**School of Humanities and Social Sciences**

**BAHRIA UNIVERSITY ISLAMABAD E-8 CAMPUS**


**2023-2025**

## Abstract:

Abstract: This thesis presents an analytical study of the scholarly and religious contributions of Qazi Mazhar Hussain, a prominent figure in the Islamic scholarly tradition of the Chakwal region in Pakistan. Divided into three chapters, the study explores his biographical background, religious ideology, and socio-political engagement. **The first chapter** details his lineage, early and advanced education, significant teachers, and his lifelong dedication to religious instruction. **The second chapter** critically assesses his efforts in defending the doctrine of the finality of Prophethood, his stance on Khilafat (Caliphate), and his contributions through numerous writings and lectures. **The third chapter** provides an analytical critique of his opposition to Shi'ite theological positions, including practices like Taqiyya, Mut'ah, and Mourning rituals, and examines his rationale for forming a distinct socioreligious movement. It elaborates on his participation and non-participation in various movements, the motivations and objectives behind establishing his own religious group, and outlines his practical efforts and statements aimed at social reform and community betterment. This part of the study highlights that Islam, in Qazi Mazhar Hussain’s view, is not restricted to spiritual or religious duties alone but also encompasses social, national, charitable, and political responsibilities. By documenting his multidimensional services, the study illustrates how the lives and legacies of religious scholars can guide contemporary generations and safeguard them from cultural imitation and religious confusion. Consequently, the research emphasizes the need for further academic exploration of such personalities and advocates consulting their insights to address modern social, political, and communal challenges.

Keywords: Finality of Prophethood, Caliphate, Islamic Movements, Sunni-Shia Discourse, Qazi Mazhar Hussain, Religious and Social Reforms, Islamic Scholars, Biography.

# فہرست

تعارف موضوع.................................................................................................4

باب اول: قاضی مظہر حسینؒ کی ابتدائی زندگی اور دینی خدمات کا پس منظر..........................................11

فصل اول: قاضی مظہر حسینؒ کا تعارف........................................................................11

قاضی مظہر حسینؒ کی ولادت:..................................................................................11

دارالعلوم عزیزیہ بھیرہ میں تعلیم: ..............................................................................12

قاضی مظہر حسینؒ کی دارالعلوم دیوبند سے وطن واپسی ..................................................12

دارالعلوم دیوبند میں تعلیم: ......................................................................................12

قاضی مظہر حسینؒ کی عاجزی اور تقویٰ.........................................................................12

فصل دوم: قاضی مظہر حسینؒ کی تبلیغِ دین اور قید و بند کی صعوبتیں ..........................................17

قاضی مظہر حسینؒ کا تبلیغی دورہ: ..............................................................................17

درس و تدریس کا سلسلہ:........................................................................................21

مدرسہ عربیہ اظہار الاسلام بھیں کی بنیاد: ......................................................................21

چکوال شہر میں درس قرآن کی ابتداء:..........................................................................22

فصل سوم: قاضی مظہر حسینؒ کی تصانیف، اساتذہ اور تلامذہ: ..................................................23

تصانیف و تالیف:...................................................................................................23

قاضی مظہر حسینؒ کے اساتذہ اور تلامذہ:........................................................................31

دارالعلوم عزیزیہ بھیرہ میں اساتذہ اور تلامذہ:.................................................................34

باب دوم: قاضی مظہر حسینؒ کا عقیدہ ختم نبوت، نظریہ خلافت و امامت: .........................................39

فصل اول: قاضی مظہر حسینؒ کا عقیدہ ختم نبوت: ..................................................................39

منصبِ نبوّت: ........................................................................................39
فصل دوم: قاضی مظہر حسینؒ کا نظریہ خلافت: ........................................................................................44
حضور خاتم النبیین صلی اللہ علیہ وسلم کی بعثت کا مقصد: ........................................................................................46
احادیث نبویہ اور صحابہ اکرام رضی اللہ عنہ: ........................................................................................47
خلافت و نبوت کا ثبوت قرآنی آیات سے: ........................................................................................48
آیت تمکین اور خلافت نبوت: ........................................................................................50
فصل سوم: قاضی مظہر حسینؒ کا نظریہ امامت ........................................................................................52
امامت کی تعریف: ........................................................................................52
امامت کا مفہوم اہل تشیع کے نزدیک: ........................................................................................55
اہل سنت کے نزدیک: ........................................................................................55
شیعہ نظریہ امامت: ........................................................................................55
باب: سوئم قاضی مظہر حسینؒ کا رافضیت پر نقد اور اس کا جائزہ ........................................................................................61
فصل اول: قاضی مظہر حسینؒ کا ماتم و تعزیہ پر نقد اور اس کا جائزہ ........................................................................................61
ماتم کے معنٰی: ........................................................................................61
تعزیہ کی تعریف: ........................................................................................61
ماتم اور تعزیہ داری کی ایجاد: ........................................................................................62
قاضی مظہر حسینؒ کا رد ماتم و تعزیہ: ........................................................................................64
ماتم کا رد اصول کافی کی رو سے: ........................................................................................66
فصل دوم: متعہ پر نقد اور اس کا جائزہ: ........................................................................................70
متعہ کی تعریف: ........................................................................................70

متعہ کا جواز شیعہ کے نزدیک قرآن مجید سے: ............................................................71
قاضی مظہر حسینؒ کا شیعہ کی روایات کا رد: ............................................................74
قاضی مظہر حسینؒ کا متعہ پر رد: ............................................................77
فصل سوئم: قاضی مظہر حسینؒ کا تقیہ اور غلوّ پر نقد اور اس کا جائزہ: ............................................................81
(الف) قاضی مظہر حسینؒ کا تقیہّ پر نقد اور اس کا جائزہ............................................................81
تقیہ کے معنی و مفہوم: ............................................................81
(ب) قاضی مظہر حسینؒ کا غلوّ پر نقد اور اس کا جائزہ ............................................................93
نتائج ............................................................102
سفارشات ............................................................103
فہارس ............................................................104
مصادر و مراجع............................................................109

# مقدمہ

## تعارف موضوع:(Introduction)

اللہ رب العزت نے انسان کو اشرف المخلوقات بنایا اور اس کی تربیت کا بندوبست بھی خود فرمایا۔ اس تربیت کے لیے ہر قوم کے لئے نبی بھیجے گئے تاکہ ہر قوم وامت اپنے نبی کی تعلیمات کی پیروی کر کے دنیا و آخرت میں سرخرو ہو جائے۔ نبوت کا سلسلہ چلتا رہا یہاں تک کہ حضرت محمد ﷺ تمام انسانیت کے لئے نبی و رسول بنا کر بھیجے گئے۔ آپ ﷺ پر نبوت کا اختتام ہوا اور آپ ﷺ کو خاتم النبین کے تاج سے نوازا گیا۔

ایک حدیث میں نبی کریم ﷺ نے فرمایا:

**وأَنا خاتمُ النَّبيّينَ لاَ نبيَّ بَعدي**[1] میں آخری نبی ہوں میرے بعد کوئی نبی نہیں۔

اس پر تمام مسلمانوں کا اجماع ہے کہ محمد ﷺ ہی ہمارے آخری نبی ہیں۔ آپ ﷺ کے بعد اب کوئی نیا نبی نہیں آئے گا۔

اسی سلسلہ میں ایک اور حدیث میں نبی کریم ﷺ نے فرمایا:

**العلماءَ ورثةُ الأنبياءِ**[2] علماء انبیاء کے وارث ہیں۔

اللہ تعالیٰ نے اس امت محمدیہ کو بڑے مجدد علماء عطاء کئے ہیں۔ جو آنحضرت ﷺ، آپ ﷺ کے صحابہ اکرام اور اہلبیت رسول ﷺ کی عزت و ناموس کی حفاظت کے لئے کوشاں رہے۔ جو ہر دور میں اپنی ساری زندگی دین کے لئے وقف کرتے رہے ہیں اور اپنے سوز دل، آہ پنہاں اور خون جگر سے گلشن دین کی آبیاری کرتے ہیں۔ اسے ہمیشہ تر و تازہ، سرسبز و شاداب رکھتے آئے ہیں۔ ایسے مردان حق کبھی عمر بن عبدالعزیز کی صورت میں ظاہر ہوتے ہیں۔ کسی زمانے میں امام ابو حنیفہ، امام احمد بن حنبل اور کسی دور میں شیخ احمد سرہندی المعروف مجدد الف ثانی بن کر باطل کے سامنے حق کی سیسہ پلائی دیوار بن جاتے ہیں۔ عالم اسلام ان کی محنتوں مشقتوں ریاضتوں سے پیدا ہونے والے روحانیت کے اثر سے فیضیاب ہوتا ہے۔ یہ مردانِ الٰہی دنیا سے چلے جانے کے بعد بھی طالب حق کے دلوں میں زندہ رہتے ہیں۔ ان کی طرز زندگی، دینی خدمات، باطل کے دندان شکن کرنے کے طریقہ اور حق کی دعوت میں کسی ملامت کرنے والے کی پرواہ نہ کرنا دیکھ کر، سن اور پڑھ کر لوگ رہنمائی حاصل کرتے ہیں اور مستفید ہوتے ہیں اور بعد کے لوگوں میں دین پر عمل کرنے اس کی نشر و اشاعت کرنے اور اس کے لئے ہر مشقت برداشت کرنے کی طاقت، ہمت اور حوصلہ پیدا ہو جاتا ہے۔ انہی مردان حق میں شامل شخصیت ہمارے زمانہ قریب کے نامور عالم قاضی مظہر حسینؒ ولد کرم الدین دبیر بھی ہیں۔

آپ نے اپنی پوری زندگی آنحضرت ﷺ، آپ ﷺ کے صحابہ اکرام اور اہلبیت رسول ﷺ کی عزت و ناموس کی حفاظت کی خاطر چوکیداری کرتے ہوئے گزار دی۔ اور دوسروں کو بھی علمی و عملی اقدامات پر استقامت کی ترغیب دیتے رہے آپ درویش صفت انسان تھے۔ غرض آپ کی شخصیت میں تمام ایسے کمالات شامل تھے جو اللہ کے کسی نیک اور برگزیدہ بندے میں ہوتے ہیں۔ اللہ تعالیٰ نے حضرت کو جن اوصاف و کمالات سے

---

[1] ۔ أبوداود سلیمان بن الاشعث السجستانی، سنن أبی داود: کتاب: الفتن والملاحم، باب: ذکر الفتن ودلائلھا، الریاض، السعودیة، ۲۰۰۵ء، رقم الحدیث: ۴۲۵۲

[2] ۔ ابو عیسیٰ محمد بن عیسیٰ الترمذی، سنن الترمذی، کتاب الجنائز، طبع اولیٰ (۱۴۳۳ھ)، حدیث ۱۰۷۳، مکتبة حدیث نمبر: ۲۶۸۲

نوازا تھااس دور پر فتن میں کسی ایک شخصیت کی زندگی میں ان کا جمع ہونا تقریباً محال ہے۔آپ نے اپنی پوری زندگی دین کی خدمت کے لئے وقف کر دی پوری عمر دینی علوم کے درس وتدریس میں گزار دی۔

ہم نے پوری کوشش کی ہے کہ مقالے کے عنوان کے تحت قاضی مظہر حسینؒ کا عقیدہ ختم النبوت، خلافت وامامت اور رافضیت کے غیر شرعی عقائد کے خلاف کیے گئے علمی و عملی اقدامات اور قاضی مظہر حسینؒ کا رافضیت پر نقد اور اس کا جائزہ کے ذریعے ان کی آنحضرت ﷺ ،اہلبیت اور صحابہ اکرام سے محبت کو اجاگر کیا جائے۔

**نوٹ:** مقالہ نگار نے قاضی صاحبؒ کی تصانیف سے بِعَینہٖ نام وغیرہ کا اسلوب نقل کیا ہے اگرچہ اخلاقیات میں میرا ان ناموں سے خود اتفاق نہیں کیونکہ یہ مقالہ کے اخلاقیات کے مخالف ہے۔

## تحقیقی خلاء:Research Gap

سابقہ کام کا جائزہ لینے کے بعد مقالہ نگار اس نتیجے پر پہنچا ہے کہ قاضی مظہر حسینؒ کی سوانح حیات پر لکھی گیئں کتابیں، مختصر معلومات فراہم کرتی ہیں۔ قاضی مظہر حسینؒ کا رافضیت پر نقد اور اس کا جائزہ کے ذریعے ان کی آنحضرت ﷺ ، اہلبیت اور صحابہ اکرام سے متعلق ملنے والے موضوعات ومعلومات کی روشنی میں یہ کہا جا سکتا ہے کہ اس موضوع پر میری معلومات کے مطابق کسی جامعہ میں ایم فل/پی ایچ ڈی کی تحقیق نہیں ہوئی۔اسلئے ضرورت اس بات کی ہے کہ انہوں نے جو خدمات آنحضرت ﷺ ،اہلبیت اور صحابہ اکرام کے مخالفین کے خلاف علمی دلائل کی بنیاد پر کیں ہیں،اُن کی خدمات، تحقیقی انداز میں سامنے لائی جائیں۔

## بیانِ مسئلہ:(Statement of the problem)

قاضی مظہر حسینؒ نے معاشرے کی اصلاح میں کلیدی کردار ادا کیا اور اپنے وقت کے پیش آمدہ مسائل کا دلائل کے ساتھ سامنا کیا اور اہل سنت والجماعت کے موقف کی ترجمانی کی اور کلمہ حق کی صدا بلند کی۔آپ فتنوں کے رد میں ہمہ تن گوش رہے آپ دینی اور معاشرتی مسائل سے پوری طرح آگاہی رکھتے اور اس کا بروقت حل کرتے اس مقصد کی تکمیل کے لیے زیر نظر مقالہ پیش کیا جارہا ہے۔

## سوالات تحقیق:(Research Questions)

1. قاضی مظہر حسینؒ کا علمی اور خاندانی پس منظر کیا ہے۔؟
2. قاضی مظہر حسینؒ **کا عقیدہ** ختم نبوت، نظریہ خلافت اور امامت کیا ہے۔؟
3. قاضی مظہر حسینؒ کا رافضیت پر نقد کا منہج کیا ہے۔؟

## مقاصد تحقیق(Research Objectives)

1. قاضی مظہر حسینؒ کی علمی اور خاندانی پس منظر کو متعارف کرانا۔
2. قاضی مظہر حسینؒ کا عقیدۂ ختم نبوت، نظریہ خلافت وامامت کے لیے کی گئیں کوششوں کو متعارف کرانا۔
3. قاضی مظہر حسینؒ کا رافضیت پر نقد اور اس کا جائزہ پیش کرنا۔

## موضوع کی ضرورت واہمیت:(Significance of the study)

غازیوں اور شہیدوں کی سرزمین چکوال، جسکے سپوتوں نے مادرِ وطن کی خاطر ان گنت اور بے شمار قربانیوں کی داستانیں رقم کی ہیں، چاہے وہ جغرافیائی سرحدیں ہوں، یا اسلام کے گلشن کی آبیاری۔ کبھی غازی مرید حسین اور غازی منظور حسین جیسے شہزادے رسول اکرم ﷺ کی حرمت پر اپنی جانیں نچھاور کرتے ہیں، تو کبھی علمائے کرام داخلی اور خارجی فتنوں سے نبٹتے نظر آتے ہیں۔

انہی نامور مذہبی شخصیات میں سے ایک شخصیت جس نے دین حق کی آواز کو بلند کیا اور اپنے دور میں رافضیت اور ان کے باطل نظریات کا ڈٹ کر مقابلہ کیا اور عوام الناس کو اپنی علمی فصاحت وبلاغت کے ذریعے اس زہر ہلاہل سے خبر دار کیا۔ آپ نے ان موضوعات پر کئی کتب ومضامین بھی تحریر کیے اور دلائل کے ساتھ اپنے موٴقف کو پیش کیا جس نے عوام الناس کو اپنی طرف متوجہ کیا۔ اسی محنت کا نتیجہ ہے کہ علماء کے حلقوں میں چکوال کا نام آتے ہی قاضی مظہر حسینؒ کی شخصیت اور ان کے رافضیت کے باطل عقائد ونظریات کے خلاف محنت کا عکس سامنے آتا ہے۔

قاضی مظہر حسینؒ نے عوامی اور علمی دونوں حلقوں میں کام کیا۔ عوام میں وعظ ونصیحت اور دروسِ قرآن وحدیث کے ذریعے محنت کی، علمی حلقوں میں تصنیف وتالیف کے ذریعے اپنا نقطہ نظر پیش کیا۔ اسی بناء پر بعض مخالفین نے آپ کو طعن وتشنیع کا نشانہ بنایا اور آپ پر من گھڑت اعتراضات اٹھائے گئے۔ آپ کی دینی خدمات وتعارف پر کتب ورسائل مختلف سطح پر تحریر تو کیے گئے ہیں، لیکن تحقیقی میدان میں اس موضوع پر کوئی کام ابھی تک نہیں ملتا۔ ضرورت اس امر کی ہے کہ آپ کی شخصیت اور آپ کی علمی ودینی خدمات کو سامنے لایا جائے اور آپ کا تعارف کرایا جائے۔ اس ضرورت کے پیش نظر یہ مقالہ پیش کیا جارہا ہے۔

## موضوع پر سابقہ کام کا جائزہ:(Literature Review)

قاضی مظہر حسینؒ سے متعلق کئی کتابیں لکھی جاچکی ہیں۔ البتہ ان میں عقیدہ ختم نبوت، نظریہ امامت کو تفصیل سے بیان نہیں کیا گیا۔ کتب کی تفصیل یہ ہے۔

### مظہر کرم[1]:

عبدالجبار سلفی کی تصنیف مظہر کرم دو جلدوں پر مشتمل ہے۔ اس کتاب میں قاضی مظہر حسینؒ کی سوانح حیات کو بیان کیا گیا ہے۔ لیکن ہماری تحقیق میں آپ کی علمی وتصنیفی خدمات اور رافضیت پر نقد کا غیر جانبدارانہ طور پر تفصیلی جائزہ پیش کیا جائے گا۔

### ۴۰۰ خطوط کا مجموعہ آثارِ قاضی مظہر حسینؒ[2]:

عبدالجبار سلفی نے ۴۰۰ خطوط کا مجموعہ آثارِ قاضی مظہر حسینؒ کا مقدمہ لکھا اور ترتیب دے کر شائع کیا اسکی دو جلدیں ہیں۔ پہلی جلد ۵۶۰ صفحات پر مشتمل ہے- جبکہ دوسری جلد ابھی زیر طباعت ہے- مظہر کرم میں کم وبیش چار سو خطوط پیش کیے ہیں۔ خطوط کی کل تعداد ۲۰۰۰ (دو ہزار) سے زائد ہے۔ جن میں سے چار سو خطوط کا اس کتاب میں ذکر کیا جارہا ہے- ان خطوط پر دو صفحات پر مشتمل مختصر تبصرہ[3] آثارِ قاضی مظہر حسینؒ کے

---

1۔ عبدالجبار سلفی، مظہر کرم، پاکستان، سعودی عرب: دارالامین ۲۰۲۰ء

2۔ عبدالجبار سلفی، ۴۰۰ خطوط کا مجموعہ آثارِ قاضی مظہر حسین

3۔ عبدالقیوم حقان، ان خطوط پر ایک تبصرہ آثارِ قاضی مظہر حسین

نام سے مولانا عبدالقیوم حقانی صاحب نے اشاعت کے لئے پیش کیا جو کہ ماہنامہ القاسم کی ایڈیشن میں شائع ہو چکا ہے۔

## ماہنامہ حق چار یار:[1]

ماہنامہ حق چار یار رسالہ کا اجراء خود قاضی مظہر حسینؒ نے اپنی زندگی میں کیا تھا۔اس کے شمارہ ۴۔۳ کی جلد ۱۸ کو قائد اہلسنت نمبر دیا ہے اور قاضی مظہر حسینؒ کی وفات کے بعد مارچ، اپریل ۲۰۰۵ کے شمارہ میں آپ کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے آپ کے نام سے موسوم کیا ہے۔اس خاص نمبر کی ترتیب وتدوین حافظ زاھد حسین رشیدی نے کی ہے۔اس میں زیادہ تر آپ کے لئے لکھے گئے تعزیتی خطوط، مقالات و مضامین، منظومانہ کلام اور دیگر معاصر اخبارات و جرائد میں ذکر خراجِ تحسین اور بیانات کو قلم بند کیا گیا ہے۔ لیکن آپ کی شخصیت کا تعارف اور خدمات کا ذکر مختصراً موجود ہے۔ جبکہ زیر نظر موضوع میں قاضی صاحبؒ کی شخصیت کا تفصیلی جائزہ پیش کیا جائے گا۔

## ملفوظاتِ وکیل صحابہؓ:[2]

ملفوظات وکیل صحابہؓ ۴۸ صفحات پر مشتمل ایک چھوٹا سا کتابچہ ہے جسے احتشام الحسن نے ترتیب دیا ہے۔اس کتابچہ میں قاضی مظہر حسینؒ کے چند ملفوظات بیان کیے گئے ہیں۔ جبکہ زیر نظر موضوع میں قاضی صاحبؒ کی خدمات کا تفصیلی جائزہ پیش کیا جائے گا۔

## روئیداد:[3]

یہ جامعہ عربیہ اظہار الاسلام چکوال کے سالانہ نتائج ۲۰۰۶۔۲۰۰۵ اور تعارف پر مشتمل روئیداد ہے۔ یہ سالانہ روئیداد قاضی مظہر حسینؒ کی وفات کے بعد شائع کی گئی اور روئیداد کے آخر میں آپ کی زندگی کا مختصر تعارف کیا گیا ہے۔

## حیات وخدمات:[4]

حیات وخدمات قاضی مظہر حسین ۳۲ صفحات پر مشتمل ایک چھوٹا سا کتابچہ ہے جسے حضرت نعیم الدین صاحب نے ترتیب دیا ہے۔ جسکی اشاعت ۱۶ محرم الحرام ۱۴۲۷ھ، ۱۵ فروری ۲۰۰۶ء میں ہوئی ہے۔اس کتابچہ میں قاضی مظہر حسینؒ کی مختصر حیات وخدمات، آپ کی مختلف موضوعات پر لکھی گی کتابوں کے نام اور صفحہ نمبر ۳۲ پر خدام اہلسنت کی دعا جو صحابہؓ اور اہلبیت پر منظومانہ کلام پر اختتام پذیر ہوتی ہے۔

## منہج تحقیق:(Research Methodology)

کوالٹیٹیو ریسرچ: Qualitative Research ایک قسم کی تحقیق ہے جس میں اعداد و شمار کی بجائے، لوگوں کے تجربات اور نظریات کو سمجھنے پر زور دیا جاتا ہے۔ یہ تحقیق لوگوں کی انٹرویوز، مشاہدات، اور دستاویزات جیسے ذرائع سے اکٹھا کی جاتی ہے۔اس کا مقصد کسی موضوع کے بارے میں گہرائی سے سمجھ پیدا کرنا ہے، نہ کہ اسے اعداد و شمار میں ظاہر کرنا۔

---

[1]۔ زاہد حسین رشیدی، ماہنامہ حق چار یارؓ، لاہور: دفتر ماہنامہ حق چار یار مارچ ۲۰۰۵ء

[2]۔ احتشام الحسن، ملفوظاتِ وکیل صحابہؓ، چکوال: مکتبہ الحسن

[3]۔ جمیل الرحمٰن، روئیداد، چکوال: جامع عربیہ اظہار الاسلام ۲۰۰۶ء

[4]۔ حضرت نعیم الدین صاحب، حیات وخدمات، قاضی مظہر حسین، ۳۲ صفحات پر مشتمل مکتبہ قاسمیہ لاہور

## تحقیقی عمل:

یہ تحقیقی عمل معیاری طریقہ تحقیق (Qualitative Research Methodology) کے اصول وفوائد کو مد نظر رکھتے ہوئے کیا گیا ہے۔ جس میں بنیادی مصادر کتب اور رسائل کو لیا گیا ہے۔ جبکہ بوقت ضرورت موضوع سے متعلق انٹرنیٹ سے بھی استفادہ کیا گیا اور بیانیہ اسلوب پہ کام کیا گیا۔ حوالہ جات اور کتابیات کے اندراج کے لیے شکاگو مینول اسٹائل اور بحریہ یونیورسٹی وHEC کے قوائد وضوابط کو مد نظر رکھا گیا ہے۔

## Data Collection and Data Analysis:

معلومات اور استدلات کی ترتیب وتدوین میں بنیادی مصادر اور مراجع کی طرف رجوع کیا گیا۔ البتہ بوقت ضرورت ثانوی مصادر سے بھی استفادہ کیا گیا۔ نیز جو اصطلاحات استعمال ہوں گی، حاشیے میں ان کی وضاحت کی گئ ہے۔

## تحقیقی اخلاقیات:(Research Ethics)

- مقالہ میں مذکور محترم شخصیات کا مکمل احترام ملحوظ رکھا گیا ہے۔
- مقالے میں اختلاف رائے کے آداب کو ملحوظ رکھا گیا ہے۔
- نقل کرنے میں ہر عبارت باحوالہ نقل کرنے کا اہتمام کیا گیا ہے۔
- مقالے میں غیر سنجیدہ اور ناشائستہ زبان وبیان سے اجتناب کیا گیا ہے۔
- عربی اور انگریزی کے اقتباسات نقل کرنے کے ساتھ ترجمہ کا اہتمام کیا گیا ہے۔۔

## تحقیقی دائرہ کار(Delimitation of the study):

تحقیق کو متعین کرنے اور طوالت سے بچانے کے لیے حضرت قاضی مظہر حسینؒ کی خدمات پر لکھنے کا انتخاب کیا گیا ہے۔ اور ان کی علمی ودینی خدمات کو بنیاد بنایا گیا ہے۔

## حوالہ جات(References and Bibliography):

مقالہ ہذا میں حوالہ جات اور کتابیات کے لیے بحریہ یونیورسٹی کا مقالہ نگاری کے لیے طے کردہ فارمیٹ استعمال کیا گیا ہے۔

**ابواب وفصول:**

**باب اول:** **قاضی مظہر حسینؒ کی ابتدائی زندگی اور دینی خدمات کا پس منظر**

فصل اول: قاضی مظہر حسینؒ کا تعارف

فصل دوم: تبلیغِ دین اور قید و بند کی صعوبتیں

فصل سوم: تصانیف، اساتذہ اور تلامذہ

**باب دوم:** **قاضی مظہر حسینؒ کا عقیدہ ختم نبوت، نظریہ خلافت وامامت**

فصل اول: قاضی مظہر حسینؒ کا عقیدہ ختم نبوت

فصل دوم: نظریہ خلافت

فصل سوم: نظریہ امامت

**باب سوم:** **قاضی مظہر حسینؒ کا رافضیت پر نقد اور اس کا جائزہ**

فصل اول: قاضی مظہر حسینؒ کا ماتم اور تعزیہ پر نقد اور اس کا جائزہ

فصل دوم: متعہ پر نقد اور اس کا جائزہ

فصل سوم: تقیہ اور غلو پر نقد اور اس کا جائزہ

**نتائج:** ------------------------------------

**سفارشات:** ------------------------------------

**فہارس:** ------------------------------------

## باب اول: قاضی مظہر حسینؒ کی ابتدائی زندگی اور دینی خدمات کا پس منظر

فصل اول: قاضی مظہر حسینؒ کا تعارف

فصل دوم: تبلیغِ دین اور قید و بند کی صعوبتیں

فصل سوم: تصانیف، اساتذہ اور تلامذہ

# بابِ اول: قاضی مظہر حسینؒ کی ابتدائی زندگی اور دینی خدمات کا پس منظر

## فصلِ اول: قاضی مظہر حسینؒ کا تعارف

### قاضی مظہر حسینؒ کی ولادت:

قاضی مظہر حسینؒ ۲۰/اکتوبر ۱۹۱۴ء مطابق ۲۹ ذیقعدہ ۱۳۳۲ھ بروز منگل بمقام بھیں[1] تحصیل و ضلع چکوال میں پیدا ہوئے، ابتدائی تعلیم و تربیت والدین سے حاصل کی، عصری تعلیم میں میٹرک کا امتحان پاس کیا۔ دینی تعلیم کی تکمیل کے لیے ہندوستان دار العلوم دیوبند تشریف لے گئے اور دو سال کبار اساتذہ کرام سے علم و فیض سے کسب فیض کیا۔ دار العلوم دیوبند سے آپ نے دورہ حدیث شریف کا امتحان دیا تو اول بنگلہ دیش کے ایک طالب علم آئے اور دوسرے نمبر پر سرحد کے ایک طالب علم آئے اور تیسرے نمبر پر قاضی مظہر حسینؒ آئے۔ آپ عربی اور فارسی میں قادر الکلام تھے۔ جب اہل عرب اور اہل فارس ملاقات کے لیے آتے تو ان سے عربی اور فارسی میں گفتگو کرتے تھے اور اپنی تحریک کے اغراض و مقاصد اور مذہب اہل السنت والجماعت کی حقانیت سمجھاتے تھے۔ اور صحابہ کرامؓ کے فضائل و مناقب بیان فرمایا کرتے تھے۔ آپ نے تقریباً ۹۰ سال کی عمر پائی ، آپ نے اپنی ساری زندگی علمی و دینی خدمات سرانجام دیں اور بالآخر ۲۶ جنوری ۲۰۰۴ کو اپنے خالق سے جاملے۔[2]

### قاضی مظہر حسینؒ کی ابتدائی تعلیم:

قاضی صاحبؒ کی ابتدائی تعلیم و تربیت دینی علوم سے شروع ہوئی۔ قرآن مجید اپنے والد قبلہ اور اپنی والدہ ماجدہ سے پڑھتے رہے۔ گھر ہی میں علوم خادمہ میں سے صرف و نحو اور فارسی کتب پڑھیں، اس کے ساتھ ساتھ اپنے گاؤں "بھیں" سے پرائمری کا امتحان بھی پاس کیا۔ اور پھر میٹرک تک تعلیم چکوال شہر سے حاصل کی۔ اسکول ریکارڈ کے مطابق آپ ۱۷، اپریل ۱۹۲۸ء کو داخلہ نمبر ۸۸ کے تحت داخل ہوئے تھے اور مارچ ۱۹۳۰ء میں آپ نے میٹرک کا امتحان اعلیٰ نمبروں سے پاس کر کے اسکول سے فراغت حاصل کی۔ آپ کی عمر ابھی چند ماہ کم ۱۶ سال کی تھی، تو آپ نے ایک طرف میٹرک کا امتحان پاس کر لیا تھا تو دوسری جانب قرآن مجید، علوم صرف و نحو، فارسی کتب علوم منطق اور کتب فقہ و اصول فقہ کی چند بڑی کتب اپنے والد گرامی سے ہی پڑھ لی تھیں، بلکہ علم طب کے ساتھ بھی خاصی شد بد پیدا ہو چکی تھی۔[3]

### اشاعت اسلام کالج لاہور میں تعلیم:

مزید تعلیم کے لیے جب غور و خوض ہوا تو بلد علم و دانش لاہور کا انتخاب ہوا، کیونکہ اس سے قبل خود مولانا محمد کرم الدین دبیر اپنے ہم عمر اور بہنوئی مولانا محمد حسن فیضی اللہ کے ہمراہ لاہور کے مدرسہ حمیدیہ وغیرہ میں تعلیم حاصل کرتے رہے تھے۔ اور یہیں سے سہارنپور گئے تھے۔ لاہور ہر دور میں علم و ہنر کا مرکز رہا ہے۔ چنانچہ قاضی صاحبؒ کا لاہور میں اشاعت اسلام کالج میں داخلہ کروا دیا گیا۔ ۱۹۳۲ء کے اواخر میں آپ اپنے والد گرامی کے

---

1۔ موضع بھیں کا تعارف: چکوال سے راولپنڈی جانے والی سڑک پر دس کلومیٹر کے بعد دائیں طرف مڑیں تو تقریباً گیارہ کلومیٹر کے فاصلے پر مشہور گاؤں "بھیں" ہے۔ اگرچہ اس گاؤں کو آباد ہوئے پانچ سو سال کا عرصہ بیت رہا ہے مگر اس کی وجہ شہرت ابو الفضل محمد کرم الدین کا مولد و مسکن ہونا ہے۔ آپ کا تعلق اعوان برادری سے تھا، "بھیں" کا لفظی معنی ہے صبر والا، اور یہ سنسکرت زبان کا لفظ ہے۔

2۔ رشیدی، زاہد حسین، **ماہنامہ حق چار یارؓ**، لاہور: دفتر ماہنامہ حق چار یار مارچ ۲۰۰۵ء، ص ۱۲۸

3۔ ایضاً، ص ۱۲۸

ہمراہ لاہور وارد ہوئے اور علامہ اقبال کے قائم کردہ اس ادارہ میں مزید تعلیم کے لیے اقامت پذیر ہو گئے۔اس کے بعد اشاعت اسلام کالج کا دو سالہ کورس پاس کیا۔ یہ کالج انجمن حمایت اسلام لاہور کی سرپرستی میں قائم ہوا تھا۔ڈاکٹر اقبال مرحوم بھی اس کے سرپرست تھے۔[1]

### دارالعلوم عزیزیہ بھیرہ میں تعلیم:

قاضی مظہر حسینؒ نے اشاعت اسلام کالج لاہور سے فراغت کے بعد دارالعلوم عزیزیہ بھیرہ ضلع خوشاب میں دو سال زیرِ تعلیم رہے۔اس وقت مدرسہ کا انتظام وانصرام حضرت ظہور احمد بگوئی کے پاس تھا۔اس دارالعلوم میں بندہ نے موقوف علیہ تک کتابیں پڑھیں۔[2]

### دارالعلوم دیوبند میں تعلیم:

مزید تعلیم کے لیے قاضی مظہر حسینؒ کا داخلہ رمضان ۱۳۵۶ھ میں دارالعلوم دیوبند میں کروایا گیا۔حضرت سید حسین احمد مدنیؒ شیخ الحدیث دارالعلوم دیوبند نے قاضی مظہر حسینؒ کا داخلہ منظور فرمایا۔رمضان شریف کے بعد شوال ۱۳۵۶ھ مطابق دسمبر ۱۹۳۷ء میں والد کا رقعہ لے کر دارالعلوم دیوبند میں حضرت شیخ الادب اعزاز علی کی خدمت میں حاضر ہوا۔حضرت کسی تحریر میں مشغول تھے۔ایک نگاہ مجھ پر ڈالی اور فرمایا کہ اچھا آپ ہیں۔تو آپ نے انتہائی شفقت سے نوازا۔داخلہ کا امتحان بھی خود لیا۔اور چند دنوں کے بعد دارالعلوم کے دار جدید کمرہ نمبر ۱۶ میں رہائش کیلئے بھیج دیا۔ بالآخر دارالعلوم سے دو سال قرآن وحدیث کے علوم میں مہارت حاصل کرنے کے بعد وطن واپسی ہوئی۔[3]

### قاضی مظہر حسینؒ کی دارالعلوم دیوبند سے وطن واپسی:

قاضی صاحبؒ دارالعلوم دیوبند سے دورہ حدیث مکمل کر کے شعبان ۱۳۵۸ھ بمطابق اکتوبر ۱۹۳۹ء وطن واپس ہوئے۔اپنے آبائی گاوں "موضع بھیں" ضلع چکوال واپس آکر اپنے والد گرامی کی سرپرستی ورہنمائی میں دعوت وتبلیغ، درس وتدریس اور رفض وبدعت کیخلاف مناظرانہ سرگرمیوں میں مشغول ہوگئے۔ یہاں یہ دلچسپ واقعہ پیش نظر رہے کہ دسمبر ۱۹۳۹ء میں آپ کی وطن واپسی ہوئی اور اس کے دو ماہ بعد آپ کا ایک معروف شیعہ مناظر سے مناظرہ طے ہوگیا۔چکوال شہر میں بھی صرف چند گنے چنے افراد اکابر دیوبند سے عقیدت رکھتے تھے۔ان جلسوں کے ذریعے عوام اکابر دیوبند کے مسلک حق کو سمجھنے لگ گئے تھے کہ اچانک اپنے گاؤں میں ایک تنازعہ کے باعث آپ کو جیل جانا پڑا۔قید سے واپسی پر آپؒ نے دعوت وتبلیغ اور درس وتدریس کا کام شروع کیا۔[4]

### قاضی مظہر حسینؒ کی عاجزی اور تقویٰ:

نور حسین عارف گوجرانوالہ میں خطیب اور سرکاری ریٹائرڈ ٹیچر ہیں، اصلاً تعلق سہگل آباد چکوال سے ہے۔فرماتے ہیں کہ میں مدنی جامع مسجد میں حفظ کر رہا تھا تو اُن دنوں کا واقعہ ہے کہ استاذ محترم حضرت حافظ اللہ یار مدظلہ نے مجھے باورچی کی شکایت کے لیے حضرت کے پاس بھیجا ساتھ دو روٹیاں بھی دیں جو جلی ہوئی تھیں کہ حضرت کو دکھاؤ کہ باورچی اس طرح روٹی پکاتا ہے جو کھانے کے قابل نہیں۔میں وہ روٹیاں قاضی صاحبؒ کے

---

[1]۔ سلفی، عبدالجبار، **مظہر کرم**، **لاہور**: ادارہ مظہر التحقیق مارچ ۲۰۱۴ء، جلد اول، ص ۶۳

[2]۔ الرحمٰن، جمیل، **روئیداد۔ چکوال**: جامع عربیہ اظہار الاسلام ۲۰۰۶ء، ص ۳۹

[3]۔ ایضاً، ص ۴۰

[4]۔ ایضاً، ص ۴۰

پاس لے کر گیا اور باورچی کی شکایت کی۔ قاضی صاحبؒ اس وقت اپنے مطالعہ والے کمرہ میں بیٹھ کر کچھ تحریر فرما رہے تھے اور ساتھ کوئی چیز کھا رہے تھے۔ میں نے دیکھا کہ گھر کی روٹی جو توے پر پکی ہوئی تھی، کا نصف حصہ تھا جو خشک تھا۔ حضرت وہ چبا رہے تھے جب میں نے باورچی کی شکایت کی تو حضرت نے وہ روٹیاں پکڑ کر دیکھیں اور فرمایا بھائی ان کو کیا ہے؟ پھر فرمایا بھائی جاؤ جا کر حافظ اللہ یار مد ظلہ کو کہو کہ اللہ تعالیٰ کا شکر ادا کرو کہ تمہیں جلی سڑی روٹی تو مل رہی ہے۔ ورنہ ایسے بھی تو اللہ کے بندے ہیں جن کو ایسی روٹی بھی نصیب نہیں ہے۔ پھر فرمایا میں بھی تو کئی دنوں کی پکی ہوئی خشک روٹی کھا رہا ہوں۔[1]

ایک دن میں مدنی جامع مسجد کے دروازے پر کھڑا تھا کہ ایک آدمی آیا اُس کے ہاتھ میں گوشت کا لفافہ جو تقریباً آدھا کلو کے قریب ہوگا مجھے پکڑاتے ہوئے کہا کہ یہ مدرسہ میں دے دینا۔ میں نے گوشت پکڑ لیا اور بغیر کسی استاذ کے مشورہ کے خود اپنے ذہن میں فیصلہ کر لیا کہ یہ گوشت حضرت کے گھر لے جانا چاہیے۔ چنانچہ میں نے وہ گوشت جا کر حضرت کے گھر آپا جی مرحومہ ومغفورہ کو دے دیا۔ انہوں نے بھی نہ پوچھا اور خیال کیا کہ حضرت جی نے منگوایا ہوگا۔ کیونکہ حضرت کے گھر کا سودا سلف میں ہی لا کر دیتا تھا۔ خیر گوشت پک گیا۔ جب حضرت کو کھانا پیش کیا گیا تو دیکھا یہ گوشت ہے آپا جی سے فرمایا یہ کہاں سے آیا ہے؟ آپا جی نے کہا آپ ہی نے تو نور حسین سے منگوایا تھا۔ حضرت نے فرمایا میں نے نہیں منگوایا۔ نور حسین کو بلاؤ۔ جب میں حضرت کے پاس آیا تو فرمایا یہ گوشت تو نے کہاں سے لا کر دیا ہے[2]

میں نے سب واقعہ عرض کر دیا۔ فرمایا کان پکڑ لو کچھ دیر بعد فرمایا کھڑے ہو جاؤ۔ جب میں کھڑا ہوا تو خوب غصہ کا اظہار کیا اور کہا کہ یہ گوشت تو طلبہ کا تھا۔ تو بغیر پوچھے یہاں کیوں لایا ہے؟ پھر فرمایا آئندہ تم نے ایسی حرکت کی تو سخت سزا ملے گی۔ پھر آپا جی سے پوچھا کہ گوشت کتنا تھا؟ انہوں نے عرض کی تقریباً آدھ کلو۔ حضرت نے مجھے ایک کلو کے پیسے دیئے اور فرمایا ابھی دفتر میں جاؤ۔ پیسوں کی رسید کٹوا کر مجھے دو۔ میں دفتر گیا اور وہاں سے رسید لے کر حضرت کو دی تو فرمایا یہ سب گوشت پکا ہوا لے جاؤ اور باورچی کو کہو شام کے سالن میں ڈال دے۔[3]

**خادم اہل سنت اور وکیل صحابہ کے لقب پر ردِ عمل:**

قاضی مظہر حسینؒ رحمہ اللہ فرمایا کرتے کہ میرے نام کے ساتھ القاب نہ لگایا کرو اور نہ ہی غلو کیا کرو اور قاضی صاحبؒ کہنے کی بجائے سنی کہا کرو۔ وکیل صحابہ کے لقب کے بارے میں کہا کہ اس میں کوئی حرج نہیں، حضرات صحابہ کرامؓ ور نبی اکرم ﷺ کے مقدمہ میں، میں ایک چھوٹا سا وکیل ہوں اور بغیر فیس کے یہ مقدمہ صرف اور صرف اللہ تعالیٰ کی رضا حاصل کرنے کے لیے بڑی محنت اور تیاری کے ساتھ لڑ رہا ہوں۔ فرمایا کہ

---

1 ۔ سلفی، عبدالجبار، مظہر کرم جلد دوم، تاثرات ومشاہدات ۳۵۷ لاہور: ادارہ مظہر التحقیق مارچ ۲۰۱۴ء ص ۳۵۶

2 ۔ ایضاً ص ۳۵۶

3 ۔ ایضاً، ص ۳۵۷

خادم بنو۔ ''خادم'' لفظ جامع ہے اور اپنے نام کے ساتھ خادم اہل سنت لکھنے میں شرم نہ کرو۔ الحمدللہ میں نے ہائی کورٹ لاہور میں ضمانت نامہ داخل کراتے وقت اپنے نام کے ساتھ خادم اہل سنت لکھا تھا۔[1]

## سیاسی زندگی:

قاضی صاحبؒ کو سیاسی ذوق اپنے شیخ کی طرف سے ودیعت ہوا تھا، آپ کے شیخ مکرم حضرت سید حسین احمد مدنی رحمہ اللہ علیہ سیاست کے امام تھے اس لیے آپ میں سیاسی ذوق ہونا ایک فطری امر تھا، آپ ایک اصول پسند، جرات مند اور نڈر و بے باک سیاسی رہنما تھے، آپ کی سیاست مذہب کے تابع تھی، حق بات کہنا، حق کے لیے لڑنا، حضرت مرحوم کا خاص امتیاز تھا، اس بارہ میں کسی قسم کی مداہنت کا آپ کبھی شکار نہیں ہوئے نہ وقت کی مصلحتوں نے آپ کو کبھی اظہار حق سے روکا۔[2]

## تحفظ اسلام پارٹی کا قیام

قاضی صاحبؒ تحفظ اسلام پارٹی کے قیام کے مقصد کو بیان کرتے ہوئے فرماتے ہیں کہ پاکستان کے دونوں بڑے سیاسی دھڑوں پیپلز پارٹی اور قومی اتحاد سے چونکہ تحفظ اسلام پارٹی کو اپنے اصولی موقف کی بناء پر ہی اختلاف ہے اس لئے ہم نے اپنے امیدوار علیحدہ کھڑے کئے ہیں اور دونوں پارٹیوں سے اختلاف کی بناء پر ہی تحفظ اسلام پارٹی قائم کی گئی ہے تاکہ جو لوگ تحفظ اسلام سے اتفاق رکھتے ہیں وہ اپنے اصولی موقف کے تحت ووٹ استعمال کر سکیں۔ ہم مروجہ سیاست سے پوری طرح متفق نہیں ہیں کیونکہ اس میں عموماً اقتدار مقصود ہوتا ہے جس کی خاطر اسلامی اصول کو بھی پس پشت ڈال دیا جاتا ہے۔ ہماری سیاست بھی دین کے تابع ہے اور سیاست کو قرآن وسنت سے مخالفت کر کے نہیں کر سکتے۔ اس لئے اپنی پارٹی کا نام بھی تحفظ اسلام پارٹی رکھا ہے۔[3]

قاضی صاحبؒ فرماتے ہیں کہ مدنی جامع مسجد کی تنگ گلی میں سے ہر سال محرم اور ۷ اصفر کو شیعوں کا ماتمی جلوس گذرتا ہے۔ جس میں وہ مسجد کے دروازے پر سینہ کوبی وغیرہ کر کے ہنگامہ آرائی کرتے ہیں۔ ہمارا مطالبہ یہ ہے کہ ماتمی جلوس کے اس روٹ کو بالکل تبدیل کر دیا جائے۔ یا وہ مدنی مسجد کی گلی سے اپنا ماتمی جلوس بلا نوحہ و ماتم جلدی جلدی خاموشی سے گزار لیں۔ اس مطالبہ کی وجہ سے یکم محرم ۱۳۹۷ھ مطابق ۲۳ دسمبر ۱۹۷۷ء کو مجھے اور میرے فرزند قاضی محمد ظہور الحسین کو نظر بند کر دیا۔ اور پولیس کی نگرانی میں ماتمی جلوس کو وہاں سے گزار کر مسلمانان اہل سنت و الجماعت کے جذبات کو سخت مجروح کیا گیا۔[4]

جماعتی افراد کے لیے یہ بڑا مشکل مرحلہ تھا لیکن انہوں نے ہمت کر کے تحصیل چکوال میں قومی اسمبلی اور دو صوبائی اسمبلیوں کی سیٹ پر اپنے امیدوار تجویز کر لیے اور تحفظ اسلام پارٹی قائم کر کے اپنی جماعت کا انتخابی نشان سیب منظور کرا لیا۔ ۷ ا۔ صفر کو شیعوں کا ماتمی جلوس گذرنے کے

---

1 ۔ مظہر کرم جلد دوم، تاثرات ومشاہدات، ص ۳۵۷

2 ۔ نعیم الدین، حیات وخدمات حضرت قاضیؒ مظہر حسین، ص ۲۴

3 ۔ سلفی، عبدالجبار، مظہر کرم جلد دوم، تحفظ اسلام پارٹی اور قائد اہلسنت، لاہور: ادارہ مظہر التحقیق مارچ ۲۰۱۴ء، ص ۱۸

4 ۔ ایضا، ص ۴۳

بعد ۱۹۔ صفر مطابق ۸ فروری ۱۹۷۷ء کو ڈسٹرکٹ جیل جہلم سے ہمیں رہا کر دیا گیا۔ ہماری اس نظربندی کی وجہ سے انتخابی مہم میں رکاوٹ رہی۔ لیکن اس کے باوجود ہمارے کارکنان نے بھرپور طریقے سے انتخابی مہم میں حصہ لیا۔[1]

**تحفظ اسلام پارٹی کا منشور :**

حضرت قاضیؒ فرماتے ہیں کہ تحفظ اسلام پارٹی کے نام سے ثابت ہوتا ہے کہ اس جماعت کا بنیادی مقصد اسلام کی حفاظت ہے۔ خلافت راشدہ کی پیروی میں حکومت الٰہیہ کے لیے جدوجہد کرنا اس جماعت کا نصب العین ہے۔ ہمارا یہ ایمان ہے کہ حضور رحمت للعالمین خاتم النبیین حضرت محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنی معجزانہ تعلیم و تربیت سے حسب ارشاد خداوندی اپنے اصحابؓ کی تعلیم و تربیت فرمائی۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے انوار نبوت صلی اللہ علیہ وسلم سے صحابہ کرام کے قلوب منور ہوئے اور اس مقدس جماعت کی زندگیاں علم و عمل اور اخلاص و تقوی کا کامل نمونہ بن گئیں۔ اس لیے انفرادی اور اجتماعی ہر صورت میں صحابہ کرام مابعد کی امت کے لیے کامل نمونہ بنا دیئے گئے ہیں۔ زندگی کے ہر شعبہ میں اصولی طور پر سنت رسول صلی اللہ علیہ وسلم کے بعد اصحاب رسول کا نمونہ ہمارے لیے ایک اعلیٰ نمونہ ہے۔ چونکہ انسانوں کی اجتماعی حیات کے لیے نظام حکومت کا قیام ضروری تھا، اس لیے رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم کے بعد اللہ تعالیٰ نے جماعت صحابہ کو حکومت الٰہیہ قائم کرنے کی بھی توفیق دی اور نزول قرآن کے دوران ہی بطور پیشگوئی ان کو اپنی خلافت عطا کرنے کا وعدہ فرما دیا۔ چنانچہ سورۃ النور ۶ میں ارشاد فرمایا۔[2]

**وَعَدَ اللّٰهُ الَّذِينَ آمَنُوا مِنكُمْ وَعَمِلُوا الصَّلِحٰتِ لَيَسْتَخْلِفَنَّهُم فِي الْأَرْضِ كَمَا اسْتَخْلَفَ الَّذِينَ مِنْ قَبْلِهِمْ وَلَيُمَكِّنَنَّ هُمْ دِينَهُمُ الَّذِي ارْتَضَى۔**[3]

ترجمہ: تم میں سے جو لوگ ایمان لے آئے ہیں، اور جنہوں نے نیک عمل کئے ہیں، ان سے اللہ نے وعدہ کیا ہے کہ وہ انہیں ضرور زمین میں اپنا خلیفہ بنائے گا، جسطرح ان سے پہلے لوگوں کو بنایا تھا اور ان کیلئے اس دین کو ضرور اقتدار بخشے گا جسے ان کیلئے پسند کیا تھا۔

چونکہ اس آیت میں ان مومنین صالحین کو اپنا خلیفہ بنانے کا اللہ تعالیٰ نے وعدہ فرمایا ہے اور رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے بھی ان خلفائے راشدین کی پیروی کا تاکیدی حکم دیا ہے۔

**چنانچہ ارشاد نبوی ﷺ ہے:**

**عَلَيْكُمْ بِسُنَّتِي وَسُنَّةِ الخُلَفَاءِ الْمَهْدِيِّينَ الرَّاشِدِينَ ۔**[4]

ترجمہ: تم پر لازم ہے کہ میری سنت اور میرے خلفاء کی سنت اپنائے رکھنا، خلفاء جو اصحاب رشد و ہدایت ہیں۔

---

[1]۔ مظہر کرم جلد دوم، تحفظ اسلام پارٹی اور قائد اہلسنت ص ۴۴

[2]۔ ایضاً، ص ۴۶

[3]۔ سورۃ النور آیت ۵۵

[4]۔ سنن الترمذی، الجامع الصحیح، کتاب: الإيمانِ عَنْ رَسُولِ اللهِ صلى اللهم باب: مَا جَاءَ فِي افْتِرَاقِ هَذِهِ الأُمَّةِ، رقم الحدیث: ۲۶۴۱

سورہ النور کی مذکورہ آیت اور حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی مندرجہ بالا حدیث مبارک سے صراحتاً ثابت ہو گیا کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے بعد خلفائے راشدینؓ ہوں گے جن کی پیروی لازمی ہو گی۔ انہیں خلفائے راشدینؓ کی خلافت کو خلافت راشدہ کہا جاتا ہے۔ اگر خلافت راشدہ کی پیروی میں کوئی نظام حکومت قائم ہو گا اور خلفائے راشدینؓ حضرت ابو بکر صدیقؓ، حضرت عمر فاروقؓ، حضرت عثمانؓ ذوالنورین اور حضرت علیؓ المرتضی کے برحق ہونے کی نشاندہی کی جائے گی تو اس کو اسلامی حکومت اور حکومت الہیہ سے تعمیر کیا جاسکتا ہے ورنہ نہیں۔ اس بنا پر قومی اتحاد کے منشور پر ہم نے اعتراض کیا ہے کہ اگر وہ دیانتداری سے اسلامی نظام اور قرآن وسنت پر مبنی حکومت الہیہ کا قیام چاہتے ہیں تو پھر صحابہ کرام اور خلفائے راشدینؓ کا تذکرہ کیوں نہیں کیا گیا جن کی پیروی میں ہی حکومت الہیہ قائم ہو سکتی ہے کیا اس منشور میں قومی اتحاد نے خلفائے راشدینؓ کی اہمیت کو نظر انداز کر دیا۔ جس وجہ سے اختلاف پیدا ہوا۔ یہاں یہ بھی بات ملحوظ خاطر رہے کہ تحریک خدام اہل السنت خلافت راشدہ اور حق چار یار کی گونج کو جو سارے ملک میں پھیلانے کی کوشش کر رہی ہے وہ بھی اسی اہمیت پر مبنی ہے کہ مسلمان خلفائے راشدینؓ کے اس شرعی مقام سے واقف ہو جائیں، اور حق کی پرچار کر سکیں۔ [1]

[1]۔ مظہر کرم جلد دوم، تحفظ اسلام پارٹی اور قائد اہلسنت، ص ۴۷

## فصل دوم: قاضی مظہر حسینؒ کی تبلیغ دین اور قید وبند کی صعوبتیں

### قاضی مظہر حسینؒ کا تبلیغی دورہ:

حافظ محمد مسعود صاحبؒ مقیم مدینہ المنورہ فرماتے ہیں۔ کہ بڑے بھائی حضرت مولانا حکیم حافظ محمد طیب صاحبؒ نے کئی بار یہ واقعہ سنایا کہ ایک دفعہ قاضی صاحبؒ کے ساتھ علاقہ میں تبلیغی دورہ میں میں بھی ساتھ تھا۔اس وقت پیدل سفر ہوتا تھا۔ قاضی صاحبؒ آگے آگے چل رہے تھے۔ فاصلہ کافی ہو گیا، حضرت ہی آگے پہنچ کر کھڑے ہو گئے۔ جب میں پہنچا تو حضرت نے بڑے عجیب انداز میں فرمایا۔ حافظ صاحب! حضور ﷺ کی یہ امت جو دیہاتوں میں پڑی ہوئی ہے کل قیامت کے دن سوال نہ کرے گی کہ ہمیں کوئی دین سنانے کے لیے آیا ہی نہ تھا۔؟ بھائی فرماتے تھے کہ قاضی صاحبؒ نے یہ بات کچھ اس انداز سے فرمائی کہ مجھے پسینہ آگیا۔ قاضی صاحبؒ کی ساری زندگی دین کی تبلیغ میں گزری۔ حق بات کہنا اور حق کے لیے لڑنا آپ کا خاص امتیاز تھا۔اس بارے میں کسی قسم کی مداہنت کا وہ کبھی شکار نہیں ہوئے۔ نہ وقت کی مصلحتوں نے ان کو اظہار حق سے روکا۔[1]

### موضع بھیں میں وقوعہ:

قاضی صاحبؒ تحریر فرماتے ہیں۔ دار العلوم دیوبند سے تعلیم مکمل کرنے کے بعد میں اپنے آبائی گاوں بھیں تحصیل چکوال ضلع جہلم (موجودہ ضلع چکوال) میں ہی مقیم رہ کر وقتاً فوقتاً سنی دیوبندی مسلک کی تبلیغ کیلئے علاقہ بھر میں جلسے کرتا رہا۔ علاقہ اکابر دیوبند سے آشنا نہ تھا۔ رفض وبدعت کے اثرات پھیلے ہوئے تھے۔ چکوال شہر میں بھی صرف چند گنے چنے افراد اکابر دیوبند سے عقیدت رکھتے تھے۔ جلسوں کے ذریعے عوام اکابر دیوبند کے مسلک حق کو سمجھنے لگ گئے تھے۔ کہ اچانک اپنے گاؤں میں ایک متنازعہ مکان کے بارے میں لڑائی ہو گئی۔ مخالف فریق کا سرغنہ ایک چوہدری تھا جو اہل تشیع سے تعلق رکھتا تھا۔ چوہدری صاحبان کے ساتھ قرابت داری کی وجہ سے دوسرے گاؤں کا ایک قد آور لڑاکا سنی نوجوان بھی ان کی حمایت میں آگیا۔ اس نے مجھ پر حملہ کرنے میں پہل کی، جس سے میں زخمی ہو گیا لیکن میری دفاعی ضرب سے وہ شدید زخمی ہو کر بھاگ نکلا۔ مخالف فریق کے چند اور ساتھی سرغنہ سمیت بھاگ گئے اس کا زخم چونکہ شدید تھا اسکو لوگ تین چار میل دور فاصلہ پر تھانہ ڈوہمن کے ہسپتال میں لے گئے اور وہ وہاں انتقال کر گیا۔ اللہ تعالیٰ مغفرت فرمائیں۔[2]

### دفعہ ۳۰۲ کے تحت مقدمہ اور گرفتاری:

قاضی مظہر حسینؒ فرماتے ہیں مجھے دفعہ ۳۰۲ کے تحت ساتھیوں سمیت گرفتار کیا گیا۔ مخالفین نے مقتول مرحوم سے جب وہ زندہ تھا بیان دلوادیا کہ اس کو میرے بڑے بھائی مولوی منظور حسین نے قتل کیا ہے۔ حالانکہ وہ اس لڑائی میں موجود ہی نہیں تھے باہر کھیت میں گئے ہوئے تھے۔ میرے متعلقین میں سے ملک ستار محمد مرحوم اور ملک فتح محمد مرحوم کے بڑے بھائی ملک محمد اکبر مرحوم کا نام بھی مخالفین نے لکھوادیا۔ حالانکہ وہ لڑائی میں شامل ہی نہیں تھے۔ ہم پر دفعہ ۳۰۲ کے تحت قتل کا مقدمہ چلا اور بالآخر ہم چاروں کو سیشن جج جہلم نے عمر قید کی سزا سنائی۔ اور اس وقت عمر قید کے سزا یافتہ کو ۲۰ سالہ قیدی تصور کیا جاتا تھا۔ جس میں سے ۱۴ سالہ قید بامشقت کاٹنی پڑتی تھی۔[3]

---

[1]۔ مظہر کرم جلد دوم، تاثرات ومشاہدات، ص ۴۸

[2]۔ روئیداد، ص ۴۲

[3]۔ ماہنامہ حق چار یار، ص ۱۳۶

### انگریز دور حکومت اور جیل میں اذان پر پابندی :

۳۰۲ کے قتل کیس کے فیصلے کے بعد رات کو ہی سزا یافتہ لوگوں کو پولیس گاڑی جہلم جیل سے سنٹرل جیل لاہور لے گئی۔ سنٹرل جیل لاہور میں بھی قاضی مظہر حسینؒ نے اذان دینا شروع کر دی۔ اور آپ کی ترغیب سے چار پانچ اور قیدیوں نے بھی اذان دینی شروع کر دی۔ انگریزی دور میں بیس سالہ قیدیوں کو ایک بیرک میں نہیں رکھتے تھے۔ ان کو روزانہ اڑدی لگتی تھی۔ یعنی شام کو دوسری بیرک میں بھیج دیا جاتا۔ فیصل آباد کے ایک دس سالہ قیدی صوفی نور محمد تھے۔ وہ بیرک نمبر ۱۶ میں ہی رہتے تھے۔ ایک رات جب اڑدی اس بیرک میں تھی صوفی موصوف نے صبح کی اذان دی تو اس سرکل کے اسٹنٹ کی طرف سے ایک قیدی نمبر دار آیا اور دریافت کیا کہ اذان کس نے دی ہے؟ ڈپٹی بلا رہے ہیں۔ صوفی نور محمد نے کہا کہ میں نے دی ہے نمبر دار نے اس کو ساتھ لیا تو قاضی صاحبؒ بھی اس کے ساتھ چل پڑے۔ اسٹنٹ ایک سکھ تھا۔ اس نے صوفی نور محمد سے کہا کہ تم نے اذان کیوں دی ہے یہ جیل ہے۔ اس پر قاضیؒ نے اسٹنٹ سے کہا کہ ہم مسلمان ہیں اور جیل میں آئے ہیں۔ تو ایمان ڈیوڑھی میں نہیں چھوڑ آئے۔ بلکہ ساتھ لائے ہیں۔ اس پر وہ آگ بگولا ہو گیا اور کرسی پر بیٹھے بیٹھے اس نے آپ پر ہاتھ اٹھانے کا ارادہ کیا لیکن کانپ گیا۔ اللہ تعالیٰ نے اس کو ہمت نہ دی ورنہ اگر ہاتھ اٹھا تا تو آپ بھی مقابلے کیلئے تیار تھے۔[1]

### جیل سپرنٹنڈنٹ سے مکالمہ:

جیل میں جب چار پانچ بیرکوں میں اذانیں شروع ہو گئیں تو جیل انتظامیہ میں بھی ہلچل مچ گئی۔ ہفتہ میں باری باری قیدیوں کی پریڈ ہوتی۔ اور سپرنٹنڈنٹ دورہ پر آتا تھا، ایک دن آپ کی بیرک میں دورہ تھا تمام قیدی قطار میں بیٹھے ہوئے تھے، اس کے آنے پر سب کھڑے ہو گئے۔ جیل کے ٹکٹ ہاتھ میں پکڑ لئے اس ٹکٹ پر قیدی کا نام اور قید کی دفعات وغیرہ درج ہوتی تھیں۔ قاضی صاحبؒ فرماتے ہیں کہ میں نے دیکھا کہ جیل کا ایک اہلکار سپرنٹنڈنٹ کو میری طرف اشارہ کر کے میری نشاندہی کر رہا ہے۔ جب سپرنٹنڈنٹ آپ کے پاس پہنچا تو آپ کا ٹکٹ لے لیا اور اس پر آپ کے مقدمہ کی دفعہ ۳۰۲ لکھی ہوئی تھی۔ فوراً اس نے کہا کہ تو بڑا مذہبی بنا ہوا ہے حالانکہ تم نے قتل کیا ہے۔[2] سپرنٹنڈنٹ جیل نے یہ آیت پڑھی۔

وَ مَنْ يَّقْتُلْ مُؤْمِنًا مُّتَعَمِّدًا فَجَزَآؤُه جَهَنَّمُ خٰلِدًا فِيْهَا ۔[3]

ترجمہ: جو شخص کسی مومن کو جان بوجھ کر قتل کر دے اس کی سزا جہنم ہے جو برا ٹھکانہ ہے۔

قاضیؒ نے نصرت الٰہی سے جواباً کہا کہ یہ قتل عمداً نہیں اور آیت پڑھی۔

فَوَكَزَهُ مُوْسٰى فَقَضٰى عَلَيْهِ ۔[4]

ترجمہ: حضرت موسیٰ علیہ السلام نے ایک قبطی کو مکہ مارا اور اس کی جان نکل گئی۔

قاضی صاحبؒ نے فرمایا کہ اس میں حضرت موسیٰ علیہ السلام کا ارادہ قتل کرنے کا نہ تھا۔ یہ جواب سن کر پریشان ہو گیا اور اہلکاروں سے کہا کہ پریڈ کے بعد اس کو میرے دفتر میں لے آؤ۔ چنانچہ دورہ ختم ہونے پر وہ آپ کو جیل کی ڈیوڑھی میں لے گئے تو اس نے آپ کو دفتر میں بلا کر کہا کہ یہ جیل

---

[1] ۔ ماہنامہ حق چاریارؓ، ص ۱۳۹

[2] ۔ ایضاً ص ۱۳۹

[3] ۔ سورۃ النساء آیت ۹۳

[4] ۔ سورۃ القصص آیت ۱۵

ہے۔اذان ممنوع ہے۔آپ نے فرمایا۔یہ شریعت کا حکم ہے میں نہیں چھوڑ سکتا۔اس پر قادیانی سپر نٹنڈنٹ لاجواب ہوگیا۔اور اہلکاروں سے کہا انہیں یہاں سے نکال دو۔نکال دو۔چنانچہ اہلکار آپ کو واپس بیرک میں لے گئے۔اور آپ نے اذانیں دینی بدستور جاری رکھیں۔قاضیؒ نے چکیوں میں بندش اور بیڑیاں برداشت کرلیں لیکن جب تک جیل میں رہے پانچوں وقت جیل میں اذان کی آواز گونجتی رہی۔[1]

**لاہور جیل سے سنٹرل جیل ملتان:**

لاہور جیل سے سب اذان دینے والوں کو ہتھکڑیاں اور بیڑیاں لگاکر سنٹرل جیل ملتان بھیج دیا گیا،اور آپ کو وہاں کے سپرنٹنڈنٹ کے پاس پیش کیا گیا وہ بڑا سخت گیر تھا۔آپ کے جیل کے ٹکٹ پر میٹریکولیٹ لکھا ہوا تھا۔تو اس کو شک پڑ گیا۔اس نے کہا کہ سنٹرل جیل لاہور کے پریس میں کام کرنے کے لئے گورنمنٹ نے ہم سے متعدد تعلیم یافتہ قیدی مانگے ہیں۔پھر تم کو وہاں سے یہاں کیوں بھیجا؟آپ نے واضح کیا کہ میں اذان کہتا تھا۔اس لئے انہوں نے وہاں سے مجھے یہاں بھیج دیا۔اور اس نے کہا یہ جیل ہے،ترغیب بھی دی اور ترہیب بھی۔لیکن آپ نے صاف طور پر کہ دیا کہ یہ اسلام کا حکم ہے۔میں چھوڑ نہیں سکتا۔اس نے آپ کے ٹکٹ پر لکھ دیا کہ اس کو چکیوں میں بند کر دیا جائے اور روزانہ پ ۱۲ سیر گہیوں روزانہ پینے کی مشقت لکھ دی۔اس پر اہل کار آپ کو چکیوں میں لے گئے۔رات وہاں گزاری اور صبح پینے کیلئے ۱۲ سیر گندم کے دانے آگئے۔[2]

**جیل میں نصرت خداوندی:**

جس وقت آپ اذان کے سلسلہ میں سپرنٹنڈنٹ سے بات کر رہے تھے تو وہاں ہی ساتھ والی کرسی پر ایک قد آور جوان اسٹنٹ بیٹھے ہوئے تھے جن کو مہر کہتے تھے۔ان کی ڈیوٹی چکیوں میں تھی۔ان کو آپ سے ہمدردی پیدا ہوگئی۔تو انہوں نے ڈاکٹر سے مل کر بجائے چکی پینے کے مشقت چرخہ کاتنا لگادیا اور آدھ سیر دودھ بھی لگوادیا،گرمیوں کا موسم تھا۔تقریباً ایک ماہ وہاں چکیوں میں شب و روز گزارے،اور اچانک سنٹرل جیل لاہور منتقل ہونے کا آرڈر آگیا۔اور سنٹرل جیل لاہور پہنچنے پر آپ کو چکیوں میں بند کر دیا گیا۔[3]

**لاہور جیل سے سنٹرل جیل راولپنڈی منتقلی:**

قاضی صاحبؒ نے وہاں بھی اذان دی تو چند دنوں کے بعد آپ کو سنٹرل جیل راولپنڈی منتقل کر دیا گیا۔چونکہ آپ کے ٹکٹ پر قصوری لکھا ہوا تھا۔اس لئے سنٹرل جیل راولپنڈی میں بھی آپ کو چکیوں میں ہی رکھا اور مسلسل اڑھائی سال چکیوں میں رہے۔فرماتے تھے کہ میں نے دو ہفتے چکی بھی پیسی اور جب مجھے چرخہ کاتنے کی ہلکی مشقت دی گئی تو اس دوران مجھے چرغہ پر سوت کاتنے کا اچھا تجربہ ہوگیا۔فرماتے تھے کہ میں نے اڑھائی سال تارے نہیں دیکھے۔کیونکہ قصوری میں بند قیدیوں کی چکیاں عصر کے وقت بند کر دی جاتی ہیں اور صبح دیر سے کھولی جاتی ہیں۔[4]

## جیل کی تکالیف میں عزیمت پر عمل:

مذہبی اور سیاسی قائدین اور لیڈروں کا امتحان اس وقت شروع ہوتا ہے جس وقت وہ جیل میں جاتے ہیں۔اور تاریخ گواہ ہے کہ بڑے بڑے گرجنے اور برسنے والے نام نہاد لیڈر اور کاغذی شیر جب جیل میں گئے تو جیل کے قوانین کے پابند ہو کر رہ گئے اور دل کے دورے پڑنے لگے۔اور قید

---

[1]۔ ماہنامہ حق چاریارؓ،ص۱۳۹

[2]۔ روئیداد،ص۴۶

[3]۔ ایضاً ص۴۶

[4]۔ ایضاً ص۴۶

تنہائی کا رونا رونے لگے۔ لیکن علوم نبوت کے وارث اور حق گو علماء کرام نے ہمیشہ مظلوم اور محکوم قوموں کو آزادی دلانے کیلئے اعلائے کلمۃ اللہ بلند کرتے ہوئے قید و بند اور بیڑیوں کی صعوبتوں کو سنت یوسفی سمجھتے ہوئے بخوشی قبول کیا۔ انہی علمائے حق کے قافلے کے ایک فرد قاضی مظہر حسینؒ تھے۔ آپ کو لاہور، ملتان اور راولپنڈی کی جیلوں میں قصوری چکیوں میں بیڑیاں پہنا کر رکھا گیا۔ آپ اللہ کے فضل سے ہمیشہ ثابت قدم رہے۔ ثابت قدمی کو دشمنوں نے بھی سراہا۔[1]

**جیل میں ہندو لیڈر دت کا قاضی مظہر حسینؒ سے متاثر ہونا:**

مشہور سیاسی لیڈر محمد خان بالم نے بتایا کہ جن دنوں قاضی مظہر حسینؒ لاہور جیل میں قید تھے۔ ان دنوں وہ بھی ایک کیس میں لاہور جیل میں تھے۔ وہاں ایک ہندو مشہور لیڈر دت نامی بھی قید تھا۔ اور اس کو ایک کیس میں سزائے موت کا حکم سنایا گیا۔ محمد خان بالم نے بتایا کہ ان دنوں ملک کے مشہور صحافی آغا شورش کاشمیری بھی لاہور جیل میں تھے۔ وہ اور چند دوسرے مسلمان قیدی "دت نامی لیڈر سے ملے اور اس کو اسلام قبول کرنے کیلئے کہا۔ اس نے کہا کہ میں نے اسلام کا مطالعہ کیا ہے اور قرآن بھی پڑھا ہے لیکن میری چند مجبوریاں ہیں جن کی بناء پر میں اسلام قبول کرنے کا اعلان نہیں کر سکتا۔ البتہ میں نے حضرت عمر فاروقؓ کی سیرت کو پڑھا ہے۔ اگر میں نے اسلام قبول کیا تو حضرت عمر فاروقؓ والا اسلام لاؤں گا۔ آپ والا اسلام نہیں کیونکہ تمہاری زندگیوں میں اسلام پر عمل نہیں۔[2]

شورش کاشمیری وغیرہ مسلمانوں نے دوسرا سوال دت سے یہ کیا کہ دت آپ نے بڑی بڑی جیلیں کاٹی ہیں۔ اور بڑے بڑے قیدی دیکھے ہیں۔ کیا آپ نے کوئی ایسا قیدی بھی دیکھا ہے جس سے آپ متاثر ہوئے ہوں۔ دت نے کہا، ہاں ایک قیدی ایسا دیکھا ہے کہ جس سے میں متاثر ہوا ہوں۔ اس کی جرات اور اس کی خودداری نے مجھے متاثر کیا ہے اور ان دو چیزوں میں، ان کو میں اپنے سے بڑھ کر دلیر سمجھتا ہوں۔ ہم نے کہا کہ وہ کون ہے؟ تو دت نے کہا وہ مولوی مظہر حسینؒ جہلمی ہے۔ دت نے کہا کہ ہم بڑے دلیر بنتے ہیں۔ لیکن جیل میں آکر جیل قوانین کے پابند ہو کر رہ جاتے ہیں۔

مولوی مظہر حسینؒ جہلمی نے جیل کے قوانین کو توڑتے ہوئے اذان دی۔ اور آج تک دے رہا ہے۔ چکیوں میں بند ہے لیکن اذان کی آواز آرہی ہے۔ میں اس کی جرات اور دلیری کو دیکھ کر ان کو اپنے سے اوپر سمجھتا ہوں۔ دوسرا اس کی خودداری سے متاثر ہوں۔ ہم جیل میں آتے ہیں تو ہماری کمزوریاں ہم کو دوسروں سے چیزیں مانگنے پر مجبور کرتی ہیں۔ مثلاً سگریٹ کی عادت ہے تو اس عادت سے مجبور ہو کر لوگوں سے سگریٹ مانگتے ہیں۔ لیکن میں نے آج تک قاضی مظہر حسینؒ کو کسی سے کوئی چیز مانگتے ہوئے نہیں دیکھا۔ یہ اس کی خودداری ہے۔ ان دو چیزوں کی وجہ سے میں اس کو اپنے سے اوپر سمجھتا ہوں۔[3]

محمد خان بالم نے یہ باتیں قاضی صاحبؒ کو سنا کر کہا کہ آپ نے تو حضرت کی باہر والی زندگی دیکھی ہے اور ہم نے جیل کی زندگی کے حالات اور دت نامی ہندو لیڈر کے تاثرات سنا دیئے ہیں۔ محمد خان بالم نے بتایا کہ دت ہندوؤں کا وہ لیڈر تھا کہ اس کی ملاقات پر ہندو اس کے پاؤں سے مٹی لگا کر

---

[1]۔ **ماہنامہ حق چاریار**، ص۱۴۰

[2]۔ روئیداد، ص۴۸

[3]۔ ایضاً ص۴۸

تبرک کے طور پر لے جاتے تھے۔اور جب ہندوستان کی تقسیم ہوئی تو بھارت کی حکومت نے جو پہلا قیدی حکومت پاکستان سے مانگا وہ دت تھا۔اور بھارت کا وزیر اعظم شاستری جب دت کی ملاقات کیلئے آتا تو جوتے اتار کر ادب سے آتا تھا۔[1]

### قید و بند کی صعوبتیں کے بعد رہائی:

۱۲ جون ۱۹۴۱ء مطابق ۱۶ جمادی الاولی ۱۳۶۰ھ بروز جمعرات ۳۰۲ کے اس مقدمہ قتل میں آپ گرفتار ہوئے اور ۴ ماہ ۲۸ دن کی حوالات اور ۷ سال ۵ ماہ ۶ دن کی قید کی صعوبتیں برداشت کر کے سنٹرل جیل لاہور سے آپ ۲۶ اپریل ۱۹۴۹ء مطابق ۲۶ جمادی الثانی ۱۳۶۸ھ بروز منگل رہا ہوئے۔رہائی کے بعد چار پانچ دن لاہور میں حضرت مفتی محمد حسین خلیفہ مجاز حکیم الامت حضرت اشرف علی تھانوی" بانی جامعہ اشرفیہ لاہور کی خدمت میں رہنے کے بعد براستہ مندرہ صبح راولپنڈی سے چکوال آنے والی ریل گاڑی پر سوار ہو کر ڈھڈیال یا چک نورنگ ریلوے اسٹیشن پر اتر کر اچانک دس بجے کے قریب گھر پہنچے۔دوران قید والدہ صاحبہ اور والد اور بڑے بھائی غازی منظور حسین شہید اور کئی عزیز واقارب فوت ہو چکے تھے۔ لیکن حسین کے مظہر کا صبر واستقلال دیدنی رہا۔ تقریباً آٹھ سالہ اسارت کے عرصہ میں مجھے یاد نہیں کہ قیدی ہونے کی حیثیت سے مجھے کوئی پریشانی لاحق ہوئی ہو۔[2]

### درس وتدریس کا سلسلہ:

### موضع بھیں (آبائی گاوں) میں درس قرآن:

۲۶ اپریل ۱۹۴۹ء مطابق ۲۶ جمادی الثانی ۱۳۶۸ھ کو سنٹرل جیل لاہور سے رہا ہو کر جب چار پانچ دن کے بعد بھیں پہنچے تو اپنے محلہ کی مسجد زمینداراں کا نام بدل کا خلیفہ ثانی مراد رسول سیدنا فاروقؓ اعظم کی نسبت سے فاروقی مسجد رکھا اور نماز فجر کے بعد درس قرآن کا سلسلہ باقاعدگی سے شروع کر دیا۔ عشاء کی نماز پڑھ کر نمازیوں سے نماز سنتے۔الفاظ کی تصحیح کراتے اور ساتھ ساتھ ترجمہ بھی یاد کراتے۔اور نمازیوں کی حاضری لگاتے اور جو موجود نہ ہوتا تو دوسرے دن جا کر پتہ کرتے کہ کیوں نہیں آئے۔[3]

### موضع بھیں جامع مسجد میں خطابت:

جمعہ کی نماز مرکزی جامع مسجد اہل سنت میں پڑھاتے اور مختلف موضوعات پر تفصیل سے بیان فرماتے۔ جس میں توحید، رسالت، مقام صحابہ واہل بیت -اعمال صالحہ مروجہ بدعات اور رسم ورواج کو چھوڑنے اور صحابہ کرام کے نقش قدم پر چلنے کی تاکید فرماتے۔اور علاقہ کے دیہات میں تبلیغی جلسوں کے پروگرام کا سلسلہ شروع کر دیا۔ جس کی وجہ سے لوگ دین کی طرف راغب ہونا شروع ہو گئے۔ مسجدیں آباد ہوئیں۔ ورنہ بعض علاقے ایسے بھی تھے کہ کئی کئی مسجدوں کا امام صرف ایک ہوتا تھا اور عقائد کی یہ حالت تھی کہ مرید سنی اور پیر شیعہ ہوتے تھے۔[4]

### مدرسہ عربیہ اظہار الاسلام بھیں کی بنیاد:

آبائی گاؤں بھیں میں فاروقی مسجد کے شمالی جانب متصل ہی جگہ لے کر ایک کمرہ اور ساتھ کمرے کی شکل میں ایک بڑا برآمدہ اور ایک باورچی خانہ بنوایا گیا اور ساتھ ہی دو حجرے فاروقی مسجد کے تھے جن میں۔ شعبان ۱۳۷۱ھ مطابق کی ۱۹۵۲ء میں مدرسہ عربی اظہار الاسلام بھیں کی

---

[1] ۔ روئیداد، ص ۴۹

[2] ۔ ماہنامہ حق چار یارؓ، ص ۱۴۷

[3] ۔ ایضاً ص ۱۴۷

[4] ۔ ایضاً ص ۱۴۷

بنیاد رکھی۔اور پہلے مدرس امیر زمان مقرر کئے گئے۔ موصوف ۲۳ محرم ۱۳۷۲ھ مطابق ۱۲اکتوبر ۱۹۵۲ءتک رہے۔اور اسکے بعد عزیز الرحمٰن کوہاٹی نے ۲۸ محرم ۱۳۷۲ھ مطابق ۱۸اکتوبر ۱۹۵۲سے لیکر ۲شعبان ۱۳۷۲ھ مطابق ۱۷اپریل ۱۹۵۳، تک تدریس کی۔ان کے بعد حضرت خلیل الرحمٰن ہزاروی کا تقرر ہوا۔ موصوف چھ سال ۱۹۵۹ءتک رہے۔[1]

## چکوال شہر میں درس قرآن کی ابتداء:

۱۹۴۹ءمیں رہائی کے بعد شہر چکوال میں دینی درس گاہ کے قیام کے سلسلہ میں شہری احباب سے قاضی صاحبؒ رابطے ہوئے اور عبدالوحید حنفی کے والد صوفی عبدالرشید مرحوم جو کہ مرکزیہ امدادیہ مسجد پنڈی روڈ چکوال کے متولی تھے ان سے ملاقات کی۔ شہر کے دیگر احباب حاجی احمد حسین صاحب۔ میاں کرم الٰہی مجاہد راجہ بوستان صاحب۔ صوبیدار غلام حسن اوڈھروال چوہدری گل شیر خان چکوال سے بھی ملاقاتیں کیں۔اور شہر چکوال میں مرکز قائم کرنے اور مدرسہ قائم کرنے کی ترغیب دی۔

چنانچہ آپ کی ترغیب پر ۲۹ فروری ۱۹۵۲ء مطابق ۲ جمادی الثانی ۱۳۷۱ھ بروز جمعہ دارالعلوم حنفیہ کے نام سے مدرسہ کی ابتداء کی اور بچوں کی تعلیم کیلئے ایک مدرس مقرر کئے۔اور جمعہ کاافتتاح مرکزیہ امدادیہ مسجد چکوال میں کیا۔ بروز جمعہ مارچ ۱۹۵۲ء کو مرکزیہ امدادیہ میں تقریر قاضی مظہر حسینؒ نے کی۔ آپ نے قیام بھی صوفی عبدالرشید کے پاس مرکزیہ امدادیہ مسجد میں ہی کیااور ۸مارچ کو صبح کی نماز بھی قاضی صاحبؒ نے ہی پڑھائی اور درس قرآن بھی دیا۔ پھر ۹مارچ اور ۱۰مارچ کو بھی درس قرآن دیا۔اس طرح درس قرآن کیلئے مرکزیہ امدادیہ مسجد چکوال کاکام شروع ہوا۔[2]

---

1۔ ماہنامہ حق چاریارؓ، ص ۱۴۸

2۔ روئیداد، ص ۵۳

## فصل سوم: قاضی مظہر حسینؒ کی تصانیف، اساتذہ اور تلامذہ:

### تصانیف و تالیف:

قاضی صاحبؒ کو تحریکی و تقریری اور سیاسی و تدبیری صلاحیتوں کی طرح تصنیفی شغل بھی موروثی طور پر ودیعت ہوا تھا، تاہم اپنے والد گرامی ابو الفضل قاضی محمد کرم الدین دبیر رحمہ اللہ کی تحریر میں جو ادبی چاشنی کا عنصر نظر آتا ہے، وہ قائد اہل سنت اللہ کی تحریروں میں نظر نہیں آتا، اور یہ کوئی عیب کی بات نہیں ہے بلکہ فی الحقیقت یہ ایک خوبی اور کمال ہے جو مفکرانہ دماغ رکھنے والے لوگوں میں سے بہت کم مفکرین میں پایا جاتا ہے۔ جس شخص کے پیش نظر امت کی اصلاح، فتنوں کا تعاقب، اور اپنے کاز و نظریہ کی تشہیر و ترویج کا جذبہ ہو اس کے پاس ایسی نزاکتوں کے لیے وقت کی گنجائش کہاں نکل سکتی ہے۔

قاضی صاحبؒ نے ایک فکری محاذ پر رہتے ہوئے جس سادگی اور خوبصورتی کے ساتھ اپنے خطابات اور بیانات کو ذریعہ بنایا تھا وہی سادگی و خوبی آپ کی تحریر کے اندر بھی نمایاں تھی، حکیم الامت حضرت اشرف علی تھانوی کا ملفوظ تھا کہ اصلاح احوال اور عقائد و نظریات کا پرچار کرنے والا تصانیف و تالیف کے میدان میں تصنیفی اصولوں کی پاسداری نہیں کر سکتا۔ تاہم قائد اہل سنت کی کتابوں میں اخلاقیات تحریروں میں روانی و آسانی، معلومات کی فراوانی اور شائستگی انتہادرجہ کی ہوتی تھی۔ یہی انداز آپ رحمہ اللہ کا تصانیف میں بھی ہے۔ تاہم مناظرانہ و تقابلی انداز میں کسی قدر تلخی یا سخت بیانی کا در آنا ایک امر فطری طبعی ہے۔

قاضی صاحبؒ نے جس دور میں حالات کے تقاضوں کے پیش نظر جو ضرورت محسوس کی، اسی ضرورت کو پورا کرنے کے لیے قلم اٹھایا اور اس کی لاتعداد دلیلوں میں سے ایک ثبوت یہ بھی ہے کہ اپنی کسی کتاب کے آئندہ یا متعدد ایڈیشن شائع کرنے کا شوق آپ کو کبھی نہیں رہا۔ یہی وجہ ہے کہ بظاہر محدود و مقید جغرافیائی حدوں میں رہتے ہوئے کام سرانجام دینے کے باوجود آپ کی موثر جد وجہد نے فرقہ ہائے باطلہ کی چولیں ہلا کر رکھ دیں اور علمی و دینی اور فکری حلقوں میں کوئی حلقہ و مقام ایسا نہیں جہاں آپ کے نام اور کام کے زمزمے سنائی نہ دیتے ہوں۔ [1]

### آپ کی چند معروف کتب درج ذیل ہیں:۔

۱۔ مودودی جماعت کے عقائد و نظریات پر ایک تنقیدی نظر

۲۔ صحابہ کرام اور مودودی

۳۔ علمی محاسبہ

۴۔ مودودی مذہب

۵۔ مودودی کے نام کھلی چٹھی

۶۔ مولانا سید گل بادشاہ کا فتوی اور مودودی جماعت

۷۔ کیا جماعت اسلامی شیعہ انقلاب چاہتی ہے۔

۸۔ کیا عورت صدر مملکت بن سکتی ہے؟ (جماعت اسلامی کی فاطمہ جناح کی حمایت کے تناظر میں۔

---

[1] ۔ مظہر کرم، ص ۱۹۸

۹۔ عقیدہ عصمت انبیاء اور مودودی

۱۰۔ جوابی مکتوب بنام قاضی حسین احمد

۱۱۔ میاں طفیل محمد کی دعوت اتحاد کا جائزہ

**اہل تشیع کے عقائد و نظریات پر تصانیف:**

۱۲۔ بشارت الدارین بالصبر علی شہادت الحسین اللہ

۱۳۔ ہم ماتم کیوں نہیں کرتے ؟

۱۴۔ سنی مذہب حق ہے۔

۱۵۔ ایک غیر منصفانہ فیصلہ

۱۶۔ دینی مدارس کے سنی، شیعہ طلبہ کا اتحادی فتنہ

۱۷۔ عقیدہ خلافت راشدہ اور امامت

۱۸۔ سنی، شیعہ متفقہ ترجمہ کا عظیم فتنہ

۱۹۔ یادگار حسین

۲۰۔ ایک خطرناک سازش

۲۱۔ تجلیات صداقت پر ایک اجمالی نظر

قادیانیت اور خارجیت کی رد میں تصانیف:

۲۲۔ قادیانی دجل کا جواب

۲۳۔ کشف التلبیس

۲۴۔ اعجاز الحق بجواب اظہار الحق

۲۵۔ مقدمہ بر تازیانہ عبرت

۲۶۔ مقدمہ بر آفتاب ہدایت

۲۷۔ خارجی فتنہ (حصہ اول

۲۸۔ خارجی فتنہ (حصہ دوم

۲۹۔ کشف خارجیت

۳۰۔ دفاع حضرت معاویہ

**سیاسی امور پر تصانیف:**

۳۱۔ خدام اہل سنت کا شرعی منشور

۳۲۔ تحفظ اسلام پارٹی کا انتخابی موق

۳۳۔ سنی تحریک الطلبہ کا سنی موقف

۳۴۔ خدام اہل سنت کی دعوت

۳۵۔ اصلاحی مکتوب بنام سید حامد میاں

۳۶۔ احتجاجی مکتوب بنام حضرت مفتی محمود

۳۷۔ سواد اعظم کے اہم سنی مطالبات

**متفرق عنوانات پر تصانیف:**

۳۸۔ حضرت لاہوری فتنوں کے تعاقب میں

۳۹۔ مشاجرات صحابہ اور راہ اعتدال

۴۰۔ صحابہ کرام اور پاکستان

۴۱۔ مکتوب مرغوب بنام مولانا سید نورالحسن شاہ بخاری

۴۲۔ عظمت صحابہ اور حضرت مدنی رحمہ اللہ

۴۳۔ مقدمہ بر مطرقۃ الکرامۃ علی مرآۃ الامامۃ

۴۴۔ مقدمہ بر تحفہ خلافت

۴۵۔ مقدمہ بر "المہند علی المفند

ہم ترتیب وار قاضی صاحبؒ کی اہم تصانیف کا تعارف اور ان پر اختصاراً تبصرہ پیش کرتے ہیں۔[1]

**مودودی اور جماعت اسلامی کے عقائد و نظریات پر تصانیف:**

**قاضی** مظہر حسینؒ نے مولانا سید ابوالاعلیٰ مودودی کے عقائد و نظریات کے رد میں کئی کتب و رسائل تحریر کئے ہیں۔ جن میں زیادہ تر نقد کی وجہ مودودی کی کتاب خلافت و ملوکیت بنی۔ اسی طرح مودودی کے چند خیالات اور انبیاء و صحابہ کے حوالہ سے مودودی کی وہ آراء جو اہل تشیع کے موقف کے قریب تھیں یہ بھی بنیادی وجوہات میں سے تھیں۔ جس کی وجہ سے قاضی مظہر حسینؒ نے سخت موقف اپنایا۔ آپ کی مودودی اور جماعت اسلامی کے نظریات کے خلاف لکھی گئی۔ ان کتب کا تعارف پیش خدمت ہے۔[2]

**صحابہ کرامؓ اور مودودی:**

۱۱۲ صفحات پر مشتمل یہ تصنیف متعدد مرتبہ زیور طبع سے آراستہ ہوئی۔ آخری مرتبہ اسے ادارہ حق چار یار نے ۲۰۰۰ء میں شائع کیا۔ قاضی صاحبؒ فرماتے ہیں: اہل سنت والجماعت کا یہ اجماعی عقیدہ ہے کہ انبیاء کرام علیہ کے بعد اولاد آدم میں حضور رحمتہ اللعالمین خاتم النبیین حضرت محمد رسول اللہ سے بلا واسطہ فیض یاب ہونے والے صحابہ کرام بھی تمام امتوں اور جماعتوں سے افضل ہیں۔ چنانچہ قرآن مجید میں ارشاد فرمایا: کنتم خیرامۃ الآیۃ۔ ابوالاعلیٰ مودودی نے گو صحابہ کرام کے فضائل و مناقب بھی بیان کیے ہیں۔ لیکن ان کے تنقیدی مزاج نے ان کو اعتدال پر قائم نہیں

---

[1] ۔ مظہر کرم، ص ۲۰۰

[2] ۔ حضرت نعیم الدین صاحب، حیات وخدمات۔ قاضی مظہر حسین، ۳۲ صفحات پر مشتمل مکتبہ قاسمیہ لاہور، ص ۲۳

رہنے دیا۔ اور اصحاب رسول کے بارے میں وہ بلا تامل کچھ اس طرح لکھ گئے ہیں۔ جس سے ان کی قرآنی عظمت مجروح ہوتی ہے اور اس سے شیعیت کا راستہ کھلتا ہے۔ صحابہ کرام اور مودودی میں اس کا مکمل ثبوت پیش کیا گیا ہے۔[1]

**کیا جماعت اسلامی شیعہ انقلاب چاہتی ہے:**

۱۹۸۶ء میں ۳۰ صفحات پر مشتمل یہ تحقیقی کتابچہ تحریک خدام اہل سنت کی طرف سے شائع ہوا۔ تھا۔ قاضی صاحبؒ فرماتے ہی جنرل ضیاء الحق نے جب صحابہ آرڈیننس جاری کیا۔ جس میں صحابہ کرام اور اہل بیت کی توہین کرنے پر تین ماہ تک کی قید کا اعلان تھا۔ تو اس کے جواب میں شیعوں نے مودودی کا ہی سہارا لیا۔ چنانچہ ہفت روزہ رضاکار میں لکھا: ملحوظ رہے کہ برادران اہل سنت کے نزدیک بھی صحابہ تنقید سے بالاتر نہیں۔ چنانچہ موجودہ دور کے جید سنی عالم مودودی مرحوم نے اپنی کتاب خلافت وملوکیت میں جابجا صحابہ پر تنقید فرمائی ہے۔[2]

**عقیدہ عصمت انبیاء اور مودودی:**

ادارہ حق چار یار کی طرف سے ۲۰۰۰ء میں آخری مقالہ شائع کیا گیا۔ قاضی صاحبؒ فرماتے ہیں کہ جماعت اسلامی کے بانی اور امیر اول ابو الاعلیٰ مودودی کے بعض ایسے عقائد و نظریات ان کی تصانیف سے پیش کرتے ہیں جو اہل سنت کے عقیدہ عصمت انبیاء کے خلاف ہیں۔[3]

**اہل تشیع کے عقائد و نظریات پر تصانیف:**

قاضی مظہر حسینؒ اہل روافض کے عقائد کے خلاف تیغ بے نیام تھے۔ آپ نے اپنے والد محترم کی طرح اہل روافض و بدعات کے خلاف علم جہاد بلند کئے رکھا اور ان کے عقائد و نظریات کے خلاف اہل سنت کے مؤقف کو دلائل کی روشنی میں عوام الناس کے سامنے رکھا۔ آپ نے شیعہ علماء و مجتہدین کے اعتراضات کا جواب علمی دلائل کے ساتھ ان ہی کی کتب سے دے کر رافضیت کے عقائد کا رد کیا۔

**بشارت الدارین بالصبر علی شہادت الحسین:**

کتاب "بشارت الدارین بالصبر علی شهادة الحسین علی، بجواب " فلاح الكونين في عزاء الحسين و اہل اسلام کی خدمت میں پیش کی جا رہی ہے۔ کتاب کا نام موضوع کی مناسبت سے ہے۔ یعنی "بشارت الدارین بالصبر علی شهادة الحسین" کا مطلب یہ ہے کہ جو مسلمان حضرت امام حسین رضی اللہ کی شہادت پر صبر اختیار کرے گا[4]۔ اس کے لیے دونوں جہانوں میں بشارت ہے۔

**ہم ماتم کیوں نہیں کرتے؟:**

۱۹۷۰ء کے عشرہ میں پہلی مرتبہ یہ کتاب شائع ہوئی۔ قاضی صاحبؒ یہ فرماتے ہیں کہ: شیعیان تلہ گنگ کی طرف سے گزشتہ ایام محرم میں ایک پمفلٹ بنام ہم ماتم کیوں کرتے ہیں؟" شائع کیا گیا۔ گو اس کے دلائل میں ایک چیز بھی ایسی نہیں جس سے مروجہ ماتم ثابت ہو سکے، لیکن چونکہ اس پمفلٹ میں قرآن مجید اور حدیث شریف وغیرہ کی بنیاد پر ماتم مروجہ کو عبادت قرار دینے کا دعویٰ کیا گیا ہے۔ جس سے ناواقف مسلمانوں کو

---

[1] ۔ قاضی مظہر حسین، عقیدہ صحابہ کرام اور مودودی، لاہور: ادارہ حق چار یار ۲۰۰، مدینہ بازار اچھرہ ۲۰۰۰

[2] ۔ قاضی مظہر حسین، جماعت اسلامی شیعہ انقلاب چاہتی ہے چکوال: تحریک خدام اہل السنت والجماعت ۱۹۸۲

[3] ۔ قاضی مظہر حسین، عقیدہ عصمت انبیاء اور مودودی، چکوال: ادارہ حق چار یار ۲۰۰۰

[4] ۔ قاضی مظہر حسین، بشارت الدارین بالصبر علی شہادت الحسین: لاہور: ادارہ مظہر التحقیق مارچ ۲۰۱۴

دھوکہ لگ سکتا ہے، اس لیے بعنوان ہم ماتم کیوں نہیں کرتے جوابی رسالہ کی اشاعت ضروری سمجھی گئی، اللہ تعالیٰ اہل اسلام کو راہ حق پر چلنے کی توفیق عطا فرمائے۔ یہ کتاب بھی متعدد بار شائع ہو چکی ہے۔[1]

**سنی مذہب حق ہے:**

تحریک خدام اہل سنت کی طرف سے ۱۹۷۸ء کو مذکورہ بالا کتاب شائع کی گئی۔ مصنف علیہ الرحمہ فرماتے ہیں: سنی مذہب حق ہے، دراصل ایک شیعہ مصنف عبدالکریم مشتاق کے ان دس سوالات کا جواب ہے جو راولپنڈی کے سید باقر حسین شاہ نے سید محمد یعقوب شاہ پھالیہ کے نام بذریعہ رجسٹری ارسال کئے تھے اور انہوں نے جواب کے لیے میرے پاس بھیج دیئے۔ میں نے مذکورہ دس سوالات کے جوابات مع اپنے تین سوالات کے باقر کو رجسٹری کر دیئے۔ جس کے بعد شیعہ مصنف عبدالکریم مشتاق کی ایک مطبوعہ کتاب ''ہزار تمہاری دس ہماری دستیاب ہوئی۔ جس کے آخر میں یہی زیر بحث دس سوالات لکھے ہوئے ہیں۔ جس سے معلوم ہوا کہ یہ دس سوالات پہلے سے شائع شدہ ہیں۔ اس لیے ان کے جواب میں بنام سنی مذہب حق ہے'' کی اشاعت کی ضرورت اور زیادہ محسوس کی گئی ہے۔ یاد رہے کہ اس کا جواب عبدالکریم مشتاق آنجہانی نے بنام شیعہ مذہب حق ہے لکھ کر شائع کیا تھا جس میں تبرا بازی تو خوب کی گئی ہے۔ مگر قاضیؒ کے دیئے گئے دلائل پر کوئی علمی تبصرہ نہیں کیا گیا۔[2]

**عقیدہ خلافت راشدہؓ اور امامت:**

ابتدائیہ تفصیلی مضمون مدرسہ عربیہ اظہار الاسلام کی سالانہ روئیداد میں ۱۹۸۸ء میں شامل اشاعت تھا، بعد میں اسے علیحدہ کتابی شکل دے دی گئی۔ قاضی صاحبؒ فرماتے ہیں: قرآن کے موعودہ خلفاء راشدینؓ چار ہیں اور وہی باقتضاء النص آیت تمکین اور آیت استخلاف کا مصداق ہیں۔ [3]

**سنی شیعہ متفقہ ترجمہ قرآن کا عظیم فتنہ:**

دسمبر ۱۹۸۷ء میں قاضی صاحبؒ کا یہ تحقیقی مقالہ منظر عام پر آیا۔ آپ فرماتے ہیں: ''اخبارات سے معلوم ہوا ہے کہ حکومت پاکستان نے اہل سنت اور اہل تشیع کے علماء کی مشترکہ کمیٹی مقرر کی ہے، جو قرآن مجید کا ایسا ترجمہ کریں گے جو اہل سنت والجماعت اور شیعہ دونوں کے لیے قابل قبول ہو، درحقیقت یہ ملت اسلامیہ کے لیے بہت زیادہ خطرناک ہے۔ کیونکہ مسلمانان اہل سنت اور شیعوں کے مابین نہ صرف فروعی بلکہ بنیادی اور اصولی اختلاف پایا جاتا ہے۔[4]

**یادگار حسین رضی اللہ عنہ:**

۱۹۷۸ء میں یہ تصنیف پہلی مرتبہ شائع ہوئی آپ فرماتے ہیں کہ: جب مروجہ افعال ماتم قرآن و حدیث کے ارشادات کے تحت حرام ہیں اور علمائے اہل سنت والجماعت بھی ہمیشہ ان کو حرام کہتے چلے آرہے ہیں تو ان ممنوع اور ناجائز افعال کے ذریعے حضرت امام حسین اور شہدائے کربلا کی یادگار منانا کتنا گناہ ہوگا۔ دراصل حسینی مشن کی صحیح یادگار یہ ہے کہ خلافت راشدہ اور حق چار یار کی گونج پاکستان میں پیدا کی جائے، یہی کلمہ اسلام لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ ﷺ کا صحیح تقاضا ہے۔[5]

---

[1] ۔ قاضی مظہر حسین، ہم ماتم کیوں نہیں کرتے؟ لاہور: ادارہ مظہر التحقیق مارچ ۲۰۱۴

[2] ۔ قاضی مظہر حسین، سنی مذہب حق، لاہور: ادارہ مظہر التحقیق، مارچ ۲۰۱۴

[3] ۔ قاضی مظہر حسین، عقیدہ خلافت راشدہ اور امامت، لاہور: ادارہ مظہر التحقیق، ۱۹۸۸

[4] ۔ قاضی مظہر حسین، سنی شیعہ متفقہ ترجمہ قرآن کا عظیم فتنہ، جہلم: مکتبہ حنفیہ ۱۹۸۷ء

[5] ۔ قاضی مظہر حسین، یادگار حسین۔: مکتبہ خلفائے راشدین، جولائی ۲۰۲۳

### ایک خطرناک سازش:

تاریخ پاکستان کے ایک سیاہ دن ۱۳، اکتوبر ۱۹۷۴ء کو سرکاری سکولوں میں وہ شیعہ نصاب دینیات بھی منظور کر لیا گیا جس میں اصلی کلمہ اسلام کے بجائے خود ساختہ کلمہ درج تھا۔ اس پر حضرت قائد اہل سنت بھی سراپا احتجاج بن گئے اور پاکستان میں تبدیلی کلمہ اسلام کی ایک خطرناک سازش'' کے عنوان سے یہ پمفلٹ لاکھوں کی تعداد میں تقسیم فرمایا۔[1]

### تجلیات صداقت پر ایک اجمالی نظر:

قاضی صاحبؒ کی یہ کاوش ۱۹۷۵ء میں منظر عام پر آئی، فرماتے ہیں میرے والد مرحوم محمد کرم الدین دبیر کی رد روافض و بدعت میں ایک مشہور تصنیف ''آفتاب ہدایت گزشتہ پچاس سال سے شائع ہے۔ حال ہی میں اس کا جواب شیعی علامہ مولوی محمد حسین ڈھکو نے لکھا ہے۔ جس کا نام تجلیات صداقت رکھا ہے۔ گو تجلیات صداقت دجل و فریب اور حق و باطل کے التباس اور کتمان حق کا ایک عجیب شاہکار ہے۔[2]

### قادیانیت اور خارجیت کے رد میں تصنیفی خدمات:

قاضی صاحبؒ اپنے والد کرم الدین دبیر کے نقش قدم پر چلتے ہوئے قادیانیت کے خلاف جد وجہد کو جاری رکھا۔ آپ نے علمی اور عملی اقدامات کے ساتھ قادیانیت کا رد کیا۔ اس کے ساتھ ساتھ قاضی صاحبؒ نے خارجی فتنے کا بھی رد کرتے ہوئے حقائق سے عوام الناس کو آگاہ کیا۔

### قادیانی دجل کا جواب:

۱۹۵۷ء میں ایک قادیانی پمفلٹ کے جواب میں حضرت اقدس رحمہ اللہ کی یہ تحریر شائع ہوئی تھی، آپ فرماتے ہیں کہ: گزشتہ دنوں چکوال کی مرزائی جماعت نے ایک ٹریکٹ بعنوان ''آیت خاتم النبیین کے صحیح معانی'' شائع کیا ہے۔ اسے چکوال کے فوجی میلہ کے موقع پر شائع کیا گیا۔ در حقیقت مرزائیوں کا یہ طرز عمل تمام مسلمانوں کی دینی غیرت کو ایک کھلا چیلنج ہے۔ اس کتابچہ میں ہم نے مرزائی ٹریکٹ کی تلبیسات کو بے نقاب کرتے ہوئے حق واضح کر دیا ہے۔[3]

### اعجاز الحق بجواب اظہار الحق:

حافظ محمد اسحاق قریشی کی جانب سے ۱۹۶۸ء قاضی صاحبؒ کی یہ تحریر منظر عام پر آئی۔ اس کی ابتداء میں لکھا گیا ہے کہ جہلم کی مرزائی پارٹی کی جانب سے ''ہمارا نقطہ نظر'' ٹریکٹ کا جواب ''کشف التلبیس'' کے ذریعہ دیا گیا۔ جس میں مرزائی سیکرٹری کی تلبیسات کا پردہ چاک کیا گیا۔ اب اس کے جواب میں مرزائی سیکرٹری کی طرف سے ایک ٹریکٹ اظہار الحق کے نام سے شائع کیا گیا ہے۔ اس لیے اس کے جواب میں اعجاز الحق شائع کیا جا رہا ہے۔ اہل عقل و انصاف کو غور کرنے سے معلوم ہوگا کہ مرزائیوں کا یہ ٹریکٹ اظہار الحق کے بجائے ''اخفاء الحق'' ہے۔[4]

---

[1] ۔ قاضی مظہر حسین، ایک خطرناک شازش، پاکستان تحریک تحفظ کلمہ اسلام ۱۹۷۵

[2] ۔ قاضی مظہر حسین، تجلیات صداقت پر ایک اجمالی نظر: جہلم: مکتبہ حنفیہ ۱۹۷۵ء

[3] ۔ قاضی مظہر حسین، قادیانی دجل کا جواب، لاہور: جہلم: مکتبہ حنفیہ ۱۹۵۷ء

[4] ۔ قاضی مظہر حسین، اعجاز الحق بجواب اظہار الحق لاہور: جہلم: مکتبہ حنفیہ ۱۹۶۸

**مقدمہ بر تازیانہ عبرت:**

تازیانہ عبرت کتاب قاضی مظہر حسینؒ کے والد گرامی کی تصنیف ہے۔ جو ۱۹۳۲ء میں پہلی مرتبہ شائع ہوئی تھی جس میں مرزا غلام احمد قادیانی جھوٹے مدعی نبوت کے خلاف جہلم اور گورداسپور کے تاریخی مقدمات کی داستان ہے۔ قاضی مظہر حسینؒ نے اس کتاب پر ۳۵ صفحات پر مشتمل ایک مفصل مقدمہ تحریر فرمایا۔ اس کتاب کی خصوصیت یہ ہے کہ اس میں ان مقدمات کی سرکاری دستاویزات شائع کی گئی ہیں۔ جن کی تفصیل کسی دوسری کتاب میں نہیں ملتی۔ ادارہ مظہر التحقیق لاہور نے اسے جدید طباعتی معیار کے ساتھ شائع کروایا ہے۔ جو تسلسل کے ساتھ حسب ضرورت شائع ہوتی چلی آ رہی ہے۔[1]

**خارجی فتنہ (حصہ اول):**

جون ۱۹۸۲ء میں محمد اسحٰق سندیلوی کے خارجی نظریات کے رد میں یہ تاریخی کتاب منظر عام پر آئی قاضی صاحبؒ فرماتے ہیں کہ سندیلوی نے اظہار حقیقت جلد دوم میں مشاجرات صحابہ کی بحث میں اپنا جو موقف پیش کیا ہے۔ وہ حضرت علیؓ المرتضیٰ اور حضرت معاویہؓ کی باہمی جنگ میں حضرت معاویہ کو بھی صواب پر سمجھتے ہیں اور اس میں ان کی خطاء اجتہادی بھی تسلیم نہیں کرتے۔[2]

**خارجی فتنہ (حصہ دوم):**

خارجی فتنہ حصہ اول کی خداداد قبولیت کے بعد اس سلسلہ کی دوسری تصنیف خارجی فتنہ (حصہ دوم) جولائی ۱۹۸۶ء میں شائع ہوئی۔ قاضی صاحبؒ فرماتے ہیں خارجی فتنہ حصہ دوم کا اصل موضوع فسق یزید ہے۔ اور یہ ثابت کیا گیا ہے کہ فسق یزید اہل سنت والجماعت کے مسلک میں متفق علیہ ہے۔ اور یزیدی گروہ نے یزید کے صالح اور عادل ثابت کرنے میں جو دلائل پیش کیے ہیں وہ سب بے بنیاد ہیں۔ کسی ایک صحابی رضی اللہ نے یزید کو صالح اور عادل قرار نہیں دیا۔ ان حقائق کے باوجود بھی جو لوگ یزید کو صالح اور عادل قرار دیتے ہیں۔ ان کو یزیدی تو کہا جا سکتا ہے لیکن وہ ہر گز محبین اصحاب رسول اللہ ہم میں شمار نہیں کیے جا سکتے۔[3]

**کشف خارجیت:**

تحریک خدام اہل سنت کی طرف سے قاضی صاحبؒ کی یہ لاجواب تصنیف ۱۹۸۵ء منظر عام پر آئی۔ حضرت فرماتے ہیں میری کتاب ''خارجی فتنہ حصہ اول کے جواب میں ایک کتابچہ بنام '' قاضی مظہر حسینؒ چکوالی کے خارجی فتنہ کی اصل حقیقت''مولف محمد علی سعید آبادی چند ماہ پہلے کراچی سے شائع ہوا۔ یہ ایک تبرانامہ اور جھوٹ کا مربہ ہے۔ جس کا مؤلف کوئی سبائی خارجی ہو سکتا ہے۔ اس رسالہ نے چونکہ اس کی خارجیت کو بے

---

[1] ۔ کرم الدین دبیر تازیانہ عبرت۔ قاضی مظہر حسین، مقدمہ، لاہور: ادارہ مظہر التحقیق، ۲۰۱۱

[2] ۔ قاضی مظہر حسین، خارجی فتنہ (حصہ اول) لاہور: ادارہ مظہر التحقیق، جنوری ۲۰۱۵

[3] ۔ قاضی مظہر حسین، خارجی فتنہ (حصہ دوم)، لاہور: ادارہ مظہر التحقیق، جنوری ۲۰۱۵

نقاب کر دیا ہے۔ اس لیے اس جواب کتاب کا نام کشف خارجیت رکھا گیا ہے۔ دفاع حضرت معاویہ رضی اللہ کاتب وحی حضرت امیر معاویہ رضی اللہ کے دفاع میں قاضی صاحبؒ کی یہ شاہکار تصنیف ۱۹۸۰ء کے عشرہ میں منظر عام پر آئی تھی۔[1]

### سیاسی امور پر تصانیف:

خدام اہل سنت کا شرعی منشور: ۱۹۷۰ء کے الیکشن میں قاضی صاحبؒ نے تحریک خدام اہل سنت کی طرف سے قومی وصوبائی اسمبلیوں کے لیے اپنے امیدوار کھڑے کئے اور اپنے شرعی منشور کا اعلان فرمایا۔[2]

### تحفظ اسلام پارٹی کا انتخابی موقف:

تحفظ اسلام پارٹی کے نام سے قاضی صاحبؒ نے ۱۹۷۷ء میں اپنی علیحدہ سیاسی جماعت تشکیل دی تھی جس کا انتخابی نشان سیب تھا۔ یہ مکمل کتابچہ بھی واقعاتی ریکارڈ کے ساتھ پیش کیا جا چکا ہے۔[3]

### متفرق عنوانات پر تصانیف:

حضرت لاہوری فتنوں کے تعاقب میں: ہفت روزہ خدام الدین لاہور کے حضرت لاہوری نمبر (مارچ ۱۹۷۹ء) کے لیے قاضی صاحبؒ نے یہ مفصل مقالہ تحریر فرمایا تھا۔ بعد میں اسے کتابی شکل دے دی گئی۔ آپ فرماتے ہیں۔ کہ شیخ التفسیر حضرت لاہوری نے اپنی مبارک زندگی میں تقریباً ہر عصری فتنے کا تعاقب کر کے دین حق اور مذہب اہل سنت کے تحفظ کا شرعی فریضہ ادا کرنے کی کوشش فرمائی ہے۔ اس لیے کتابی شکل میں اس کی اشاعت ضروری سمجھی گئی۔[4]

### ماہنامہ حق چار یار:

قاضی صاحبؒ کی تصانیف کے ناموں سے ظاہر ہو رہا ہے کہ آپ کی اکثر تصانیف مذہب اہلسنت والجماعت کی توضیح و تشریح، دفاع صحابہ و اہلبیتؓ کی ترجمانی میں لکھی گئی ہیں۔ آپ نے اپنی زیر ادارت ماہنامہ مجلّہ "حق چار یارؓ" جاری فرمایا۔ جو مارچ ۱۹۸۹ء سے تاحال شائع ہو رہا ہے، جس میں آپ کے ادارتی مضامین شائع ہوتے رہے، اس رسالے کے بہت سے خاص نمبر بھی شائع ہوئے جن میں آپ نے نہایت قیمتی اور پُر مغز مضامین تحریر فرمائے، اس کے علاوہ مختلف سیاسی و مذہبی موضوعات پر آپ کے مضامین ملکی روزناموں اور دیگر مجالات میں شائع ہوتے رہے، آپ کے بہت سے قیمتی مضامین جو غیر مطبوع تھے انہیں ماہنامہ حق چار یار میں سلسلہ وار شائع کیا جا رہا ہے۔ حال ہی میں ماہنامہ حق چار یار کی جانب سے آپ کی حیات و خدمات کے حوالے سے تقریباً چودہ سو صفحات پر مشتمل ایک خاص نمبر شائع کیا گیا ہے جس میں آپ کی بہت ہی نادر تحریرات بھی درج کی گئی ہیں۔[5]

---

[1] ۔ قاضی مظہر حسین، کشف خارجیت۔ لاہور: ادارہ مظہر التحقیق، جنوری ۲۰۱۵

[2] ۔ قاضی مظہر حسین، خدام اہل سنت کا شرعی منشور، لاہور: جہلم: مکتبہ حنفیہ ۱۹۵۷ء

[3] ۔ قاضی مظہر حسین، تحفظ اسلام پارٹی کا انتخابی موقف، چکوال: تحفظ اسلام پارٹی ۱۹۷۷

[4] ۔ قاضی مظہر حسین، حضرت لاہوری فتنوں کے تعاقب میں۔ چکوال: مکتبہ تحریک خدام اہلسنت ۱۹۷۹

[5] ۔ ماہنامہ حق چار یارؓ: دفتر ماہنامہ حق چار یار مارچ ۲۰۰۵ء

## قاضی مظہر حسینؒ کے اساتذہ اور تلامذہ:

قاضی صاحبؒ فرماتے ہیں، کہ میرے پہلے استاد میرے والد محترم حضرت پیر کرم الدین دبیر رحمہ اللہ ہیں۔ "میری دنیاوی تعلیم میٹرک تک ہے۔ سکول میں عربی لی ہوئی تھی اس کے بعد فارسی کتب سکندر نامہ تک اور ابتدائی صرف و نحو کی بعض کتابیں بھی والد سے پڑھیں اور کچھ ترجمہ قرآن مجید بھی پڑھا۔[1]

### حضرت پیر کرم الدین دبیر رحمہ اللہ صاحب:

صوبہ پنجاب کے موجودہ ضلع چکوال کا ایک قصبہ بھیں کہلاتا ہے اس قصبہ بھیں میں ایک بہت بڑے بزرگ حضرت ابوالفضل کرم الدین دبیر رہا کرتے تھے، آپ کے وجود مسعود سے قصبہ بھیں جو نہایت غیر معروف تھا انتہائی معروف ہو گیا تھا۔ حضرت کرم الدین دبیر اپنے وقت کے متبحر عالم، بہترین متکلم و مناظر، طرز ادیب اور قادر الکلام شاعر تھے۔ دبیر مخلص لکھا کرتے تھے۔ عربی، فارسی، اردو کے علاوہ پنجابی میں بھی فی البدیہہ اشعار کہتے تھے۔ یوں تو آپ نے اہل تشیع، اہل حدیث، اور قادیانی حضرات سب ہی سے کامیاب مناظرے کئے تاہم آپ کا اصلی ہدف قادیانیت تھی۔ چنانچہ آپ نے فقیر محمد جہلمی کے جاری کردہ ہفت روزہ جریدہ سراج الاخبار میں قادیانیت کے خلاف خوب لکھا اور جلسوں میں مرزا قادیانی کو بھرپور تنقید کا نشانہ بنایا۔ مرزا قادیانی کے معتقدین نے آپ پر یکے بعد دیگرے تین مقدمات قائم کیے جن میں آپ باعزت بری ہوئے۔ پہلے آپ کا میلان بریلی کی طرف تھا۔ لیکن ۱۳۵۵ھ /۱۹۳۷ء میں سلانوالی ضلع سرگودھا میں ہونے والے مشہور معرکہ آراء مناظر علم غیب سے متاثر ہو کر آپ کا رخ بدل گیا اور اکابر علماء دیوبند کی عقیدت و محبت آپ کے دل میں گھر کر گئی۔ ۸ شعبان ۱۳۶۵ھ /۱۷ جولائی ۱۹۴۶ء میں آپ کا انتقال ہوا۔ اور قصبہ بھیں میں آپ کی تدفین ہوئی۔ مندرجہ ذیل کتب آپ کی یادگار ہیں۔[2]

### تصانیف:

آپ نے تصانیف و تالیفات، اور مضامین کا ایسا ذخیرہ چھوڑا ہے کہ جسے اہل علم نے بطور حوالہ و مصدر قبول کیا، آپ نے اس سلسلہ کا آغاز ۱۸۸۰ء کے زمانہ میں ایک عربی رسالہ "تاج المتقین" لکھ کر کیا، آپکی چند کتابوں کا مختصر تعارف یہ ہے۔

۱۔ السیف المسلول لاعداء خلفاء الرسول

۲۔ آفتاب ہدایت

۳۔ تازیانہ سنت

۴۔ مناظرات ثلاثہ

۵۔ صداقت مذہب نعمانی

۶۔ فیض باری رو تعزیہ داری

---

[1] حضرت نعیم الدین صاحب، **حیات وخدمات**، ص۸

[2] سلفی عبدالجبار، کرم الدین دبیر **حیات وخدمات**، ص ۳۲

۷۔ آئینہ مذہب شیعہ

۸۔ تازیانہ عبرت

اس کے علاوہ آپ کی دیگر کتب و رسائل اور نظمیں بھی ہیں ان کتب میں رسالہ دربار حیدری، صداقت مذہب نعمانی، رسائل ثلاثہ مناظرات ثلاثہ اور الدر السنیہ شامل ہیں۔ حضرت محمد کرم الدین کا وصال ۱جولائی ۱۹۴۶ء میں بمقام حافظ آباد ہوا، صاحبزادہ ضیاالدین جو اس سفر میں ہمراہ تھے۔ اپنے والد کی میت گاؤں لائے اور اپنے آبائی گاؤں موضع "بھیں" میں سپرد لحد کردیئے گئے۔[1]

پیر کرم الدین دبیر رحمہ اللہ شادیاں کیں ہوئیں تھیں، جن میں سے اللہ تعالیٰ نے آپ کو چھ فرزند عطاء فرمائے۔

۱۔ ضیاءالدین

۲۔ فضل حسین

۳۔ سراج الدین

۴۔ منظور حسین

۵۔ غازی منظور حسین

۶۔ مظہر حسینؒ

اول الذکر سب سے بڑے صاحبزادے تھے۔ چوتھے نمبر کے صاحبزادے منظور حسین بچپن ہی میں فوت ہوگئے تھے۔ ان کے نام پر پانچویں صاحبزادے کا نام بھی منظور حسین رکھا گیا۔ آپ جوانی میں شہید کردیئے گئے تھے۔ سب سے چھوٹے صاحبزادے قاضی مظہر حسینؒ رحمہ اللہ تھے۔ جو اپنے والد کے علمی وارث اور جانشین بنے۔[2]

**سجادہ نشین پیر قاسم شاہ رحمہ اللہ:**

آپ نے پہلی بیعت بچپن میں مری کے نزدیک موہڑہ شریف سجادہ نشین پیر قاسم شاہ رحمہ اللہ کے جو سیال شریف کے خلفاء میں سے تھے۔ آپ نے ان کے ہاتھ پر بیعت کی انہوں نے آپ کو دستارِ فضیلت بھی عطا کی ان کی وفات کی بعد آپ حضرت مدنی رحمہ اللہ سے بیعت ہوے۔[3]

**اشاعت اسلام کالج میں اساتذہ اور تلامذہ:**

مزید تعلیم کے لئے قاضی صاحبؒ کا لاہور میں اشاعت اسلام کالج میں داخلہ کروادیا گیا۔ ۱۹۳۲ء کے اواخر میں آپ اپنے والد گرامی کے ہمراہ لاہور وارد ہوئے اور علامہ اقبال کے قائم کردہ اس ادارہ میں مزید تعلیم کے لیے اقامت پذیر ہوگئے۔ اس کے بعد اشاعت اسلام کالج کا دوسالہ کورس پاس کیا۔ اس کالج کے پرنسپل کلام اقبال کے شارح پروفیسر یوسف سلیم چشتی مرحوم تھے۔ اور اساتذہ میں جناب مرشد مرحوم فاضل دیوبند سے ترجمہ قرآن مجید پڑھا۔ اس کالج میں طلبہ کی تعدا محدود ہوتی تھی۔ اور انجمن کی طرف سے بیس روپیہ ماہانہ وظیفہ ملتا تھا۔ تقاریر بھی کرائی جاتی تھیں، دوسالہ کور

---

[1]۔ حیات وخدمات، ص ۵۸۲

[2]۔ حیات وخدمات، ص۸

[3]۔ عبدالوحید الحنفی، نقوش زندگی اکابرین کے یادگار واقعات، چکوال: مرحبا اکیڈمی ۲۰۱۵ء ص ۳۴

س پاس کرنے والے کو ماہ تبلیغ کی سند ملتی تھی۔ جمعیت علماء پاکستان کے رہنما جناب عبدالستار نیازی بھی وہاں میرے ہم کلاس رہے ہیں۔[1]

**پروفیسر یوسف سلیم چشتی کا تعارف:**

آپ برطانوی دور کے ہندوستان، بریلی میں ۱۸۹۵ء میں پیدا ہوئے، ۱۹۱۸ء میں الہ آباد یونیورسٹی سے فلسفے میں بی اے آنرز اور ۱۹۲۴ء میں احمد آباد یونیورسٹی سے فلسفے میں ایم اے کیا، پہلے کانپور میں اور پھر ایف سی کالج لاہور میں لیکچرر بھرتی ہوئے۔ علامہ اقبال اور غلام بھیک نیرنگ کی مساعی سے لاہور میں علامہ اقبال کے قائم کردہ اشاعتِ اسلام کالج کے پرنسپل رہے۔ دوسری جنگ عظیم کے دوران یہ کالج بند ہو گیا تو ریاست منگرو اور بعد ازاں کوروائی منتقل ہو گئے۔ قیام پاکستان کے بعد ۱۹۴۸ء میں کراچی آکر تصانیف و تالیف کا سلسلہ شروع کر دیا، یوسف سلیم چشتی کو کم و بیش ۱۶ سال اقبال مرحوم کی صحبت حاصل رہی، انہوں نے علامہ اقبال کی تمام اردو اور فارسی کتابوں کی شرحیں لکھیں، اس کے علاوہ مذہب، فلسفہ، تصوف، تاریخ، اور سوانح پر متعدد کتابوں کا ذخیرہ یادگار چھوڑا، آپ کی وفات ۱۱ فروری ۱۹۸۴ء کو ہوئی۔[2]

**غلام مرشد رحمہ اللہ کا تعارف:**

اشاعت اسلام کالج کے معلمین میں سے ایک بڑا نام غلام مرشد رحمہ اللہ کا بھی ہے جو اپنے وقتوں میں بادشاہی مسجد لاہور کے خطیب بھی رہے، ان کے دروس قرآن مجید کے حلقوں کی بہت شہرت تھی، انہیں علامہ اقبال نے اپنے مذکورہ کالج میں تدریس کے لیے تجویز کیا تھا۔ اشاعت اسلام کالج میں دورانِ تعلیم چونکہ غلام مرشد رحمہ اللہ، قاضی مظہر حسینؒ اللہ کے اساتذہ میں سے تھے۔ آپ کا آبائی تعلق ضلع خوشاب کے سون سکیسر کے معروف گاؤں انگہ سے تھا، آپ ۱۸۹۵ء میں پیدا ہوئے۔ اپنے گاؤں سے متصل ایک گاؤں سرکی" سے انہوں نے قرآن مجید حفظ کیا۔ اس کے بعد لاہور تشریف لائے، بعد ازاں آپ نے پنجاب یونیورسٹی لاہور سے عربی کے اعلیٰ امتحان میں مولوی فاضل کی ڈگری حاصل کی، نیز مدرسہ حمیدیہ اور اورنٹیل کالج میں بھی کسب فیض کرتے رہے۔ بالآخر مرکز رشد و ہدایت دار العلوم دیوبند پہنچے اور وہاں سے ۱۹۱۵ء میں سند فراغت حاصل کی۔[3]

آپ حضرت شیخ الہند مولانا محمود حسن بٹالہ اور علامہ انور شاہ کشمیری لالہ کے لائق و فائق ترین شاگردوں میں سے تھے۔ بعد از فراغت تعلیم آپ نے مدرسہ ضیاالاسلام سیال شریف ضلع سرگودھا سے تدریس کا آغاز کیا، ۱۹۱۸ء میں اپنی مادرِ علمی مدرسہ نعمانیہ لاہور میں تدریس کے لیے تشریف لائے تو پھر لاہور ہی کے ہو کر رہ گئے۔ آپ نے لاہور میں تقریباً ۵۹ برس تک مسلسل درس قرآن مجید دیا۔ آپ کو یہ اعزاز بھی حاصل ہے کہ قیام پاکستان کے بعد متصلاً سب سے پہلی نماز عید الفطر بادشاہی مسجد میں آپ اللہ نے پڑھائی ۱۹۶۵ء میں پاک بھارت جنگ میں آپ نے معاہدہ تاشقند کو بزدلی اور ملکی غیرت کیخلاف قرار دے کر اس کے خلاف تقریر کر ڈالی تو آپ کو منصب خطابت سے الگ کر دیا گیا حتیٰ کہ اس کے بعد کسی بھی مسجد میں آپ کی خطابت کو ممنوع قرار دے کر خدمت دین کے تمام رستے بند کرنے کی کوشش کی گئی مگر آپ شیر دل عالم دین تھے، اپنے کاز پر ڈٹے رہے تاآنکہ ۱۴ ستمبر ۱۹۷۹ء میں آپ کی روح قفس عنصری سے پرواز کر گئی، اور آپکو اپنے شہر انگہ، خوشاب میں سپرد خاک کیا گیا ہے۔[4]

---

1۔ مظہر کرم، ج ۱، ص ۶۳

2۔ ایضاً ص ۶۳

3 ایضاً ص ۴۶

4۔ مظہر کرم، ج ۱ ص ۶۵

**دارالعلوم عزیزیہ بھیرہ میں اساتذہ اور تلامذہ:**

محمد کرم الدین دبیر نے اپنے فرزند مظہر حسینؒ کو آگے سلسلہ تعلیم جاری رکھنے کے لیے دارالعلوم عزیزیہ بھیرہ میں داخل کروا دیا، بگوی خاندان کے ساتھ دبیر کے قدیم اور مضبوط تعلقات تھے۔ یہاں یہ امر بھی لائق توجہ ہے کہ مرکزی حزب الانصار بھیرہ کے مناظرین و مبلغین میں حضرت کرم الدین دبیر کا نام باضابطہ درج رہااور آپ کی کتابوں کی اشاعت بھی بھیرہ کے شعبہ تالیف واشاعت کے انتظام سے ہوتی رہی۔

قاضی مظہر حسینؒ کے زمانہ قیام میں بگوی خاندان کے چشمہ وچراغ حضرت ظہور احمد بگوی علیہ الرحمہ، دارالعلوم کے کاانتظام انصرام چلا رہے تھے۔ آپ نے بھیرہ شریف کے عظیم الشان تعلیمی مرکز، جو گزشتہ کئی صدیوں سے مختلف ناموں کے ساتھ خدمت دین کرتا چلا آرہا تھا، کا نام اپنے ایک خاندانی بزرگ حضرت عبدالعزیز بگوی کے نام کی نسبت سے دارالعلوم عزیزیہ رکھا۔ جن دنوں قاضی مظہر حسینؒ نے یہاں داخلہ لیا تھا تو اس سے کچھ عرصہ قبل ہی ماہ نامہ شمس الاسلام بھیرہ میں جو نصاب تعلیم شائع کیا گیا تھا۔ اس کی رو سے قاضی صاحبؒ نے یہاں سے مندرجہ ذیل کتابیں درجہ موقوف علیہ تک پڑھیں ہیں۔ ہدایہ، جلالین، متن، رشیدیہ، سراجی، شرح عقائد، مختصر المعانی، بیضاوی شریف، متن متین، قاضی صاحبؒ العلوم، مبارک، مطول، توضیح تلویح، شرح تہذیب، قال اقول، مصدر فیض، مشکوۃ شریف، وغیرہ۔[1]

**دارالعلوم عزیزیہ بھیرہ میں قاضی مظہر حسینؒ کے معروف اساتذہ میں سے چند یہ ہیں:**

۱۔ غلام اللہ خان

۲۔ محمد دین بدھوی

۳۔ رحمت اللہ راشد

۴۔ محمد قاسم ہزاروی[2]

**دارالعلوم عزیزیہ میں چند نامور تلامذہ:**

دارالعلوم عزیزیہ کے نام سے پرانے ادارہ کو جب معنون کیا گیا تو یہ ۱۹۲۹ء کا سال تھا، جس کے چند سال بعد قاضی مظہر حسینؒ یہاں تشریف لائے تو اس دوراول کے معروف ناموں کی شائع شدہ فہرست میں مندرجہ ذیل طلبہ کے نام اہم ہیں[3]:

| | | |
|---|---|---|
| ۱۔ | قاضی مظہر حسینؒ | ساکن چکوال |
| ۲۔ | حضرت خواجہ خان محمدؒ | ساکن کندیاں شریف |
| ۳۔ | غلام دستگیرؒ | ساکن جہلم |
| ۴۔ | تاج رسولؒ | ساکن کھیوڑہ |
| ۵۔ | قاضی عبدالقادرؒ | ساکن ڈھڈیاں شریف |

---

1 ایضاً ص ۷۰

2 ایضاً ص ۷۰

3۔ ایضاً ص ۷۱

### دارالعلوم دیوبند کے معروف اساتذہ کرام:

دارالعلوم دیوبند میں قاضی مظہر حسینؒ نے اپنے دو سالہ دور قیام میں مندرجہ ذیل اساتذہ کرام سے کسب فیض حاصل کیا:

۱۔ شیخ الاسلام حضرت مولانا سید حسین احمد مدنی رحمہ اللہ

۲۔ شیخ الادب حضرت اعزاز علی داماشہ رحمہ اللہ

۳۔ حضرت محمد ابراہیم بلیاوی رحمہ اللہ

۴۔ حضرت میاں اصغر حسین رحمہ اللہ

۵۔ حضرت علامہ شمس الحق افغانی رحمہ اللہ

۶۔ حضرت مفتی محمد شفیع رحمہ اللہ[1]

### قاضی مظہر حسین لکھتے ہیں۔

پہلے سال مشکوۃ شریف، مختصر المعانی، اور متنبی کے اسباق تھے۔ مشکوۃ شریف اور مختصر المعانی حضرت مولانا عبدالسمیع رحمۃاللہ علیہ کے پاس تھیں، اگرچہ میں بھیرہ میں مشکوۃ شریف پڑھ چکا تھا۔ لیکن حضرت عبدالسمیع کے پاس پڑھنے سے ایک خاص لذت محسوس ہوتی تھی۔ حماسہ کچھ پہلے پڑھا ہوا تھا۔ لیکن امام فن حضرت شیخ الادب نے جب متنبی پڑھائی تو اسکی کیفیت نرالی تھی۔ صرف و نحو کے حقائق بیان فرماتے تھے۔ حضرت عزیز گل اسیر مالٹا کے چھوٹے بھائی حضرت نافع گل خارج وقت میں شرح عقائد نسفی پڑھایا کرتے تھے۔ بندہ بھی ان کے درس میں شریک ہوتا رہا۔[2]

### دارالعلوم دیوبند میں دورہ حدیث شریف:

شوال ۱۳۵۷ھ مطابق ۱۹۳۸ء میں دورہ حدیث میں داخلہ لیا بخاری شریف اور ترمذی شریف، شیخ الاسلام حضرت مدنی قدس سرہ کے پاس تھیں۔ ترمذی شریف دن کو اور بخاری شریف رات کو پڑھاتے تھے۔ اور درس بخاری میں تو حضرت کی روحانیت کا کچھ ایسا اثر محسوس ہوتا تھا کہ گویا دل دھل گئے ہیں۔ درس بخاری اور درس ترمذی کے دوران ہی بندہ حضرت کے ارشادات لکھ لیتا تھا۔ ترمذی شریف میں حنفیت کے دلائل ہوتے تھے۔ اور بندہ کو تقلید شخصی کے بارے میں شرح صدر حضرت کے درس کے فیضان ہی سے ہوا تھا۔[3]

قاضی صاحبؒ کے مطابق پہلے سال کے اسباق میں مشکوۃ شریف، شرح عقائد نسفی تلخیص المفتاح، نخبۃ الفکر مختصر المعانی اور متنبی نیز تفسیر قرآن مجید وغیرہ شامل ہیں۔ جبکہ دوسرے سال بخاری شریف اور ترمذی شریف حضرت شیخ الاسلام سید حسین احمد مدنی رحمہ اللہ کے پاس، مسلم شریف مولانا محمد ابراہیم بلیاوی سے، ابوداؤد شریف حضرت میاں اصغر حسین رحمۃاللہ علیہ نے پڑھائی اور طحاوی شریف حضرت علامہ شمس الحق رحمتہ اللہ علیہ کے پاس تھی لیکن درمیان سال بحیثیت وزیر تعلیمات ریاست قلات میں تشریف لے گئے تھے۔ مسلم شریف اور طحاوی شریف کی تقریریں بھی میں نے قلمبند کرلی تھیں۔[4]

---

[1] حضرت نعیم الدین صاحب، **حیات وخدمات** ص ۱۳

[2] ایضاص ۱۴

[3] روئیداد، ص ۴۱

[4] روئیداد، ص ۴۱

## قاضی مظہر حسینؒ کے شیخ ومرشد سید حسین احمد مدنیؒ:

حضرت حسین احمد مدنیؒ نے ۱۴سال مدینہ منورہ میں درس قرآن وحدیث دیا۔اور پھر دیوبند میں ہزاروں طلبہ کو احادیث رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم پڑھانے کی سعادت ملی۔ دُنیا بھر میں آپ کے شاگرد موجود ہیں۔آپ ۱۹شوال ۱۲۹۶ھ مطابق اکتوبر ۱۸۷۹ء میں قصبہ بانگر موانڈیا میں پیدا ہوئے۔ ۱۲ جمادی الاولی ۱۳۷۷ھ مطابق ۵ دسمبر ۱۹۵۷ء کو دیوبند میں انتقال فرمایا۔ قاسمی قبرستان میں شیخ الہند محمود حسن کے قدموں میں آپ کا مزار ہے۔ حضرت مدنی رحمتہ اللہ کے خلفاء و مجازین کی تعداد ۱۶۶ ہے۔مکتوبات شیخ الاسلام میں ان کے اسمائے مبارک درج ہیں،[1] جن میں پاکستان سے تعلق رکھنے والے ۶ بزرگ تھے۔ جن کے نام یہ ہیں:[2]

۱۔ حضرت پیر خورشید احمد قصبہ عبدالحکیم ضلع خانیوال

۲۔ حضرت حامد میاں دیوبندی جامعہ مدینہ لاہور،

۳۔ حضرت حکیم عبدالحکیم فیض باغ لاہور

۴۔ قاضی مظہر حسینؒ بمقام بھیں تحصیل و ضلع چکوال،

۵۔ رحمت اللہ صاحب جالندھری چک D.N.B 11 ضلع بہاولپور،

۶۔ عبدالحق دامانی موضع شیر و کہنہ ڈاکخانہ کلاچی ضلع ڈیرہ اسمعیل خان۔

یہ سب دُنیا سے انتقال فرماگئے ہیں لیکن اُن کا روحانی سلسلہ اور فیض جاری ہے۔

۱۔ ان میں پیر خورشید احمد کے خلفاء و مجازین میں حضرت سید محمد امین شاہ مخدوم پور پہوڑاں ضلع خانیوال کا اسم مبارک نمایاں ہے۔ جن کے ۴۴ مجازین میں قاضی ظہور حسین اظہر ابن حضرت مولانا قاضی مظہر حسینؒ امیر تحریک خدام اہل سنت پاکستان، محمد معاویہ امجد شاہ صاحب، قاری شیر محمد صاحب، حافظ شاہ محمد صاحب، فضل احمد صاحب، محمد شفیق صاحب، صوفی عبدالرزاق چکوالی شامل ہیں۔

۲۔ حامد میاں کے فرزند محمود میاں اور رشید میاں جامعہ مدینہ لاہور میں تعلیم وتدریس کا سلسلہ جاری رکھے ہوئے ہیں۔

۳۔ قاضی مظہر حسینؒ ''بھیں تحصیل وضلع چکوال کے چار خلفاء مجازین ہیں۔[3]

قاضی مظہر حسینؒ فرماتے ہیں کہ مذہبی اور جماعتی زندگی میں میری توجہ زیادہ تر فریق باطلہ کی طرف رہی ہے، شیعیت، خارجیت اور مودودیت کے رد میں چھوٹی بڑی کتابیں لکھیں،اس وجہ سے اور نااہلیت کی وجہ سے بیعت سلسلہ کی طرف توجہ کم رہی ہے۔ تصوف وسلوک کا مقصد مقام احسان کا حاصل کرنا ہے، جس کا ذکر حضرت جبرائیلؑ کی حسب ذیل حدیث میں ہے۔

---

1 حسین احمد مدنی، مکتوبات شیخ الاسلام، ج۲ ص ۳۲۶

2۔ حسین احمد مدنی، نقش حیات کراچی دارالاشاعت تلخیص، ص ۱۵

3۔ نعیم الدین، حیات وخدمات ص ۲۱

مَا الْإِحْسَانُ قَالَ الْإِحْسَانُ أَنْ تَعْبُدَ اللَّهَ كَأَنَّكَ تَرَاهُ فَإِنْ لَمْ تَكُنْ تَرَاهُ فَإِنَّهُ يَرَاكَ[1].

ترجمہ: حضرت جبرئیلؑ نے رسول ﷺ پوچھا! کہ احسان کیاہے؟ فرمایا! یہ کہ تو اللہ کی عبادت کرے اس طرح کہ گویا تو اس کو دیکھ رہاہے۔ احسان کی یہ کیفیت حاصل ہو جائے تو اصحاب تصوف اس کو نسبت باطنی سے تعبیر کرتے ہیں، اس نسبت کے بھی مدارج ہیں۔ عالم اسباب میں یہ نسبت اللہ تعالیٰ کی توفیق سے کثرت ذکر اور مجاہدہ و مراقبے سے حاصل ہوتی ہے۔

مشائخ کے نزدیک بیعت دو قسم کی ہوتی ہے، ایک بیعت توبہ اور دوسری بیعت سلوک، بیعت توبہ کی اجازت ہر اس شخص کو دی جاتی ہے جو متشرع اور مخلص ہو، خواہ نسبت باطنی اس کو حاصل نہ ہو۔ اور بیعت سلوک کی اجازت نسبت کو دی جاتی ہے۔ بندہ نے حسب ذیل حضرات کو بیعت توبہ کی اجازت دی ہے۔[2]

۱۔ ۔حضرت محمد یوسف شیخ الحدیث پلندری آزاد کشمیر اسم ذات کی کثرت سے ان کو بھی ان شاءاللہ نسبت حاصل ہو سکتی ہے۔

۲۔ جناب فضل احمد مدرس جامعہ امدادیہ فیصل آباد جو حضرت محمد امین شاہ مخدوم پور والوں کے داماد ہیں۔

۳۔ حضرت جمیل الرحمن تاجک حضرو حال مقیم چکوال۔

۴۔ حضرت حبیب الرحمن بمقام جنھان ضلع حیدر آباد

حضرت حبیب الرحمن بمقام جنھان ضلع حیدر آباد موصوف کی استعداد اچھی ہے احوال عمدہ ہیں، ان کو نسبت حاصل ہے، مگر ابھی اثر رسوخ نہیں۔ اب میں حبیب الرحمن کو بیعت سلوک کی اجازت دیتا ہوں۔ بیعت توبہ یا بیعت سلوک، مقصد یہ ہے کہ شیخ العرب والعجم حضرت مدنی قدس سرہ کے فیوضات سے لوگ مستفید ہوں۔ مذکورہ حضرات مکتوبات شیخ الاسلام سے راہنمائی حاصل کریں۔ اور حکیم الامت حضرت اشرف علی تھانوی رحمۃ اللہ علیہ کے ارشادات سے بھی استفادہ کرتے رہیں۔[3]

---

[1]۔ البخاری، محمد بن اسماعیل، صحیح البخاری، مکتبہ البشری، ۲۰۱۹، حدیث ۴۷۷۷

[2]۔ نعیم الدین، **حیات و خدمات**، ص ۲۱

[3]۔ ایضاً، ص ۲۲

**باب دوم:** **قاضی مظہر حسینؒ کا عقیدہ ختم نبوت، نظریہ خلافت و امامت**

فصل اول: قاضی مظہر حسینؒ کا عقیدہ ختم نبوت

فصل دوم: نظریہ خلافت

فصل سوم: نظریہ امامت

# باب دوم: قاضی مظہر حسینؒ کا عقیدہ ختم نبوت، نظریہ خلافت وامامت

## فصل اول: قاضی مظہر حسینؒ کا عقیدہ ختم نبوت:

عقیدہ ختم نبوّت سمجھنے کے لئے سب سے پہلے منصب نبوّت کی اہمیت کو سمجھنا ضروری ہے۔اللہ تعالیٰ نے جن اوصافِ جُداگانہ سے حضرات انبیاء علیہ السلام کو نوازا ہے،اس تک کوئی جھوٹا یا کذاب شخص نہیں پہنچ سکتا۔چاہے وہ دنیا کے کسی اعلیٰ مرتبے پر ہی کیوں نہ ہو۔

### منصبِ نبوّت:

قاضی مظہر حسینؒ فرماتے ہیں کہ خالق کائنات نے اس دنیا میں انسان کو اپنا خلیفہ اور نائب بنایا ہے۔اس نے اپنی حکمت بالغہ کے تحت انسان میں جو جامعیت رکھی ہے وہ ملائکہ میں نہیں ہے۔اور گو جنات بھی شریعت کے مکلف ہیں اور ان کے لئے بھی جزاء وسزا ہے۔ لیکن بوجہ ناری ہونے کے ان میں بھی بار خلافت اٹھانے کی استعداد نہیں، یہی وجہ ہے جنات میں سے کسی کو نبی نہیں بنایا گیا بلکہ ان کی ہدایت کے لئے بھی وہی انبیائے کرام علیہم السلام مبعوث ہوئے جو انسانوں کے لئے ہوئے ہیں۔[1]

اس لئے ارشاد خداوندی ہے۔

اِنِّیْ جَاعِلٌ فِی الْاَرْضِ خَلِیْفَةً ؕ ۔[2]

ترجمہ: تحقیق میں زمین میں اپنا خلیفہ بنانے والا ہوں۔

اس دنیا میں پہلے انسان اور پہلے خلیفہ اللہ تعالیٰ کے پیغمبر حضرت آدم علیہ السلام ہیں۔آپ کے بعد تمام پیغمبر آپ کی اولاد میں سے ہی ہیں۔ اللہ تعالے کے فرستادہ پیغمبر بحیثیت خلیفہ اور نائب ہونے کے احکام خداوندی نافذ کرتے ہیں۔وہ رب العالمین اور اس کے بندوں کے مابین ایک واسطہ ہوتے ہیں۔بذریعہ وحی اللہ تعالیٰ ان کو اپنا دین عطا کرتا ہے اور وہ احکام خداوندی اس کے بندوں تک پہنچا دیتے ہیں۔پیغمبر معصوم ہوتے ہیں۔ان کے باطن نورانی اور پاک صاف ہوتے ہیں۔ان سے صغیرہ اور کبیرہ گناہوں کا صدور نہیں ہوتا۔وہ اللہ تعالیٰ کی نگرانی میں تبلیغ کرتے ہیں۔ وہ ہر کام رضائے الٰہی کے تحت کرتے ہیں۔اللہ تعالیٰ کے پیغمبر فریضہ رسالت میں کوتاہی نہیں کر سکتے۔[3]

### عقیدہ ختم نبوّت:

قاضی مظہر حسینؒ فرماتے ہیں کہ دنیا میں پہلے نبی ابوالبشر حضرت آدم علیہ السلام اور آخری نبی امام الانبیاوالمرسلین وخاتم النبیین حضرت محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ہیں۔رب العالمین نے بنی آدم کی اصلاح وہدایت کے لئے نبوّت کا جو سلسلہ حضرت آدم علیہ السلام سے شروع کیا تھا وہ لاکھوں انبیائے کرام علیہم السلام کے مبعوث ہونے کے بعد بالآخر افضل الانبیاء صلی اللہ علیہ وسلم پر ختم کردیا۔آپ کے بعد کوئی نبی نہیں آئے گا۔جو دعویٰ کرے گا۔وہ جھوٹا اور کذاب ہو گا۔ حضرت آدم علیہ السلام سے لیکر رسول کریم رحمت للعالمین صلی الہ علیہ وسلم تک جتنے نبی بن چکے ہیں ان کی

---

[1] ۔ قاضی مظہر حسین، سنی موءقف، منجانب سنی تحریک الطلبہ، چکوال ضلع جہلم، ص ۱۵

[2] ۔ سورۃ البقرہ، آیت ۳۰

[3] ۔ سنی موءقف، ص ۱٦

تعداد وہی رہیگی۔ نہ اس میں کسی اور نبی کا اضافہ ہوگا اور نہ ان میں سے کسی کی نبوت سلب کی جائیگی اور خاتم معنی آخر کا یہ مفہوم ہوگا کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے بعد کوئی نبی پیدا نہیں ہوگا۔[1]

آپ صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد گرامی ہے:

وَأَنَا خَاتَمُ النَّبِيِّينَ لَا نَبِيَّ بَعْدِي۔[2]

ترجمہ: میرے بعد کوئی نبی نہیں۔

**ختم نبوّت قرآن کی روشنی میں:**

مَا كَانَ مُحَمَّدٌ أَبَا أَحَدٍ مِّنْ رِجَالِكُمْ وَلَٰكِنْ رَسُولَ اللَّهِ وَخَاتَمَ النَّبِيِّينَ وَكَانَ اللَّهُ بِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيماً۔[3]

ترجمہ:۔"حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم تمہارے مردوں میں سے کسی مرد کے باپ نہیں ہیں اور لیکن اللہ کے رسول اور خاتم النبیین ہیں، اور اللہ تعالیٰ ہر چیز کو اچھی طرح جاننے والا ہے۔

عربی لغت میں خاتم بمعنی مہر بھی آتا ہے اور معنی آخر بھی۔ اور چونکہ کسی چیز پر مہر لگانے کے بعد اس کے اندر کی چیز باہر نہیں آسکتی اور باہر کی چیز اندر نہیں جاسکتی۔ اس لئے نبیوں کے لئے مہر ہونے کا مطلب یہ ہوگا کہ جتنے نبی بن چکے ہیں ان کی تعداد وہی رہیگی۔ اب کسی کو بھی نبوت نہیں دی جائیگی۔ اعطائے نبوت کو حضور خاتم النبیین صلی اللہ علیہ وسلم پر ختم کر دیا گیا ہے۔ اور خود نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے بھی ختم نبوت کا یہی مفہوم واضح فرمایا ہے۔

**ختم نبوّت ارشاد نبوی کی روشنی میں:**

عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ:" وَإِنَّهُ لَا نَبِيَّ بَعْدِي وَسَيَكُونُ خُلَفَاء فَيَكْثُرُونَ۔[4]

ترجمہ: آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا" میرے بعد کوئی نبی نہیں ہوگا اور عنقریب بکثرت خلفاء ہوں گئے۔

إِنَّ الرِّسَالَةَ وَالنُّبُوَّةَ قَدِ انْقَطَعَتْ، فَلَا رَسُولَ بَعْدِي وَلَا نَبِيَّ ۔[5]

ترجمہ: تحقیق رسالت اور نبوت ختم ہوچکی ہے پس میرے بعد نہ کوئی رسول ہوگا اور نہ کوئی نبی"۔

حضرت ثوبان سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی علیہ وسلم نے فرمایا:

وَإِنَّهُ سَيَكُونُ فِي أُمَّتِي ثَلَاثُونَ كَذَّابُونَ كُلُّهُمْ يَزْعُمُ أَنَّهُ نَبِيٌّ، وَأَنَا خَاتَمُ النَّبِيِّينَ لَا نَبِيَّ بَعْدِي۔[6]

ترجمہ: تحقیق میری امت میں تیس (۳۰) بڑے کذاب ظاہر ہوں گے، ہر ایک گمان کرے گا کہ وہ اللہ کا نبی ہے۔ حالانکہ میں خاتم النبیین ہوں، میرے بعد کوئی نبی نہیں۔

---

[1] ۔ قاضی مظہر حسین، سنی موءقف، منجانب سنی تحریک الطلبہ، چکوال ضلع جہلم، ص۱۸

[2] ۔ أبوداود سلیمان بن الاشعث السجستانی، سنن أبی داود: کتاب: الفتن والملاحم، باب: ذکر الفتن ودلائلھا، الریاض، اسعودیۃ، ۲۰۰۵ء، رقم الحدیث: ۴۲۵۲

[3] ۔ سورۃ الاحزاب، آیت ۴۰

[4] ۔ صحیح البخاري، حدیث نمبر: ۳۴۵۵

[5] ۔ سنن الترمذی، حدیث ۲۲۷۲

[6] ۔ ایضا، ۲۲۱۹

قاضی صاحبؒ فرماتے ہیں کہ قرآنی آیات اور نبوی ارشادات کی بناپر تمام امت محمد یہ علی صاحبھا الصلوۃ والتحیہ آج تک یہ اجماعی عقیدہ رہا ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی رسالت و نبوت قیامت تک کے تمام جن وانس کے لئے ہے۔

حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے بعد پیدا ہو کر اگر کوئی شخص نبوت ورسالت کا دعویٰ کرتا ہے تو وہ قطعی کافر ہے اور اس کو نبی و رسول یا ولی و مجدد ماننے والے بھی قطعی کافر ہیں۔اسی لئے علمائے امت نے دور حاضر کے مشہور دجال و کذاب مرزا غلام احمد قادیانی کو اس کے دعویٰ نبوت کی بناپر قطعی کافر قرار دیا ہے۔اور اس کو نبی یا مجدد ماننے والوں کو بھی (خواہ وہ قادیانیت سے تعلق رکھتے ہوں یالاہوری گروپ سے) کفار میں شمار کیا گیا ہے۔

**قادیانی فتنہ:**

دور حاضر کا مدعی نبوت مرزا غلام احمد قادیانی ان سب سے زیادہ خطرناک دجال اور کذاب ثابت ہوا۔ابلیس کے علاوہ انگریز بھی اس کا حامی اور وہ انگریز کا وفادار تھا بلکہ انگریز نے ہی اپنے دور اقتدار میں ہندوستان کے اندر یہ فتنہ اٹھایا۔انگریز کے سایہ ہی اس کی جھوٹی نبوت پروان چڑھی ورنہ کسی اسلامی سلطنت میں دعویٰ نبوت کرتا تو اُس کو واجب القتل قرار دے کر جہنم رسید کیا جاتا۔[1]

**تحریک ختم نبوت:**

۱۹۵۲ء میں مرزابشیر الدین محمود نے شیطانی بڑھک ماری کہ ۱۹۵۲ء ہمارا ہے اور عنقریب ہماری حکومت آنے والی ہے مرزا محمود کے جواب میں امیر شریعت نے ۵۲ء کا سال گزرنے کے بعد فرمایا،او قادیانی کی جھوٹی نبوت کے پیروکار مرزا محمود تیرا سن ۱۹۵۲ ختم ہو گیا۔اب میرا سن ۱۹۵۳ نمودار ہوا ہے اب دیکھ آنجہانی مرزا غلام احمد قادیانی کی جھوٹی نبوت کا کس طرح آپریشن کرتا ہوں۔قیام پاکستان کے بعد مرقد سر ظفر اللہ قادیانی کو سازش کے تحت پاکستان کا وزیر خارجہ بنایا گیا تھا۔جس کی وجہ سے مرزائی حکومت کے خواب دیکھ رہے تھے۔وزیر خارجہ پاکستان کے لیے کام کرنے کے بجائے مرزائیت کی تبلیغ میں سر گرم تھا تحریک ختم نبوت کا سب سے بڑا یہ مطالبہ تھا کہ ظفر اللہ قادیانی کو وزارت خارجہ سے ہٹایا جائے۔[2]

امیر شریعت نے تحفظ ختم نبوت کی خاطر آرام باغ کراچی کے عظیم الشان جلسے میں تقریر کی،اس تقریر کے بعد رات کو تقریباً۳ بجے پولیس نے مجلس عمل ختم نبوت کے دفتر کا گھیراؤ کر لیا اور امیر شریعت سمیت ابوالحسنات قادری، مولانا محمد علی جالندھری ماسٹر تاج الدین وغیرہ زعماء کو گرفتار کر لیا۔ مجلس عمل کے صدر ابوالحسنات کی مسجد وزیر خان لاہور تحریک کا مرکز تھا۔ شمع رسالت کے پروانوں کے قافلے وہاں پہنچنے لگے۔ بد بخت جنرل اعظم خان نے وہاں مارشل لاء لگا دیا۔ ختم نبوت کے جلوسوں پر گولیاں برسائی گئیں اور شمع رسالت کے ہزاروں پروانے شہید کر دیے گئے۔ تحریک اس طرح طوفان بن کر اُٹھی کہ لاہور سیکرٹریٹ بھی بند ہو گیا۔پنجاب کے شہروں میں احتجاجی جلوس اور گرفتاریاں پیش کرنی شروع ہو گئیں۔[3]

---

[1]۔ ماہنامہ حق چاریار،ص ۱۴۸

[2]۔ ایضاً ص،ص ۱۴۸

[3]۔ ایضاً ص ۱۴۹

**تحفظ ختم نبوت آرڈیننس اور قاضی مظہر حسینؒ رحمہ اللہ کی قراردادیں:**

**قرارداد نمبر ا:** نماز جمعہ کے موقعہ پر مدنی جامع مسجد چکوال میں مسلمانانِ اہل سنت والجماعت کا یہ عظیم اجتماع جناب جنرل محمد ضیاء الحق کے اس مومنانہ، جرات مندانہ اقدام کی تحسین کرتا ہے اور تحفظ منصب ختم نبوت کے لیے اس اسلامی تاریخی آرڈی نینس کے نفاذ پر ان کو مبارکباد پیش کرتا ہے۔ ہم امید کرتے ہیں کہ رحمتہ للعالمین، خاتم النبین حضرت شفیع المذنبین حضرت محمد رسولاللہ السلام کے عظیم منصب ختم نبوت کے تحفظ کے صلہ میں ان کو قیامت میں شفاعت محمدی نصیب ہوگی۔

**قرارداد نمبر ۲:** سنی مسلمانوں کا یہ اجتماع جناب صدر مملکت سے پرزور مطالبہ کرتا ہے کہ اس ختم نبوت آرڈی نینس پر فوری طور پر سختی سے عمل کرایا جائے تاکہ تاجدار ختم نبوت کے ان غداروں اور یہود نواز تخریب کاروں کی اسلام دشمن سرگرمیوں سے ملک وملت محفوظ ہوجائے۔

**قرارداد نمبر ۳:** اہل سنت کا یہ اجتماع صدر مملکت سے مطالبہ کرتا ہے کہ مرزائیوں کی سابقہ مساجد کو فوری طور پر سیل کرنے کا حکم دے دیا جائے تاکہ وہ کسی طرح اسلام کے نام پر ان مساجد کو استعمال نہ کرسکیں۔

**قرارداد نمبر ۴:** چونکہ عقیدہ خلافت راشدہؓ سے عقیدہ ختم نبوتؐ کا تحفظ ہے اور خصوصاً خلیفہ اول حضرت صدیق اکبرؓ نے مسیلمہ کذاب وغیرہ جھوٹے مدعیان نبوت کا قلع قمع کیا تھا۔ علاوہ ازیں حضرت صدیق اکبر رضی اللہ نے مرتدین اور منکرین زکوۃ کے فتنہ کی سرکوبی کی تھی اور نظام خلافت راشدہؓ نظام مصطفیٰؐ کی پیروی کا ہی ایک کامل معیاری نمونہ ہے۔[1]

صدر پاکستان کے نافذ کردہ ختم نبوت آرڈی نینس کے نفاذ سے ہم ملت اسلامیہ کو مبارکباد پیش کرتے ہیں، جن کا اسلام کے بنیادی عقیدہ ختم نبوتؐ پر ایمان ہے، ہم مجلس عمل ختم نبوت پاکستان علمائے حق اور ان تمام سنی مسلمانوں کو ہدیہ تبریک پیش کرتے ہیں جنہوں نے عقیدہ ختم نبوتؐ کے تحفظ کے لیے مخلصانہ طور پر جدوجہد کی ہے ہم عصر حاضر کے اکابر علمائے دین، امام المحدثین علامہ سید محمد انور شاہ کاشمیریؒ، شیخ الاسلام والمسلمین سید حسین احمد مدنیؒ، شیخ الاسلام پاکستان علامہ شبیر احمد عثمانیؒ، امیر شریعت حضرت سید عطاءاللہ شاہ بخاریؒ، فخر اہل سنت حضرت مولانا محمد کرم الدین دبیرؒ (جن کی علمی جرح سے گھبرا کر مرزا غلام احمد گورداسپور کی عدالت میں غش کھا کر گر پڑا تھا) حضرت ثناءاللہ امرتسریؒ۔ علمائے احرار اور اکابر مجلس تحفظ ختم نبوت حضرت مولانا محمد علی جالندھریؒ وغیرہ کو ہدیہ سلام اور ہدیہ تبریک پیش کرتے ہیں جو عقیدہ ختم نبوت کے محافظ اور مبلغ رہے ہیں ہم شمع رسالت کے پروانوں اور ان تمام شہدائے ختم نبوت ﷺ کو ہدیہ سلام پیش کرتے ہیں جنہوں نے تحریک ختم نبوت ۱۹۵۳ء وغیرہ میں حضور خاتم النبین ﷺ کی عظمت ومحبت کے تحفظ کے لیے اپنی جانوں کے نذرانے پیش کیے ہیں۔ حق تعالیٰ ان سب کو درجات عالیہ نصیب فرمائے۔[2]

**ختم نبوّت کانفرنس:**

قاضی صاحبؒ نے بھی مرزائیت کا خوب تعاقب کیا۔ جس وقت ۱۹۶۲ء میں بعض افسروں کی پشت پناہی کی بنا پر مرزائیوں نے کھل کر اپنا مذہبی اور تبلیغی دائرہ عوام تک پھیلانا چاہا اور کچھ اس قسم کی اشتعال انگیز مذہبی سرگرمیاں دکھائیں تو آپ نے ہر وقت قدم اٹھا کر ہمیشہ ہمیشہ کے لیے مرزائیت کو خاموش کردیا۔ ختم نبوت کے موضوع پر خود بھی اور مجلس تحفظ ختم نبوت کے اکابر علماء کرام حضرت محمد علی جالندھری بری، قاضی

---

[1] ۔ مظہر کرم جلد دوم، ص ۲۴۴

[2] ۔ ایضاً، ص ۲۴۵

صاحبؒ احسان احمد شجاع آبادی ہے، مولانا محمد شریف بہاولپوراور قاضی صاحبؒ اللہ یار چیچہ وطنی کو مدعو کر کے تقریریں کروائیں اور اللہ کے فضل و کرم سے مسلمان اس فتنہ سے پوری طرح آگاہ ہوگئے اوراس کے بعد پھر مرزائی سر اٹھانے کے قابل ہی نہ رہے۔[1]

## قاضی صاحبؒ کے مرزائیوں کے خلاف عملی اقدامات:

۱۹۵۸ء میں چکوال کے قادیانیوں نے ایک پمفلٹ مرزا قادیانی کے عقائد کی اشاعت کے سلسلہ میں ''فوجی میلہ چکوال کے موقع پر لکھااور تقسیم کیا۔جب یہ پمفلٹ قاضی مظہر حسینؒ تک پہنچاتو آپ نے مرزائیت کا تعاقب کرتے ہوئے قادیانی دجل کا جواب "رسالہ لکھااوراس طرح آپ نے فوری طور پر اس فتنہ کی سرکوبی کرتے ہوئے ایک تاریخی قدم اٹھایا۔ جس سے الحمد اللہ چکوال میں مرزائیت کا فتنہ دب گیا۔[2]

ایوبی دور حکومت میں جب قادیانیت کے خلاف لکھنا بولنا جرم عظیم سمجھا جاتا تھا۔ چکوال شہر میں کچھ نوجوانوں نے شہر کی دیواروں پر لکھا کہ "مرزائی کافر ہیں''۔ قادیانیت کے خلاف اس لکھائی نے شہر کے درودیوار کو گرمادیا۔اس واقعہ سے انتظامیہ میں کھلبلی مچ گئی۔ کوشش بسیار کے باوجود جب مطلوبہ اشخاص گرفتار نہ ہوسکے توانتظامیہ نے تمام مکاتب فکر کے سرکردہ علما کی میٹنگ بلائی۔ انتظامیہ کے تیور دیکھ کر اکثر علماء نے مذکورہ واقعہ کی مذمت کی اور ذمہ دار کو واقعی سزادینے کے مطالبہ کی تائید کی۔ اللہ مگر جب حضرت والا سے پوچھا گیا کہ اس واقعہ میں آپ اپنے مدعا سے مطلع کریں۔ قاضی مظہر حسینؒ نے شیر کی طرح گرج کر کہا کہ افسوس ہے ان علماء پر جو منبر پر توعشق رسول صلی اللہ علیہ وسلم کے نعرے بلند کرتے ہیں اور اگر کوئی عاشق رسول صلی اللہ علیہ وسلم اپنے جذبات کا اظہار کردے تو اس کو سزادلوانے کی باتیں کرتے ہیں۔ مجھے یہ معلوم نہیں کہ کن لوگوں نے لکھا ہے، لیکن انہوں نے جو لکھا ہے صحیح لکھا ہے کہ "مرزائی کافر ہیں "ان کو جو سزادینی ہے وہ مجھے دو۔ اس پر سکتہ طاری ہو گیااور انتظامیہ کے پاؤں تلے سے زمین نکل گئی اور علماء حیران رہ گئے کہ اتنی دلیری وبے باکی۔ اور اتنا عشق رسالت صلی اللہ علیہ وسلم "مرزائی کافر ہیں "کا جملہ لکھنے والوں کی تائید میں اپنی جان حاضر کی کہ جو سزادینا چاہتے ہو مجھے دو۔ لیکن انتظامیہ کو جرات نہ ہوئی کہ آپ کے خلاف کاروائی کرتی۔[3]

## مرزائیوں کا لاؤڈ سپیکر بند:

اگست ۱۹۶۶ء بروز منگل ظہر کے وقت جب مدنی جامع مسجد میں مسلمانان شہر کو یہ خبر ملی کہ مرزائیوں نے لاؤڈ سپیکر پر تقریر شروع کر دی ہے تو حضرت قاضی مظہر حسینؒ کی قیادت میں مسلمان چل پڑے۔ دوکانیں بند ہونا شروع ہوگئیں۔ قادیانی مسجد کے سامنے اپنے ماتحت عملہ کے ساتھ ایس ایچ او ڈیوٹی دے رہے تھے۔ قاضی صاحبؒ نے واشگاف الفاظ میں مسلمانوں کے جذبات کا اظہار کرتے ہوئے مطالبہ کیا کہ لاؤڈ سپیکر کو بند کر دیا جائے کوئی مسلمان اس اشتعال انگیز تقریر کو برداشت نہیں کر سکتا۔اسی دوران میں مسلمانان چکوال کی آمد بڑھنے لگی اور ڈی ایس پی بھی موقع پر پہنچ گئے۔ انہوں نے صورت حال بھانپتے ہوئے نہایت دانش مندی کا ثبوت دیتے ہوئے لاؤڈ سپیکر بند کروادیا۔ جس کے بعد مسلمانوں کا جلوس نعرہ تکبیر، ختم نبوت زندہ باد، مرزائیت مردہ باد کے واشگاف نعرے لگاتا ہوا واپس مدنی مسجد پہنچ گیا۔[4]

---

[1] ۔ ماہنامہ حق چار یار، ص ۱۶۴

[2] ۔ حنفی، نقوش زندگی۔اکابرین کے یادگار واقعات، ص ۱۱۶

[3] ۔ ماہنامہ حق چار یار، ص ۱۵۰

[4] ۔ ایضاً، ص ۱۵۵

## فصل دوم: قاضی مظہر حسینؒ کا نظریہ خلافت:

قاضی مظہر حسینؒ فرماتے ہیں، کہ جب اللہ تعالیٰ نے اپنی حکمت کاملہ کے تحت اس آخری امت کو رسول کامل، دین کامل اور کتاب کامل جیسی کامل ترین نعمتیں عطا فرمائی ہیں تو اسی کی حکمت کاملہ کا یہ تقاضا تھا کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے بلا واسطہ تعلیم و تربیت حاصل کرنے والے افراد جن کو حق تعالیٰ نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی نصرت کے لئے چن لیا تھا۔ قرآن مجید میں نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی فیض یافتہ کامل جماعت کا جابجا تذکرہ موجود ہے۔

كُنتُمْ خَيْرَ أُمَّةٍ أُخْرِجَتْ لِلنَّاسِ تَأْمُرُونَ بِالْمَعْرُوفِ وَتَنْهَوْنَ عَنِ الْمُنكَرِ وَتُؤْمِنُونَ بِاللَّهِ ۔[1]

ترجمہ: تم سب سے بہتر جماعت ہو جو لوگوں کی ہدایت کے لئے ظاہر کی گئی ہے۔ تم نیک کاموں کا حکم دیتے ہو اور بڑے کاموں سے آتے ہو اور تم اللہ پر ایمان رکھتے ہو۔

اس آیت میں بہتر جماعت، خیر امت سے مراد وہی مومنین کاملین ہیں جو اسکے اولین مخاطب ہیں اور جن کو زیارت و صحبت نبوی کی نعمت نصیب ہوئی تھی اور اخرجت للناس سے واضح ہوتا ہے کہ جماعت رسول صلی اللہ علیہ وسلم کو حق تعالیٰ نے خصوصی طور پر کامل ہدایت عطا فرمائی ہے تاکہ وہ دوسرے لوگوں کے لئے ذریعہ ہدایت بن سکیں۔ بہر حال جب بلا واسطہ جماعت رسول صلی اللہ علیہ وسلم کو خود اللہ تعالیٰ نے تمام امتوں اور جماعتوں سے بہتر فرمایا ہے تو پھر جماعت صحابہ کے بہتر ہونے میں کسی اہل ایمان کو کیونکر شک ہو سکتا ہے۔[2]

وَمَنْ يُشَاقِقْ الرَّسُولَ مِنْ بَعْدِ مَا تَبَيَّنَ لَهُ الهُدَى وَيَتَّبِعْ غَيْرَ سَبِيلِ الْمُؤْمِنِ نُوَلِّهِ مَا تَوَلَّى وَنُصْلِهِ جَهَنَّمَ وَسَاءَتْ مَصِيرًا۔[3]

ترجمہ: اور جو شخص رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی مخالفت کرے گا، بعد اسکے کہ اس پر ہدایت واضح ہو چکی ہے۔ اور جو مومنین کی راہ کے علاوہ کسی اور راہ پر چلے گا تو ہم اس کو جو کچھ وہ کرتا ہے کرنے دینگے اور (قیامت میں) ہم اس کو جہنم میں داخل کرینگے اور وہ بہت بُرا ٹھکانہ ہے۔

اس آیت میں اللہ تعالیٰ نے ان لوگوں کو جہنم میں داخل کرنے کا اعلان فرمایا ہے جو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی مخالفت کرنیوالے ہیں۔ اسی طرح ان لوگوں کو بھی جہنم کی وعید سنائی گئی ہے جو مومنین کے راستہ کے خلاف کسی اور راستہ پر چلنے والے ہیں۔ ظاہر ہے کہ آیت میں المومنین سے مراد وہی اہل ایمان ہیں جو نزول آیت کے وقت موجود تھے۔

جو قرآن کے اولین مخاطب ہیں اور جن کو بارگاہ رسالت سے فیضیاب ہونے کا عظیم دینی شرف نصیب ہوا ہے۔ یہی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی ایک کامل جماعت ہے جن کا اس آیت سے دوسروں کیلئے معیار حق ثابت ہوتا ہے کہ جن کی پیروی میں جنت ملتی ہے اور جن کی مخالفت سے عذاب جہنم کا سزاوار بنتا ہے۔ مجموعی حیثیت سے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے بعد جماعت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یعنی صحابہ کرام رضی اللہ تعالیٰ عنہم اجمعین کو اپنی قطعی وحی میں وہ شرعی مقام عطا فرمایا ہے، جو انبیائے کرام علیہم السلام کے بعد اور کسی کو نصیب نہیں ہوا۔ کہ ان کی اتباع باعث رضائے الٰہی اور ان کی مخالفت موجب غضب خداوندی ہے۔[4]

---

[1] ۔ سورۃ آل عمران آیت ۱۱۰

[2] ۔ سنی موقف، ص ۳۱

[3] ۔ سورۃ النساء، آیت ۱۱۵

[4] ۔ سنی موقف، ص ۳۲

فَإِنْ آمَنُوا بِمِثْلِ مَا آمَنتُمْ بِهِ فَقَدِ اهْتَدَوْا وَإِن تَوَلَّوْا فَإِنَّمَا هُمْ فِي شِقَاقٍ ۖ فَسَيَكْفِيكَهُمُ اللَّهُ ۚ وَهُوَ السَّمِيعُ الْعَلِيمُ ۔ [1]

ترجمہ:۔ سو اگر وہ بھی اسی طریق سے ایمان لے آئیں جس طریق سے تم ایمان لائے ہو تو وہ بھی ہدایت پر ہونگے۔ اور اگر وہ اس طرح ایمان لانے سے روگردانی کریں تو بیشک وہ مخالفت میں نہیں، پس اللہ تعالیٰ ان کی شر سے بچانے کے لئے آپ کو کافی ہے اور وہی ہر بات کو سننے والا اور ہر چیز کو دیکھنے والا ہے"

اس آیت میں بھی "انتم" سے مراد وہی جماعت رسول کے افراد ہیں جو ایمان و ہدایت میں دوسروں سے سبقت حاصل کر چکے ہیں اور اللہ تعالیٰ نے ان کے ایمان کامل کو ان لوگوں کے ایمان کے لئے ایک معیار قرار دیا ہے جو ابھی تک ایمان نہیں لائے۔

اس آیت سے ثابت ہوا کہ اصحاب رسول صلی اللہ علیہ وسلم، دوسروں کے لئے معیار حق وایمان ہیں۔ جن کے ایمان کو صحیح اور معیاری تسلیم کرنے کے بغیر کسی کو ایمان نصیب نہیں ہو سکتا۔[2]

مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ وَ الَّذِيْنَ مَعَه اَشِدَّآءُ عَلَى الْكُفَّارِ رُحَمَآءُ بَيْنَهُمْ تَرٰىهُمْ رُكَّعًا سُجَّدًا يَّبْتَغُوْنَ فَضْلًا مِّنَ اللّٰهِ وَ رِضْوَانًا۔ [3]

ترجمہ: حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم اللہ کے رسول ہیں اور جو لوگ آپ کے ساتھ ہیں وہ کافروں کے مقابلہ میں سخت (مضبوط) ہیں اور آپس میں مہربان ہیں۔ آپ دیکھتے ہیں ان کو کہ وہ رکوع کرنے والے اور سجدہ کرنے والے ہیں۔ وہ اللہ کا فضل اور اس کی رضا چاہتے ہیں۔

یہ آیت ان تقریباً چودہ سو اصحاب رسول صلی اللہ علیہ وسلم کے حق میں نازل ہوئی ہے۔ جو واقعہ حدیبیہ میں حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ تھے اور جن کو ایک کیکر کے درخت کے نیچے حضور رحمت للعالمین صلی اللہ علیہ وسلم کے دست مبارک پر حضرت عثمان ذوالنورین رضی اللہ عنہ کا انتقام لینے کے لئے موت وجہاد کی بیعت کرنے کا شرف حاصل ہوا تھا۔[4] اور جن کو اللہ تعالیٰ نے قرآن میں فرمایا:

لَقَدْ رَضِيَ اللَّهُ عَنِ الْمُؤْمِنِينَ إِذْ يُبَايِعُونَكَ تَحْتَ الشَّجَرَةِ۔ [5]

ترجمہ: یقیناً اللہ تعالیٰ ان اہل ایمان سے راضی ہو گیا جو ایک درخت کے نیچے آپ کی بیعت کر رہے تھے۔

اسی لئے اس تاریخی بیعت کو بیعت رضوان سے تعبیر کیا جاتا ہے۔ اور چونکہ قرآن میں مذکورہ بالا مخصوص صفات کاملہ ان اصحاب حدیبیہ کو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی معیت وصحبت کے فیضان سے نصیب ہوئی تھیں[6]۔

اسلئے درجہ بدرجہ ان آیات کا مصداق ثانوی درجے میں وہ تمام اصحاب ثابت ہوتے ہیں جن کو حضور رحمت للعالمین صلی اللہ علیہ وسلم کی صحبت اور سنگت کا عظیم شرف حاصل ہوا ہے۔

---

[1] ۔ سورۃ البقرہ، آیت ۱۳۷

[2] ۔ سنی موقف، ص ۳۳

[3] ۔ سورۃ الفتح- آیت ۲۹

[4] ۔ سنی موقف، ص ۳۴

[5] ۔ سورۃ الفتح- آیت ۱۸

[6] ۔ سنی موقف، ص ۳۵

## حضور خاتم النبیین صلی اللہ علیہ وسلم کی بعثت کا مقصد:

قاضی صاحبؒ فرماتے ہیں کہ، حضور خاتم النبیین صلی اللہ علیہ وسلم کی بعثت کا مقصد غلبہ دین تھا۔

چنانچہ قرآن مجید میں فرمایا:

هُوَ الَّذِي أَرْسَلَ رَسُولَهُ بِالْهُدَىٰ وَدِينِ الْحَقِّ لِيُظْهِرَهُ عَلَى الدِّينِ كُلِّهِ وَلَوْ كَرِهَ الْمُشْرِكُونَ ۔[1]

اس اللہ تعالی نے اپنے رسول صلی اللہ علیہ وسلم کو ہدایت اور دین حق دے کر بھیجا ہے، تاکہ وہ اللہ اس سچے دین کو باقی تمام ادیان (باطلہ) پر غالب کردے اور اللہ کافی ہے اس کی گواہی دینے والا۔

دین حق کے غلبہ سے مراد ہر طرح کا غلبہ ہے یعنی دلیل سے بھی اسلام سارے باطل دینوں پر غالب ہے۔ اور اصول دین میں کوئی دوسرا دین اس کا مقابلہ نہیں کر سکتا اور خصوصت قرآن مجید جو اسلام کی قطعی بنیاد ہے اور جو قیامت تک محفوظ ہو گا۔

قُلْ إِنْ كُنْتُمْ فِي رَيْبٍ مِمَّا نَزَّلْنَا عَلَىٰ عَبْدِنَا فَأْتُوا بِسُورَةٍ مِنْ مِثْلِهِ وَادْعُوا شُهَدَاءَكُم مِنْ دُونِ اللَّهِ إِنْ كُنْتُمْ صَادِقِينَ. فَإِنْ لَمْ تَفْعَلُوا وَلَنْ تَفْعَلُوا فَاتَّقُوا النَّارَ الَّتِي وَقُودُهَا النَّاسُ وَالْحِجَارَةُ ۖ أُعِدَّتْ لِلْكَافِرِينَ۔[2]

ترجمہ: اگر تم اس کتاب (قرآن) کی نسبت شک میں ہو جو ہم نے اپنے ایک خاص بندے (یعنی حضرت محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ سلم پر نازل کی ہے تو پھر تم اس کی مثل کوئی چھوٹی سی سورت ہی بنا کر لے آؤ اور تم اللہ کے سوا اپنے تمام مددگاروں کو بلالو اگر تم سچے ہو۔ پھر اگر تم ایسا نہ کرو اور ہرگز تم ایسا نہیں کر سکو گے تو پھر تم اس آگ سے بچو جس کا ایندھن آدمی اور پتھر ہیں اور وہ کافروں کے لئے تیار کی گئی ہے۔

قاضی صاحبؒ فرماتے ہیں کہ، غلبہ دین کا دوسرا مطلب یہ ہے کہ اسلام قوت و شوکت کے اعتبار سے بھی تمام اہل ادیان پر غالب ہو گا اور اس عظیم پیشگوئی کے وقوع میں بھی کوئی اہل عقل وانصاف اختلاف نہیں کرتے کہ اسلام نے اپنے ظہور کے بعد بڑی بڑی ابلیسی طاقتوں کو زیر وزبر کر دیا۔[3]

حضور خاتم النبیین صلی اللہ علیہ وسلم کی حیات طیبہ میں ۸ھ میں مرکز اسلام یعنی مکہ مکرمہ فتح ہو گیا۔ خانہ کعبہ میں ساتھ جنوں کی خدائی ختم ہو گئی اور جزیرۃ العرب میں اللہ کا قانون نافذ ہو گیا۔ عرب کے بت پرست اور مدینہ کے یہود نے اپنی پوری طاقت اسلام کا راستہ روکنے کی کوشش کی اور تمام مادی وسائل انہوں نے مسلمانوں کے ساتھ جنگ کرنے میں صرف کر دئے لیکن اصحاب رسول صلی اللہ علیہ سلم نے پرچم رسالت کے سایہ میں اپنی مجاہدانہ سرفروشیوں سے نصرت خداوندی کے تحت کفار کی بنی قوتوں کو پاش پاش کر کے کلمہ اسلام لَا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ مُحَمَّدٌ رَسُولُ اللّٰهِ کا ڈنکا بجا دیا۔[4]

---

[1] ۔ سورۃ الصف آیت ۹

[2] ۔ سورۃ البقرۃ، آیت ۲۴

[3] ۔ سنی موقف، ص ۴۹

[4] ۔ ایضاً، ص ۵۰

قاضی صاحبؒ فرماتے ہیں کہ، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے مقدس صحابہ کی وہ جماعت کامل جس کو حق تعالیٰ نے غلبہ دین کا عظیم مقصد حاصل کرنے کے لئے اپنے رسول اعظم صلی اللہ علیہ وسلم کے دامن پاک سے وابستہ کر دیا۔ حقیقت یہ ہے کہ اصحاب رسول صلی اللہ علیہ وسلم کی جماعت مقدسہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے دلائل نبوت میں سے ایک زبردست دلیل ہے۔ کیونکہ انبیائے کرام علیہم السلام کے علاوہ صحابی رسول صلی اللہ علیہ وسلم کی شان مقبولیت و محبوبیت۔ خلوص و تقوی اور مومنانہ ہمت و استقامت اور کسی فرد و بشر میں نہیں پائی جاتی۔[1]

قاضی صاحبؒ فرماتے ہیں:

قرآن پر ایمان رکھنے والوں کو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے اصحاب کرام کی ان مقدس صفات کو تسلیم کرنا کے علاوہ کوئی اور چارہ کار نہیں کیونکہ قرآن حکیم میں مذکور ہیں۔

وَٱلسَّٰبِقُونَ ٱلْأَوَّلُونَ مِنَ الْمُهَاجِرِينَ وَالْأَنْصَارِ وَالَّذِينَ اتَّبَعُوهُم بِإِحْسَانٍ رَّضِيَ اللَّهُ عَنْهُمْ وَرَضُوا عَنْهُ وَأَعَدَّ لَهُمْ جَنَّاتٍ تَجْرِي تَحْتَهَا الْأَنْهَارُ خَالِدِينَ فِيهَا أَبَدًا ۚ ذَٰلِكَ الْفَوْزُ الْعَظِيمُ۔[2]

ترجمہ:۔ اور جو مہاجرین اور انصار ایمان لانے میں سبقت اور پہل کرنیوالے ہیں اور جو لوگ اخلاص سے ان کی پیروی کرنے والے ہیں ان سب سے اللہ راضی ہو گیا اور وہ اس سے راضی ہو گئے۔ اور اللہ تعالیٰ نے ان کے لئے جنتیں تیار کر رکھی ہیں جن کے نیچے نہریں جاری ہیں اور وہ ان میں ہمیشہ ہمیشہ رہینگے، یہ بڑی کامیابی ہے۔

قاضی صاحبؒ اس آیت میں اللہ تعالیٰ کی مومنین کے لیے بیان کردہ صفات پر استدلال فرماتے ہیں۔

۱۔ مہاجرین جنہوں نے اللہ اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم کے حکم سے ترک وطن کیا ہے۔

۲۔ انصار (مددگار) مدینہ منورہ میں بسنے والے صحابہ جنہوں نے رسول اللہ صلی الہ علیہ وسلم اور مہاجرین صحابہ کی دین میں نصرت فرمائی ہے۔

۳۔ وہ مومنین جو مہاجرین و انصار میں شامل نہیں اور بعد میں آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے دست مبارک پر ایمان لانے والے ہیں۔ اور مہاجرین اور انصار صحابہ کی مخلصانہ طور پر پیروی کرنے والے ہیں۔ ان سب سے اللہ راضی ہے اور وہ بھی اللہ سے راضی ہیں۔[3]

## احادیث نبویہ اور صحابہ اکرام رضی اللہ عنہ:

قاضی صاحبؒ احادیث نبویہ کی روشنی میں استدلال کرتے ہیں کہ، نبی کریم خاتم النبیین صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنی جماعت صحابہ اکرامؓ کی جو صفات و خصوصیات بیان فرمائی ہیں وہ بطور نمونہ حسب ذیل ہیں:۔

۱۔ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِنَّ اللَّهَ اخْتَارَ أَصْحَابِي عَلَى الثَّقَلَيْنِ سِوَى النَّبِيِّينَ وَالْمُرْسَلِينَ۔

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اللہ تعالے نے سوائے انبیاء اور مرسلین کے تمام ثقلین، یعنی جن وانس میں سے میرے اصحاب کو چن لیا ہے۔

---

[1] ۔ سنی موقف، ص ۵۱

[2] ۔ سورۃ التوبہ، آیت ۱۰۰

[3] ۔ سنی موقف، ص ۳۷

۲۔ أَكْرِمُوا أَصْحَابِي؛ فَإِنَّهُمْ خِيَارُكُمْ [1]

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے (اپنی امت کو) ارشاد فرمایا کہ میرے اصحاب کا اکرام کرو کیونکہ وہ تم میں سے بہتر ہیں۔

۳۔ قَالَ رَسُولُ اللّٰہِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: أَصْحَابِي كَالنُّجُومِ فَبِأَيِّهِمُ اقْتَدَيْتُمْ اهْتَدَيْتُمْ۔[2]

ترجمہ:- میرے اصحاب مثل ستاروں کے ہیں ان میں سے جس کی بھی پیروی کرو گے ہدایت پاؤ گے۔

۴۔ قَالَ رَسُولُ اللّٰہِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ؛ اللَّهَ اللَّهَ فِي أَصْحَابِي، لَا تَتَّخِذُوهُمْ غَرَضًا بَعْدِي، فَمَنْ أَحَبَّهُمْ فَبِحُبِّي أَحَبَّهُمْ، وَمَنْ أَبْغَضَهُمْ فَبِبُغْضِي أَبْغَضَهُمْ، وَمَنْ آذَاهُمْ فَقَدْ آذَانِي، وَمَنْ آذَانِي فَقَدْ آذَى اللَّهَ، وَمَنْ آذَى اللَّهَ فَيُوشِكُ أَنْ يَأْخُذَہ۔[3]

ترجمہ: حضرت عبداللہ بن مغفل رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: اللہ سے ڈرو، اللہ سے ڈرو، میرے صحابہ کے بارے میں، میرے بعد انہیں ہدفِ ملامت مت بنانا، جو شخص ان سے محبت کرے گا وہ مجھ سے محبت کرنے کی وجہ سے ان سے محبت کرے گا، اور جو شخص ان سے بغض رکھے گا وہ مجھ سے بغض رکھنے کی وجہ سے ان سے بغض رکھے گا، اور جس شخص نے انہیں ایذاء وتکلیف پہنچائی اس نے مجھے ایذاء وتکلیف پہنچائی، اور جس شخص نے مجھے ایذاء وتکلیف پہنچائی اس نے اللہ تعالی کو ایذاء وتکلیف پہنچائی، اور جس شخص نے اللہ تعالی کو ایذاء وتکلیف پہنچائی قریب ہے کہ وہ سے اپنی پکڑ میں لے۔

## خلافت ونبوت کا ثبوت قرآنی آیات سے:

قاضی صاحبؒ فرماتے ہیں کہ حضور رحمت اللعالمین صلی اللہ علیہ وسلم پر نبوّت کا سلسلہ ختم کرنے کے بعد جونکہ نئے دین، نئی شریعت اور نئی کتاب کی ضرورت باقی نہیں رہی تھی۔ دین وشریعت اور کتاب اللہ قرآن مجید کو کامل ومکمل حیثیت سے قیامت تک کے لئے محفوظ کردیا گیا تھا۔ لہذا اب اس امر کی ضرورت تھی کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے جو دین کامل شریعت کاملہ اور نظام حق دور رسالت کے مومنین کاملین صحابہ کرامؓ کو ملا ہے۔[4]

کتاب وسنت کی جو نورانی فضا نصیب ہوئی ہے۔ انوار نبوت سے انسانی قلوب ارواح کو جو نور ایمانی نصیب ہوا ہے، یہ عظیم دینی وایمانی نعمتیں نہ صرف یہ کہ محفوظ رہیں بلکہ اللہ کے ان بندوں کو بھی ان نعمتوں سے سرفراز کیا جائے۔ جنہیں بلاواسطہ فیض نبوی حاصل کرنے کا موقع نہیں ملا اور جو دور دراز ملکوں کے باشندہ ہیں اور اسی طرح کفر وشرک کی ظلمات میں ڈوبے ہوئے ہیں۔ جس طرح کہ اہل مکہ اور اہل عرب تھے۔ اس لئے حق تعالیٰ نے حضور خاتم النبیین صلی اللہ علیہ وسلم کے بعد اپنی قدرت وحکمت کے تحت بجائے نبوت ورسالت کے خلافت نبوت کا ایک نظام حق قائم فرمادیا۔[5]

---

[1] ۔ سنن الترمذی، حدیث ۲۱۶۵

[2] ۔ رواہ رزین (لم أجدہ) [والخطیب في الفقیہ والمتفقہ، ج ا ص ۱۷۷

[3] ۔ سنن الترمذي، أبواب المناقب، باب في من سبّ أصحاب النبي- صلّى الله علیہ وسلم، ج ۵، ص ۶۹۶

[4] ۔ قاضی مظہر حسین، سنی موقف، ص ۵۱

[5] ۔ قاضی مظہر حسین، سنی موقف، ص ۵۲

جو دین اسلام کی تبلیغ واشاعت اور استحکام و غلبہ کا ایک موثر ترین ذریعہ ثابت ہوا ہے۔ **فعال لما یُرید** خدا نے بجائے اس کے کہ، انبیاء کی طرح خلفائے رسول کی نامزدگی کا کتاب اللہ میں اعلان کیا جائے قرآن مجید میں ایک عظیم پیشگوئی فرمادی۔ اور خلفائے راشدینؓ کے ناموں کی بجائے ان کی صفات و علامات خلافت کا اعلان فرمادیا۔ چنانچہ حسب ذیل دو آیتیں خلافت نبوت کے قائم ہونی کی واضح دلیل ہیں۔

**آیت استخلاف اور وعدہ خلافت:**

**وَعَدَ اللّٰهُ الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا مِنْكُمْ وَ عَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ لَیَسْتَخْلِفَنَّهُمْ فِی الْاَرْضِ كَمَا اسْتَخْلَفَ الَّذِیْنَ مِنْ قَبْلِهِمْ۪-وَ لَیُمَكِّنَنَّ لَهُمْ دِیْنَهُمُ الَّذِی ارْتَضٰى لَهُمْ وَ لَیُبَدِّلَنَّهُمْ مِّنْۢ بَعْدِ خَوْفِهِمْ اَمْنًاؕ-یَعْبُدُوْنَنِیْ لَا یُشْرِكُوْنَ بِیْ شَیْــٴًـاؕ-وَ مَنْ كَفَرَ بَعْدَ ذٰلِكَ فَاُولٰٓىٕكَ هُمُ الْفٰسِقُوْنَ۔** [1]

ترجمہ: اللہ نے وعدہ فرمایا ہے ان لوگوں سے جو ایمان لائے ہیں تم میں سے اور انہوں نے نیک عمل کئے ہیں کہ ضرور ان کو خلیفہ بنائے گا زمین میں جیسا اس نے ان لوگوں کو خلیفہ بنایا ہے جو ان سے پہلے ہوئے ہیں اور ضرور ان کو ان کے لئے اس دین کی طاقت (تمکین) دے گا جو اُس نے اُن کے لئے پسند کر لیا ہے۔ وہ خلفاء میری ہی عبادت کرینگے اور میرے ساتھ کسی کو بھی شریک نہیں بنائینگے اور اس کے بعد جو شخص انکار (یا ناشکری) کرے گا تو وہ لوگ فاسق (نافرمان) ہونگے۔

قاضی صاحبؒ فرماتے ہیں کہ، اس آیت استخلاف میں اللہ تعالیٰ نے واضح طور پر ان ایمان و عمل صالح والے صحابہ کرامؓ کو خلیفہ بنانے کا وعدہ فرمایا ہے۔ جو اس آیت کے نازل ہونے کے وقت موجود تھے۔ جس پر لفظ منکم دلالت کرتا ہے۔ اور چونکہ نبی کریم رحمت للعالمین خاتم النبیین حضرت محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے بعد مہاجرین صحابہؓ میں سے بالترتیب حضرت ابو بکر صدیقؓ، حضرت عمر فاروقؓ، حضرت عثمانؓ ذوالنورین اور حضرت علی المرتضیٰؓ کو ہی خلافت اور جانشینی کا عظیم مشرف نصیب ہوا ہے اس لئے یہ تسلیم کرنا پڑتا ہے کہ اللہ تعالیٰ نے جن خلفاء کے متعلق اس آیت میں وعدہ فرمایا تھا۔ وہ یہی چار ہیں ان کی خلافت قرآن کی موعودہ خلافت ہے۔ [2]

آیت میں منکم کی قید کی وجہ سے بعد کے خلفاء اس آیت کا مصداق نہیں قرار دئے جا سکتے۔ خواہ حضرت امام حسنؓ ہوں یا حضرت امیر معاویہؓ اور خواہ حضرت عمر بن عبد العزیزؒ ہوں یا قرب قیامت میں پیدا ہونیوالے حضرت مہدیؒ جو امت محمدیہ کے آخری ہادی اور مجدد ہونگے۔ جن کی عادلانہ اسلامی حکومت کے بارے میں احادیث میں پیشگوئی موجود ہے۔ ان مابعد کے خلفاء کو بعض حضرات نے جو خلفائے راشدینؓ میں شمار کیا ہے تو وہ لغوی معنٰی میں ہے کہ انکی حکومتیں بھی برحق خلافتیں ہیں اور وہ بھی رشد و ہدایت والے ہیں، لیکن اصل خلفائے راشدینؓ یہی خلفائے اربعہ (چار یار) ہیں۔ جو قرآن کی موعودہ خلافت کا صحیح مصداق ہیں اور انکے بعد آنیوالے خلفاء اس آیت کے موعودہ خلفاء نہیں قرار دئے جا سکتے۔ کیونکہ حسب آیت تمکین، آیت استخلاف سے مراد بھی وہی خلفاء ہیں جو مہاجرین صحابہ میں سے ہونگے۔ [3]

---

[1] ۔ سورۃ النور آیت ۵۵

[2] ۔ قاضی مظہر حسین، سنی موقف، ص ۵۵

[3] ۔ قاضی مظہر حسین، سنی موقف، ص ۵۵

## آیت تمکین اور خلافت نبوت:

أُذِنَ لِلَّذِيْنَ يُقَاتَلُوْنَ بِاَنَّهُمْ ظُلِمُوْا ؕ وَاِنَّ اللّٰهَ عَلٰى نَصْرِهِمْ لَقَدِيْرُ اَلَّذِيْنَ اُخْرِجُوْا مِنْ دِيَارِهِمْ بِغَيْرِ حَقٍّ اِلَّآ اَنْ يَّقُوْلُوْا رَبُّنَا اللّٰهُ۔[1]

ترجمہ: ان لوگوں کو لڑائی کی اجازت دے دی گئی ہے جن سے کفار کی طرف سے لڑائی کی جاتی ہے اس وجہ سے کہ ان پر ظلم کیا گیا۔اور بیشک اللہ تعالی ان کی نصرت و مدد کرنے میں پوری پوری قدرت رکھنا والا ہے۔

انہی مومنین مہاجرین کے بارے میں اعلان فرمایا کہ :

ٱلَّذِينَ إِن مَّكَّنَّٰهُمْ فِى ٱلْأَرْضِ أَقَامُوا۟ ٱلصَّلَوٰةَ وَءَاتَوُا۟ ٱلزَّكَوٰةَ وَأَمَرُوا۟ بِٱلْمَعْرُوفِ وَنَهَوْا۟ عَنِ ٱلْمُنكَرِ ۗ وَلِلَّهِ عَٰقِبَةُ ٱلْأُمُورِ[2]

ترجمہ: یہ ایسے لوگ ہیں کہ اگر ہم ان کو دنیا میں زمین پر تمکین واقتدار دیں تو یہ لوگ نماز قائم رکھیں اور زکوۃ دیں۔اور نیک کاموں کا حکم دیں اور برے کاموں سے منع کریں۔اور سب کاموں کا انجام اللہ تعالی کے اختیار میں ہے۔

قاضی صاحبؒ فرماتے ہیں، آیت تمکین میں اللہ تعالی نے مہاجرین صحابہ کے متعلق ایک اعلان فرمایا ہے۔جن کو کافروں نے گھروں سے نکالا دیا تھا اور وہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے حکم کے تحت مدینہ منورہ میں قیام پذیر ہو گئے تھے۔کہ اگر ہم ان کو ملک میں حکومت واقتدار دے دیں تو وہ ضرور ان چار کاموں کی تکمیل کریں گے۔مہاجرین صحابہ کرام میں سے آنحضرت صلی اللہ علیہ سلم کے بعد صرف ان چار اصحاب یعنی حضرت ابو بکر صدیق، حضرت عمر فاروق، حضرت عثمان ذوالنورین اور حضرت علی المرتضی رضوان اللہ تعالی عنہم کو ہی ملکی اقتدار عطا فرمایا ہے۔[3]

ان خلفاء نے اس آیت میں ذکر اقامت صلوۃ - ایتاء الزکوۃ – امر بالمعروف اور نہی عن المنکر پر صحیح طور پر عمل پیرا ہو کر رہتی دنیا کے لیے مثال قائم کر دی۔جو خلفائے اربعہ کو برحق خلفاء تسلیم نہیں کرتا تو وہ اس آیت کا منکر ہے۔ان چار خلفاء کے علاوہ اور کسی مہاجر صحابی کو خلافت نہ ملی۔

اسی بنا پر ان چاروں خلفاء کی خلافت کو خصوصی طور پر خلافت راشدہ کہتے ہیں۔جو قرآن کی موعودہ خلافت ہے۔[4]

### حدیث سفینہ اور خلافت و نبوت:

عَنْ سَفِينَةَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: خِلَافَةُ النُّبُوَّةِ ثَلَاثُونَ سَنَةً، ثُمَّ يُؤْتِي اللَّهُ الْمُلْكَ مَن يَشَاءُ۔[5]

ترجمہ: حضرت سفینہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: نبوت کی خلافت تیس برس تک رہے گی پھر اللہ جس کو چاہے گا سلطنت دے دے گا۔

حدیث میں جو تیس سالہ خلافت کی پیشگوئی مذکور ہے اس سے مراد بھی یہی خلافت راشد خاصہ ہے جس کا وعدہ قرآن مجید میں مذکور ہے۔

---

[1] ۔ سورۃ الحج، آیت ۳۹

[2] ۔ سورۃ الحج، آیت ۴۰

[3] ۔ سنی موقف، ص ۵۳

[4] ۔ ایضا، ص ۵۳

[5] ۔ سنن ابو داود حدیث ۱۲۲۲

**حدیث اتباع خلفائے راشدین:**

رسول امین رحمت اللعلمین صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:

مَنْ يَعِشْ مِنْكُمْ فَسَيَرَى اخْتِلَافًا كَثِيرًا، فَعَلَيْكُمْ بِمَا عَرَفْتُمْ مِنْ سُنَّتِي، وَسُنَّةِ الْخُلَفَاءِ الرَّاشِدِينَ الْمَهْدِيِّينَ۔[1]

ترجمہ)"تم میں سے جو شخص میرے بعد زندہ رہیگا وہ بہت زیادہ اختلاف دیکھے گا پس تم پر میری سنت کی اور میرے ہدایت یافتہ خلفائے راشدین کی سنت (طریقہ) کی پیروی لازم ہو گی۔

قاضی صاحبؒ صحابہ اکرام کے بارے مغربی مورخین کے تاثرات بیان کرتے ہوئے فرماتے ہیں کہ صحابہ اکرام کی لازوال قربانیوں سے مخالفین بھی اس قدر متاثر ہوئے کہ ان کے حق میں قلم اٹھانے پر مجبور ہوے۔

[1] ۔ سنن ابن ماجہ حدیث نمبر:۴۳

## فصل سوم: قاضی مظہر حسینؒ کا نظریہ امامت

### امامت کی تعریف:

امام ایک عربی لفظ ہے، جس کے معانی ہیں: پیشوا، راہنما، جماعت کی قیادت کرنے والا (خاص طور پر نماز کی امامت کرنے والا) روحانی یا سیاسی قائد[1]

### امامت کا لغوی واصطلاحی مفہوم:

امامت دین کی حفاظت اور دنیاوی امور کے نظم و نسق میں رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی جانشینی کا نام ہے۔ جس طرح "امامت"، "خلافت" اور "امارت" ہم معنی الفاظ ہیں، اسی طرح "امام"، "خلیفہ"، "امیر المومنین" اور "اولی الامر" بھی مترادف الفاظ ہیں۔ چنانچہ منصبِ امامت وخلافت پر فائز شخص کو "امام"، "خلیفہ" یا "امیر المومنین" کہا جاتا ہے۔[2]

مذاہبِ اسلامیہ میں سے مذاہبِ اربعہ (حنفی، مالکی، شافعی، اور حنبلی) کے نزدیک امامت کے دو درجے ہیں اور ابن تیمیہ نے اپنی کتاب الفتاویٰ میں امامت کی دو اقسام پر روشنی ڈالی ہے، جہاں انہوں نے امامتِ صغریٰ اور امامتِ کبریٰ کی وضاحت کی ہے۔[3]

1. **امامتِ صغریٰ**: جو صرف نماز کی امامت سے متعلق ہے، یعنی امام الصلوٰۃ۔
2. **امامتِ کبریٰ**: جو امت کی دینی ودنیاوی قیادت پر مشتمل ہے۔

ان مذاہب کے فقہی متون میں امامتِ کبریٰ پر فائز شخص کو زیادہ اہمیت دی جاتی ہے، کیونکہ وہ امت کے اجتماعی معاملات کا ذمہ دار ہوتا ہے۔ جبکہ امامتِ صغریٰ، یعنی امام الصلوٰۃ کا منصب محدود ہوتا ہے اور اس میں بھی فقیہ، عادل اور قاری امام کو ترجیح دی جاتی ہے۔[4] ذیل میں امامت وامام کا لغوی واصطلاحی مفہوم بیان کیا جاتا ہے۔

### امامت کا لغوی معنی:

ابن منظور افریقی نے امام کی تعریف ان الفاظ میں بیان کی ہے:

**الإِمَامَةُ وَالإِمَامُ كُلُّ مَنْ ائْتَمَّ بِهِ قَوْمٌ كَانُوا عَلَىٰ صِرَاطٍ مُسْتَقِيمٍ أَوْ كَانُوا ضَالِّينَ-**[5]

ترجمہ امامت اور امام ہر وہ شخص جس کی کوئی قوم اقتداء کرے۔ چاہے وہ قوم سیدھے راستے پر ہو یا گمراہی پر ہو۔

ایرانی القاسم الحسن بن محمد المعروف باف اصفہانی امامت کی تعریف ان الفاظ میں بیان کرتے ہیں۔

---

[1] لسان العرب محمد بن مکرم بن علی، أبو الفضل، جمال الدین ابن منظور مکتبہ دار صادر، بیروت، لبنان ۱۴۱۴ھ

[2] الفیروز آبادي، القاموس المحیط، تحقیق: مکتب تحقیق التراث في مکتبة الرسالة. بإشراف: محمد العرقسوسي. بیروت: مکتبة الرسالة

[3] ابن تیمیہ، تقی الدین أحمد بن عبد الحلیم، الفتاویٰ، جلد ۲۸، دار التوحید، ۱۹۸۷ ص ۵۰

[4] واجد علی، مقالہ نظریہ امامت، مقالہ نگار پی ایچ ڈی علوم اسلامیہ، ص ۳

[5] ابن القاسم الحسن بن محمد، المفردات فی غرائب القرآن، ص ۳۴

امام سے مراد ایسا انسان جس کی پیروی کی جائے یعنی اس کے قول، فعل یا تحریر کی پیروی کی جائے۔ وہ حق ہو باطل اور امام کی جمع آئمہ ہے۔[1]

سید قطب شہید کے نزدیک امامت کا مفہوم اس طرح ہے:

إنَّ إِقَامَةَ الإِمَامَةِ الصَّالِحَةِ فِي أَرْضِ اللهِ لَهَا أَهَمِّيَّةٌ جَوْهَرِيَّةٌ وَخُطُورَةٌ بَالِغَةٌ فِي نِظَامِ الإِسْلَامِ، فَكُلُّ مَنْ يُؤْمِنُ بِاللهِ وَرَسُولِهِ وَيَدِينُ بِالدِّينِ الحَقِّ، لَا يَنْتَهِي عَمَلُهُ بِأَنْ يَبْذُلَ الْجُهْدَ الْمُسْتَطَاعَ لِإِفْرَاغِ حَيَاتِهِ فِي قَالَبِ الإِسْلَامِ، وَلَا تَبْرَأُ ذِمَّتُهُ مِنْ ذَلِكَ فَحَسْبُ، بَلْ يَلْزَمُهُ بِمُقْتَضَى ذَلِكَ الإِيمَانِ أَنْ يَسْتَنْفِدَ جَمِيعَ قُوَاهُ وَمَسَاعِيهِ فِي انْتِزَاعِ زِمَامِ الأَمْرِ مِنْ أَيْدِي الْكَافِرِينَ وَالْفَجَرَةِ وَالظَّالِمِينَ، حَتَّى يَتَسَلَّمَهُ رِجَالٌ ذَوُو صَلَاحٍ مِمَّنْ يَتَّقُونَ اللهَ، وَيَرْجُونَ حِسَابَهُ، وَيَقُومَ فِي الأَرْضِ ذَلِكَ النِّظَامُ الحَقُّ الْمَرْضِيُّ عِنْدَ اللهِ، الَّذِي بِهِ صَلَاحُ أُمُورِ الدُّنْيَا وَقِوَامُ شُؤُونِهَا.[2]

ترجمہ: امام سے مراد وہ شخص ہے جو نماز پڑھاتا ہے اس کے واسطے ضروری ہے کہ وہ شریعت ہو عالم ہو اور بہتر ہے کہ حافظ قرآن بھی ہو لیکن اگر فی الوقت ایسا آدمی موجود نہ ہو تو حاضرین میں سے سب سے شریعت یا عالم ورنہ سن رسیدہ شخص کو امام منتخب کر لیا جاتا ہے۔ اس کو پیش امام و پیش نماز بھی کہتے ہیں۔ اہل سنت فن حدیث و فقہ کے مسلم ماہروں اور عالموں کو بھی امام کہتے ہیں۔ مثلاً امام ابو حنیفہ، امام شافعی، امام مالک، اہل تشیع کا خیال ہے کہ مذہب کے بہت سے رموز ایسے ہیں جن کو عوام نہیں سمجھتے وہ سب باتیں آپ نے حضرت علی کو بتا دیں تھیں۔ یہ علم سینہ بہ سینہ منتقل ہوا وہی امام بنے اور آنحضرت کے جانشین اور خلیفہ بنے۔

امام کے واسطے عاقل، بالغ، عالم اور معصوم ہونا ضروری ہے۔ اہل تشیع بارہ اماموں کو مانتے ہیں۔ جو حضرت علی اور ان کی اولاد میں سے ہیں۔ آخری امام غائب ہیں جو قرب قیامت ظہور فرمائیں گے اور وہی امام مہدی ہوں گے۔ اسماعیلیوں کے نزدیک سات اماموں کے بعد غائب امام کے آنے تک جو لوگ امامت کے فرائض سرانجام دیں گے وہ نائب امام ہوں گے مگر ان کو منتخب کرنے کا حق عوام کو نہیں سب سے بڑا بیٹا امامت کا حقدار ہوتا۔

**قاضی مظہر حسینؒ کا نظریہ امامت:**

قاضی مظہر حسینؒ اہل سنت کے اس عقیدے کی ترجمانی کرتے ہیں جس میں حضرت علیؓ سے حضرت حسن عسکریؒ تک تمام ائمہ کو اولیاء اللہ تسلیم کیا گیا ہے، مگر ان کی امامت و خلافت کو قرآن مجید کی نص قطعی یا صریح آیات کی روشنی میں منصبِ الٰہی کے طور پر تسلیم نہیں کیا گیا، جیسا کہ شیعہ عقیدہ کرتا ہے۔ اہل سنت کے نزدیک خلافت و امامت امت کی اجتماعی ضرورت ہے، جو شوریٰ یا اجماع کے ذریعے طے پاتی ہے، نہ کہ منصبِ الٰہی جس پر ایمان فرض ہو۔ چنانچہ قرآن میں توحید، رسالت، فرشتے، کتابیں اور قیامت پر ایمان کو بار بار ذکر کیا گیا، لیکن ائمہ کے نام یا ان پر ایمان لانے کی کوئی صراحت موجود نہیں۔[3]

---

[1] ایرانی، القاسم الحسن بن محمد المعروف باف اصفہانی الراغب الاصفہانی، ایضاً، ص ۳

[2] سید قطب ابراہیم شارقی، فی ظلال القرآن، طاہرہ، ناشر دار الشرق ۱۴۱۲ھ، ج ۳، ص ۱۴۲

[3] قاضی مظہر حسین، سنی مذہب حق ہے، ص ۴۰

## شیعہ مذہب کے پانچ اصول دین:(Usul al-Din)

مولوی عبدالکریم مشتاق نے بھی اپنے رسالہ ''میں شیعہ کیوں ہوا میں لکھا ہے۔

مذہب شیعہ کے مطابق اسلام کی اساس مندرجہ ذیل پانچ اصولوں پر ہے۔[1]

1. **توحید** –اللہ کی یکتائی کا عقیدہ
2. **عدل** –اللہ کے عدل کا عقیدہ (یہ اصول خاص طور پر شیعہ عقائد کا امتیاز ہے(
3. **نبوت** –انبیاء علیہم السلام کی بعثت پر ایمان
4. **امامت** –بارہ ائمہ کی اللہ کی طرف سے تقرری اور ان کی معصومیت پر ایمان
5. **قیامت** – آخرت، قیامت، حساب وکتاب پر ایمان

**اماموں کی حیثیت:**

شیعہ عقیدے کے مطابق یہ بارہ امام اللہ کی طرف سے **منصوص من اللہ** (یعنی نامزد کردہ) ہیں، اور وہ نہ صرف دینی و دنیاوی رہبر ہیں بلکہ ان کی **معصومیت** (عصمت) اور **علم لدنی** کا عقیدہ بھی رکھا جاتا ہے۔ بعض شیعہ اقوال میں ان کی **افضیلت** انبیائے سلف پر بھی بیان کی گئی ہے، جیسا کہ آپ نے ذکر کیا۔

**بارہ اماموں کے نام:**

1. امام علی بن ابی طالبؓ
2. امام حسن بن علیؓ
3. امام حسین بن علیؓ
4. امام زین العابدین
5. امام محمد باقر
6. امام جعفر صادق
7. امام موسیٰ کاظم
8. امام علی رضا
9. امام محمد تقی

[1] ۔ مولوی عبدالکریم مشتاق، اصول دین "میں شیعہ کیوں ہوا"، ص ۴

10. امام علی نقی

11. امام حسن عسکری

12. امام محمد بن حسن (امام مہدیؑ، جو غائب ہیں)۔[1]

## امامت کا مفہوم اہل تشیع کے نزدیک:

امامت ایک الٰہی منصب ہے، یعنی خود اللہ تعالیٰ کی طرف سے مقرر شدہ ہوتا ہے، انسانوں کی طرف سے منتخب شدہ نہیں۔ امام کا کام صرف دینی معاملات کی رہنمائی ہی نہیں بلکہ باطنی علم، شریعت کی توضیح، روحانی تربیت اور حق و باطل میں فرق واضح کرنا ہوتا ہے۔۔[2]

## شرائطِ امامت (اہل سنت کے مطابق):

1. مسلمان ہونا
2. عاقل ہونا
3. بالغ ہونا
4. علم و تقویٰ
5. قوت و صلاحیت قیادت
6. عدالت اور معاشرتی قبولیت

## اہل سنت کے نزدیک:

امام یا خلیفہ کا ظاہر اور اقتدار ہونا لازم ہے تاکہ وہ:

شریعت کا نفاذ کرے

حدود و تعزیرات جاری کرے

عدل و انصاف قائم کرے

اجتماعی نظم برقرار رکھے

اگر امام غائب ہو یا اقتدار سے محروم ہو، تو وہ خلافت یا امامت کی ذمہ داریاں ادا نہیں کر سکتا، اس لیے وہ امام تسلیم نہیں کیا جاتا۔

## شیعہ نظریہ امامت:

امام نصِ الٰہی کے تحت مقرر ہوتا ہے، اس کی امامت کا دار و مدار:

ظاہری حکومت پر نہیں روحانی و معنوی ہدایت پر ہوتا ہے۔

---

[1] ۔ المجلسي، محمد باقر، بحار الأنوار، بیروت: دار إحیاء التراث العربي، ۱۹۸۳ جلد ۵۰، ص ۱۲۳

[2] ابن قدامہ، تحفۃ العوام حصہ اول مطبوعہ لکھنو ۱۹۳۱ء ص ۳

چاہے امام ظاہر نہ ہو (جیسے امام مہدی غائب ہیں)، پھر بھی ان کی امامت باقی رہتی ہے۔
ان کے نزدیک امام کا کام صرف سیاسی قیادت نہیں بلکہ باطنی ہدایت اور دین کی حفاظت ہے۔
یہی تصور "امام مہدی غائب" کی عقیدے کی بنیاد ہے، جو اہل سنت میں نہیں پایا جاتا، بلکہ ان کے نزدیک امام مہدی قرب قیامت پیدا ہوں گے اور ظاہر ہو کر قیادت کریں گے۔[1]

لیکن موجودہ قرآن مجید میں جہاں توحید ورسالت اور قیامت کا جابجا ذکر ملتا ہے وہاں امامت کا مثل نبوت ورسالت کے کہیں ثبوت نہیں ملتا۔ حضرت محمد رسول اللہ ﷺ کی بعثت کے بعد ایمانیات میں امامت اور اماموں پر ایمان لانے کا کسی آیت میں بھی کوئی حکم نہیں پایا جاتا۔

قرآن مجید میں ارشاد ربانی ہے:

امَنَ الرَّسُوْلُ بِمَآ اُنْزِلَ اِلَيْهِ مِنْ رَّبِّه وَالْمُؤْمِنُوْنَ كُلٌّ اٰمَنَ بِاللّٰهِ وَمَلٰٓئِكَتِه وَكُتُبِه وَرُسُلِهٖ۔[2]

ترجمہ: رسول اللہ ﷺ اس (وحی) پر ایمان رکھتے ہیں جو آپ کے رب کی طرف سے آپ کے پاس نازل کی گئی ہے اور مومنین بھی (اس پر ایمان رکھتے ہیں) سب کے سب ایمان رکھتے ہیں اللہ کے ساتھ اور اس کے فرشتوں کے ساتھ اور اس کی کتابوں کے ساتھ اور اس کے رسولوں کے ساتھ۔

لَيْسَ الْبِرَّ أَنْ تُوَلُّوا وُجُوهَكُمْ قِبَلَ الْمَشْرِقِ وَالْمَغْرِبِ، وَلَكِنَّ الْبِرَّ مَنْ آمَنَ بِاللَّهِ وَالْيَوْمِ الْآخِرِ وَالْمَلَائِكَةِ وَالْكِتَابِ وَالنَّبِيِّينَ۔[3]

ترجمہ: یہ پوری نیکی نہیں ہے کہ تم اپنے مونہوں کو مشرق یا مغرب کی طرف کرلو لیکن کامل نیکی یہ ہے کہ کوئی شخص اللہ پر ایمان رکھے اور قیامت کے دن پر اور فرشتوں پر اور کتابوں پر اور نبیوں پر۔

قاضی مظہر حسینؒ ان آیات بالا کی روشنی مین فرماتے ہیں کہ قرآن پاک کی ان آیت میں تو انبیاء، ملائکہ وغیرہ پر ایمان رکھنے کا ذکر تو صراحتا پایا جاتا ہے لیکن اس میں امامت اور ائمہ کا کہیں سراغ نہیں ملتا۔ شیعہ علماء اس قرآن عظیم میں کوئی ایسی آیت ثابت کردیں جس میں مومنین کے لیے مثل انبیاء ورسل کے امامت اور ائمہ پر ایمان لانے کا حکم یا ذکر موجود ہے۔[4]

تعجب ہے کہ جو انبیائے کرام پہلی امتوں میں گزر چکے ہیں ان سب پر تو ایمان لانے کا ذکر موجود ہے اور ان میں سے بعض انبیائے کرام علیہم السلام کا نام لے کر ان پر اور ان کی کتابوں اور صحیفوں پر ایمان لانے کا تذکرہ پایا جاتا ہے مثلاً:

[1] ۔ اصفہانی، ص۱۶
[2] ۔ سورۃ البقرۃ، آیت ۲۸۵
[3] ۔ سورۃ البقرہ آیت ۱۷۷
[4] ۔ سنی مذہب حق ہے، ص۳۸

قُولُوا آمَنَّا بِاللَّهِ وَمَا أُنْزِلَ إِلَيْنَا وَمَا أُنْزِلَ إِلَىٰ إِبْرَاهِيمَ وَإِسْمَاعِيلَ وَإِسْحَاقَ وَيَعْقُوبَ وَالْأَسْبَاطِ، وَمَا أُوتِيَ مُوسَىٰ وَعِيسَىٰ، وَمَا أُوتِيَ النَّبِيُّونَ مِنْ رَبِّهِمْ۔[1]

ترجمہ: تم کہہ دو کہ ہم ایمان رکھتے ہیں اللہ پر اور اس پر جو ہماری طرف نازل ہوا ہے اور اس پر جو ابراہیم، اسماعیل، اسحاق، یعقوب اور آپ کی اولاد کی طرف نازل ہوا ہے اور اس پر جو حضرت موسیٰ، حضرت عیسی کو دیا گیا ہے اور اس پر جو دوسرے پیغمبروں کو ان کے رب کی طرف سے دیا گیا ہے۔

**قاضی مظہر حسینؒ کے نزدیک اماموں پر ایمان واجب نہیں:**

شیعہ عقیدہ بارہ اماموں پر مثلِ انبیاء ایمان لانا فرض ہے، اور وہ انبیائے سابقین سے بھی افضل سمجھے جاتے ہیں۔ لیکن قرآن مجید میں ان بارہ اماموں میں سے کسی کا نام صراحت سے نہیں۔ حضرت علیؓ (جو ابوالائمہ ہیں) کا بھی صراحتاً ذکر موجود نہیں۔ اگر ان پر ایمان لانا فرض ہوتا (جیسے انبیاء پر ہے)، تو قرآن مجید میں اس کا واضح ذکر ضروری ہوتا، جیسا کہ انبیاء اور رسولوں کے معاملے میں ہے۔ شیعہ کلمہ میں حضرت علیؓ کی خلافت کو توحید و رسالت کے بعد لازمی قرار دیا جاتا ہے، لیکن یہ تصور بھی قرآن سے ماخوذ نہیں بلکہ اضافی عقیدہ معلوم ہوتا ہے۔

**اہل سنت کا نقطۂ نظر:**

قرآن مجید نے تمام امت کو ایمان کی دعوت صرف اللہ، رسول اور انبیاء علیہم السلام پر دی ہے۔ حضرت علیؓ، حضرت حسنؓ اور حضرت حسینؓ کی فضیلت، محبت اور ان سے وفاداری کے احکام موجود ہیں، لیکن انہیں نبی یا مثلِ نبی یا ان پر ایمان واجب ہونا، کہیں قرآن میں نہیں پایا جاتا۔ عقیدہ سازی قرآن وسنت سے ماخوذ ہوتی ہے، اور جس شے پر ایمان لانا واجب یا فرض ہو، اس کا ذکر نصِ قطعی میں ہونا لازم ہے۔[2]؟ چنانچہ شیعہ رئیس الم دین علامہ باقر مجلسی لکھتے ہیں:۔ مرتبہ امامت مرتبہ پیغمبری سے بالاتر ہے۔[3] اور اسی عقیدہ امامت کی بنا پر شیعوں کے نزدیک بارہ امام، حضرت علیؓ سے لے کر حضرت مہدی تک، انبیائے سابقین علیہم السلام سے افضل ہیں اور اسی وجہ سے شیعوں نے کلمہ اسلام میں لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ کے بعد علی ولی اللہ وصی رسول اللہ وخلیفتہ بلا فصل کا اضافہ کر لیا ہے اور اذان میں بھی وہ حضرت علی المرتضیٰ کے متعلق خلیفتہ بلا فصل کا اعلان کرتے ہیں۔[4] قرآن مجید میں حضرت ابراہیم علیہم السلام کے تذکرہ میں ہے۔

وَجَعَلَهَا كَلِمَةً بَاقِيَةً فِي عَقِبِهِ لَعَلَّهُمْ يَرْجِعُونَ۔[5]

ترجمہ: اور ابراہیم علیہ السلام نے اس کلمۂ توحید کو اپنی نسل و ذریّت میں باقی رہنے والا کلمہ بنا دیا تاکہ وہ اللہ کی طرف رجوع کرتے رہیں، حضرت مفتی محمد شفیعؒ اس کی تشریح تفسیر معارف القرآن میں لکھتے ہیں۔ مطلب یہ ہے کہ اپنے عقیدہ توحید کو انہوں نے اپنی ذات ہی تک محدود نہیں رکھا بلکہ اپنی اولاد کو بھی اسی عقیدے پر قائم رہنے کی وصیت فرمائی۔[6]

---

[1]۔ سورۃ البقرہ آیت ۱۳۶

[2]۔ سنی مذہب حق ہے، ص ۳۹

[3]۔ ملا باقر مجلسی، حیات القلوب مترجم جلد سوم باب اول در باب امامت، ناشر امامیہ کتب خانہ، موچی دروازہ لاہور، ج ۳، ص ۳

[4]۔ شیعہ سنی متفقہ ترجمہ قرآن کا عظیم فتنہ، ص ۴

[5]۔ سورۃ الزخرف، آیت ۲۸

[6]۔ شیعہ سنی متفقہ ترجمہ قرآن کا عظیم فتنہ، ص ۴

لیکن شیعہ مترجم مولوی امداد حسین کاظمی لکھتے ہیں۔ اور یہ قرآن میری طرف وحی کیا گیا ہے۔ تاکہ میں اس کے ذریعہ تم کو ڈراؤں اور میرے بعد وہ ڈرائے میں جس کو یہ قرآن پہنچے اور حاشیہ پر لکھتے ہیں۔[1]

جناب امام جعفر صادق سے اس آیت کی تفسیر میں منقول ہے کہ من بلغ آل محمد سے امام ہوتا رہے گا جو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے بعد قرآن کے ذریعہ لوگوں کو اس طرح ڈرائے گا جس طرح آنحضرت ﷺ ڈرایا کرتے تھے۔[2]

قاضی صاحبؒ فرماتے ہیں کہ اہل علم جانتے ہیں کہ مذکورہ بالا دونوں آیتوں کا عقیدہ امامت سے کوئی تعلق نہیں ہے اور شیعہ مترجمین نے خواہ مخواہ ان سے عقیدہ امامت ایجاد کر لیا ہے۔ اسی طرح شیعہ مترجمین اور مفسرین نے قرآن مجید کی سینکڑوں آیات سے اپنا عقیدہ امامت ثابت کرنے کی مذموم کوشش کی ہے۔ حالانکہ قرآن مجید کی کسی ایک آیت سے بھی ان کا مزموم عقیدہ امامت ثابت نہیں سکتا۔[3]

**عَنْ زُرَارَةَ قَالَ: سَمِعْتُ أَبَا عَبْدِاللّٰهِ عَلَيْهِ السَّلَامُ يَقُولُ: إِنَّ لِلْقَائِمِ غَيْبَةً قَبْلَ أَنْ يَقُومَ، إِنَّهُ يَخَافُ، وَأَوْمَأَ بِيَدِهِ إِلَىٰ بَطْنِهِ، يَعْنِي الْقَتْلَ۔** [4]

ترجمہ: زرارہ سے مروی ہے کہ میں نے امام جعفر صادق سے سنا کہ قائم آل محمد کے لیے بچپن ہی میں غیبت ہو گی خوف کی وجہ سے اور اشارہ کیا اپنے ہاتھ سے اپنے شکم کی طرف یعنی قتل کے خوف سے۔

چنانچہ شیعہ رئیس المحدثین علامہ باقر مجلسی لکھتے ہیں:

**و نعمانی روایت کردہ است از حضرت امام محمد باقر علیہ‌السلام کہ چون قائم آل محمد سلیم بیرون آید خدا اور ایاری کند بملا نکہ واول کسیکہ با او بیعت کند محمد باشد و بعد ازاں علی"**

ترجمہ: اور نعمانی نے حضرت امام محمد باقر سے روایت کی ہے کہ جب قائم آل محمد یعنی امام مہدی باہر نکلیں گے اور خدا فرشتوں کے ذریعے ان کی مدد کرے گا تو سب سے پہلے جو آپ کی بیعت کریں گے وہ محمد رسول اللہ ہوں گے اور آپ کے بعد حضرت علی میں خود ان کی بیعت کریں گے[5]۔ العیاذ باللہ۔ لاحول ولا قوۃ الا باللہ

یہ ہے مختصر داستانِ امامت حسب اعتقاد شیعہ جو خلیفہ اول حضرت علی المرتضیٰؓ میں ان سے لے کر امام غائب حضرت مہدی تک ختم ہوتی ہے اور اس شان سے ختم ہوتی ہے کہ سرور کائنات صلی اللہ علیہ وسلم بھی آخر میں امت کے بارہویں اور آخری امام کی بیعت کر لیتے ہیں۔ کتنا معقول ہے یہ سلسلہ امامت کہ جس کے سامنے نہ صرف نبوت بلکہ ختم نبوتؐ کی بھی کوئی حیثیت نہیں۔ اور یہی وہ امامت ہے جس کی طرف مولوی عبدالکریم مشتاق بکمال اشتیاق امت مسلمہ کو دعوت دے رہے ہیں۔

---

[1]۔ تفسیر صافی بحوالہ مجمع البیان وکافی وتفسیر عیاشی، ص ۲۶

[2]۔ ایضا، ۲۷

[3]۔ شیعہ سنی متفقہ ترجمہ قرآن کا عظیم فتنہ، ص ۵

[4]۔ محمد یعقوب الکلینی، اصول کافی کتاب الحجہ مطبوعہ لکھنو ص ۲۱۲

[5]۔ المجلسی، محمد باقر، حق الیقین، رقم سرور، ۱۳۷۴ھ ص ۳۴۷

**شیعہ عقیدہ امامت ختم نبوتؐ کے منافی:**

شیعہ بارہ اماموں کے لیے نبی ورسول کا لفظ استعمال نہیں کرتے لیکن ان کے نزدیک جو امامت کا عقیدہ ہے۔ وہ آئمہ اثناء عشریہ، حضرت علی المرتضیٰؓ سے لے کر حضرت امام مہدی تک کا جو شرعی مقام مانتے ہیں اس کے ہوتے ہوئے عقیدہ ختم نبوت ﷺ کی کوئی حیثیت باقی نہیں رہتی۔[1]

فقیر ثناء اللہ کہتاہے، مذکورہ فرقوں سے ختم رسالت رسول اللہ ﷺ کا انکار صریح ہے۔ لیکن اثناء عشریہ بلکہ امامیہ کے تمام فرقے معنوی طور پر ختم رسالت ﷺ کے منکر ہیں۔ اس لیے کہ اعتبار معنی کا ہوتاہے، نہ کہ الفاظ کا۔[2]

چنانچہ ایرانی انقلاب کے بانی خمینی جن کو شیعہ نائب امام مہدی قرار دیتے ہیں فرماتے ہیں۔:

**إِنَّ مِنْ ضَرُورِيَّاتِ مَذْهَبِنَا أَنَّ لِأَئِمَّتِنَا مَقَامًا لَا يَبْلُغُهُ مَلَكٌ مُقَرَّبٌ وَلَا نَبِيٌّ مُرْسَلٌ-**[3]

ترجمہ: ہمارے مذہب اثناء عشری کے ضروری عقائد میں سے ایک یہ عقیدہ ہے کہ ہمارے اماموں کو وہ مقام حاصل ہے جہاں تک کوئی مقرب فرشتہ اور نبی رسول نہیں پہنچ سکتا۔

---

1۔ پیر کرم الدین دبیر، مقدمہ مظہر حسین قاضی، تازیانہ عبرت، ص۲۹

2۔ پانی پتی، ثناءاللہ، السیف المسلول للسنۃ العلیا، ترجمہ محمد رفیق اثری۔ ملتان: فاروقی ناشران تاجران، ۱۹۷۹، ص ۱۵۲

3۔ خمینی، روح اللہ، الحکومت الاسلامیہ ص ۵۲ مترجم کتاب کے، مطبوعہ کتاب مرکز، شمالی ناظم آباد، کراچی ص ۴۰

## باب سوم: قاضی مظہر حسینؒ کا رافضیت پر نقد اور اس کا جائزہ

فصل اول: قاضی مظہر حسینؒ کا ماتم اور تعزیہ پر نقد اور اس کا جائزہ

فصل دوم: متعہ پر نقد اور اس کا جائزہ

فصل سوم: تقیہ اور غلو پر نقد اور اس کا جائزہ

# باب: سوئم قاضی مظہر حسینؒ کا رافضیت پر نقد اور اس کا جائزہ

## فصل اول: قاضی مظہر حسینؒ کا ماتم و تعزیہ پر نقد اور اس کا جائزہ

### ماتم کے معنیٰ:

مرنے کا غم، سوگ، گریہ وزاری، رنج و غم، نوحہ،

### ماتم کی تعریف:

**الْمَأْتَمُ فِي الأَصْلِ: مُجْتَمَعُ الرِّجَالِ وَالنِّسَاءِ فِي الْحُزْنِ وَالسُّرُورِ، ثُمَّ خُصَّ بِهِ اجْتِمَاعُ النِّسَاءِ عِنْدَ الْمَوْتِ۔**[1]

"ماتم" عربی زبان کا لفظ ہے جو "حزن و غم کا اظہار" کرنے کے معنی میں آتا ہے۔ عربی میں یہ لفظ عام طور پر غم کے موقع پر نوحہ، رونا، یا افسوس کے اظہار کے لیے استعمال ہوتا ہے۔ اردو میں بھی یہ مفہوم برقرار رہا۔

ہمارے عرف میں میت پر نوحہ گری اور خلافِ شرع افعال کرنے کو "ماتم" کہتے ہیں۔

### تعزیہ کی تعریف:

"تعزیہ" عربی زبان کا لفظ ہے، جس کا مادہ "ع-ز-ی" ہے۔ لغوی طور پر اس کے معنی ہیں۔[2]

- صبر دلانا
- تسلی دینا
- غم زدہ شخص کو دلاسا دینا

### تعزیہ کا شرعی معنی:

شرعی اصطلاح میں "تعزیت" کا مطلب ہے: غمزدہ مسلمان کو صبر کی تلقین کرنا، اُسے تسلی دینا، اور اس کے حق میں دعا کرنا۔ یہ عمل سنت ہے، اور نبی کریم ﷺ سے اس کی متعدد احادیث میں ترغیب آئی ہے۔

حدیثِ مبارکہ:

۱۔ **قَالَ رَسُولُ اللهِ ﷺ: مَنْ عَزَّى مُصَابًا فَلَهُ مِثْلُ أَجْرِهِ۔**[3]

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ جو شخص کسی مصیبت زدہ کو صبر دلائے اس کو اسکی مثل اجر ملے گا"۔

۲۔ **قَالَ رَسُولُ اللهِ ﷺ: أَلَا مَنْ عَزَّى ثَكْلَىٰ كَسَاهُ اللهُ بُرْدًا فِي الْجَنَّةِ۔**[4]

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ جو شخص اس عورت کو صبر دلائے جس کا بچہ مر گیا ہو اس کو جنت میں ایک چادر پہنائی جائے گی۔

---

[1] ۔ النہایۃ فی غریب الأثر، بترقیم الشاملۃ آلیا، ص ۵۹۶/۴

[2] ۔ القاموس المحیط، ص ۶۷

[3] ۔ ترمذی، حدیث نمبر ۱۰۷۳

[4] ۔ ایضاً، ح ۱۰۷۶

۳۔ اور تعزیہ بمعنی صبر اور تسلی دلانے میں اہل سنت کا کوئی اختلاف نہیں ہے۔[1]

۴۔ مصیبت پر صبر کرنے والے کو دو صبر ملتے ہیں، ایک صبر کا اور دوسرا جزع وفزع سے بچنے کا۔[2]

## تعزیہ کا شرعی حکم:

### اہلِ سنت کا نقطۂ نظر:

تعزیہ کی شرعی حیثیت اہلِ سنت کے نقطۂ نظر سے اہلِ سنت والجماعت کے جمہور علماء کی رائے کے مطابق اگر کسی عمل میں غیر شرعی افعال شامل ہوں جیسے ماتم ونوحہ مار پیٹ، سینہ کوبی، خود کو زخمی کرنا، بال نوچنا، صحابہ کرام پر تبرا بازی نعوذ باللہ، شبیہ مزار یا تابوت کے سامنے سجدہ کرنا یا اسے بوسہ دینا۔ ان اشیاء کو مقدس مان کر غیر شرعی تعظیم کرنا، تو یہ تمام امور ناجائز بلکہ بعض صورتوں میں حرام شمار کیے جاتے ہیں۔ ایسی صورت میں تعزیہ اور اس جیسے رسومات کو بدعت، تشبہ بالکفار، یا شرک کے قریب قرار دیا جاتا ہے۔[3]

### تعزیہ کی اقسام:

**ضریح** امام عالی مقام کے روضہ مبارک کی ہو بہو نقل والے تعزیے کو ضریح کہتے ہیں۔

**بنگلہ:** لکھنؤ اور اس کے مضافات میں بننے والے تعزیے بنگلہ کہلاتے ہیں۔

**مومی تعزیہ:** بانس کی تیلیوں پر مندرجہ بالا اشکال میں سے کوئی بنا کر اس پر موم چڑھا دیا جاتا ہے۔

**جو کا تعزیہ:** لکڑی یا بانس وغیرہ کا ڈھانچہ بنا کر اس پر مٹی کی ایک ہلکی سی تہ جما دی جاتی ہے جس ہر جو کے دانے ایک خاص ترتیب سے چپکا دیے جاتے ہیں۔ ہفتہ ڈیڑھ میں ان دانوں سے ننھے ننھے پودے نکل آتے ہیں اور تعزیہ بالکل سبز ہو جاتا ہے۔ جلوس کے دوران میں اس پر پانی چھڑکتے ہوئے چلتے ہیں۔[4]

### ماتم اور تعزیہ داری کی ایجاد:

۳۵۲ھ کے شروع ہونے پر ابن بویہ مذکور نے حکم دیا کہ ۱۰ محرم کو حضرت امام حسینؓ کی شہادت کے غم میں تمام دکانیں بند کر دی جائیں، بیع وشراء بالکل موقوف رہے، شہر ودیہات کے لوگ ماتمی لباس پہنیں اور اعلانیہ نوحہ کریں۔ عورتیں اپنے بال کھولے ہوئے، چہروں کو سیاہ کیے ہوئے، کپڑوں کو پھاڑتے ہوئے سڑکوں اور بازاروں میں مرثیے پڑھتی، منہ نوچتی اور چھاتیاں پیٹتی ہوئی، نکلیں۔ شیعوں نے اس حکم کی بخوشی تعمیل کی مگر اہل سنت دم بخود اور خاموش رہے کیونکہ شیعوں کی حکومت تھی۔ آئندہ سال ۳۵۳ھ میں پھر اسی حکم کا اعادہ کیا گیا اور سنیوں کو بھی اس کی تعمیل کا حکم دیا گیا۔ اہل سنت اس ذلت کو برداشت نہ کر سکے چنانچہ شیعہ اور سنیوں میں فساد برپا ہوا اور بہت بڑی خون ریزی ہوئی۔ اس کے بعد شیعوں نے ہر سال اس

---

[1]۔ امجد علی اعظمی رضوی بریلوی بہار شریعت حصہ چہارم ۱۲۸

[2]۔ بشارت الدارین بالصبر علی شہادت الحسین، ص ۵۰

[3]۔ جعفر حسین، قدیم لکھنو کی آخری بہار ص ۳۴۱

[4]۔ ایضاً، ص ۳۴۰

رسم کو زیر عمل لانا شروع کر دیا اور آج تک اس کا رواج ہندوستان میں ہم دیکھ رہے ہیں۔ عجیب بات یہ ہے کہ ہندوستان (متحدہ) میں اکثر سنی لوگ بھی تعزیے بناتے ہیں۔[1]

### جزع وفزع کی تعریف:

امام جعفر صادقؒ کا فرمان ہے:

عَنْ أَبِي جَعْفَرٍ عَلَيْهِ السَّلَامُ قَالَ: قُلْتُ لَهُ: مَا الْجَزَعُ؟ قَالَ: أَشَدُّ الْجَزَعِ الصُّرَاخُ بِالْوَيْلِ وَالْعَوِيلِ، وَلَطْمُ الْوَجْهِ وَالصَّدْرِ، وَجَزُّ الشَّعْرِ مِنَ النَّوَاصِي، وَمَنْ أَقَامَ النَّوَّاحَةَ فَقَدْ تَرَكَ الصَّبْرَ، وَأَخَذَ غَيْرَ طَرِيقِهِ۔[2]

ترجمہ: امام جعفر صادقؒ نے فرمایا، اشد جزع رونا پیٹنا مارنا، سینہ کوٹنا، سر کے بال نوچنا اور نوحہ کرتا ہے یہ صورت ترکہ صبر کی ہے اور صحیح طریقہ کو چھوڑتا ہے۔

المنجد میں جزع کا معنی لکھا ہے:۔ لم یصبر علیہ:۔ "اس پر اس نے صبر نہ کیا۔ چونکہ صبر کا لغوی معنی روک رکھنا آتا ہے اور جزع کا معنی قطع کرنا اور جدا کرنا آتا ہے اس لیے جزع بے قراری اور پریشانی کو کہتے ہیں اور صبر برقرار رہنے اور پریشانی نہ کرنے کے معنی میں مستعمل ہوتا ہے اور یہ دونوں حالتیں یعنی قرار اور بے قراری ضدین ہیں۔ یعنی ایک دوسرے کی مخالف ہیں نہ کہ مطابق وموافق۔

### فلسفہ ماتم:

شیعوں کے محقق شیخ طبری کی تفسیر سے واضح ہو گیا کہ صبر جمیل وہ ہے جس میں زبان سے بھی غم کا اظہار نہ کیا جائے۔ لیکن اس کے برعکس مصنف فلاح الکونین "اپنے ماتم کا فلسفہ یوں بیان فرماتے ہیں کہ: مصائب سید الشہدا علیہ السلام کا تذکرہ وشن کراولا ہمارے چہروں پر آثار حزن وملال ظاہر ہوتے ہیں، آنکھوں سے آنسو بہنے لگتے ہیں، ہچکیاں بندھ جاتی ہیں، گلے رندھ جاتے ہیں۔ جب یہ جذبات غم شدت اختیار کرتے ہیں تو سر اور سینہ پیٹتے ہیں، چھریوں اور چاقوؤں سے چھاتیوں اور پشتوں کو کاٹتے ہیں چونکہ رونے سے سینہ کوبی اور زنجیر زنی تک تمام افعال فطری ہیں لہذا ان پر عمل کرنا مقتضائے فطرت ہے اور ان کی مخالفت کرنا خلاف فطرت اور قساوت قلبی ہے۔[3]

### صبر کا لغوی معنی:

عربی لغت میں صبر بمعنی روکنے کے آتا ہے۔

۱۔ قاموس میں ہے۔ تَدَرَّعُ بِالّصَبْرِ یعنی اپنے آپ کو روکنا۔[4]

۲۔ المنجد میں ہے۔ الصبر التجلد وعدم الشکوی من الم البلوی[5]: صبر کہتے ہیں مضبوط رہنے کو اور مصیبت والم (دکھ) کی وجہ سے شکایت نہ کرنے کو۔

---

1۔ تاریخ اسلام اکبر خان نجیب آبادی۔ ج:۲، طبع اول، کراچی ص ۵۶۶

2۔ الکلینی، محمد یعقوب، الشافی (ترجمہ فروع کافی، جلد اول، ترجمہ از ادیب اعظم سید ظفر حسن امروہوی، کراچی: ظفر شمیم پبلیکشنز ٹرسٹ، ناظم آباد، ۱۴۰۰ھ ص ۳۳۲

3۔ بشارت الدارین بالصبر علی شہادت الحسین، ص ۵۰

4۔ کیرانوی، وحید الزمان، القاموس الجدید، لاہور: ادارہ اسلامیات انارکلی، ۱۴۱۰ھ ص ۶۷۶

5۔ بشارت الدارین بالصبر علی شہادت الحسین، ص ۳۲۶

### احادیث کی رو سے نوحہ کی ممانعت:

جو نوحہ زور زور سے رونے جزع فزع کرنے اور بیان مصیبت کی شکل میں ہوتا ہے۔ وہ حرام اور ممنوع ہے۔ چنانچہ مسلم شریف میں ہے کہ رسول اللہ علیم نے فرمایا۔

وَقَالَ: النَّائِحَةُ إِذَا لَمْ تَتُبْ قَبْلَ مَوْتِهَا، تُقَامُ يَوْمَ القِيَامَةِ، وَعَلَيْهَا سِرْبَالٌ مِنْ قَطِرَانٍ، وَدِرْعٌ مِنْ جَرَبٍ-[1]

نوحہ کرنے والی عورت نے جب موت سے پہلے توبہ نہ کی تو قیامت کے دن اس حال میں کھڑی ہو گی کہ اس کے بدن پر سخت بدبودار تیل کا کرنہ ہو گا اور خارش زدہ ہو گی۔

اس حدیث کی شرح میں امام نووی رحمتہ اللہ علیہ لکھتے ہیں:۔

وَإِنَّ النِّيَاحَةَ حَرَامٌ مُطْلَقًا، وَهُوَ مَذْهَبُ العُلَمَاءِ كَافَّةً-[2]

اور بے شک نوحہ مطلقاً حرام ہے اور یہ سب علماء کا مذہب ہے

اور ان احادیث سے ہمارے ائمہ حدیث نے نوحہ اور میت کی خوبیاں گنانے کی حرمت نکالی ہے مثلاً وا کھفاہ وغیرہ کہنا بلند آواز اور رونے کے ساتھ اور حرام ہے رخسارے پیٹنا اور گریبان پھاڑنا اور بال بکھیرنا اور بال مونڈنا اور بال اکھاڑنا اور منہ کالا کرنا اور سر پر مٹی ڈالنا اور ویل اور ثبور (ہلاکت) پکارنا۔[3]

## قاضی مظہر حسینؒ کا رد ماتم و تعزیہ:

### ماتم کا رد قرآن شریف کی رو سے:

قاضی مظہر حسینؒ فرماتے ہیں کہ جنگ اُحد میں کفار قریش کے مقابلہ میں ستر اصحاب شہید ہوئے تھے۔ خود حضور رحمت للعالمین صلی اللہ علیہ وسلم کے دندان مبارک بھی شہید ہوئے۔ طبعاً یہ المناک واقعہ تھا لیکن شرعی پہلو سے چوں کہ ان اصحاب کو شہادت کا بلند مقام نصیب ہوا۔ اور ان کی یہ قربانی قابل فخر تھی۔ راہ حق میں مصائب و تکالیف کی وجہ سے ہی مجاہدین کے کمالات صبر و استقامت نمایاں ہوتے ہیں اور مومنین کے اس قسم کے امتحانات میں اللہ تعالی کی بڑی حکمتیں پائی جاتی ہیں۔ اس لیے اللہ تعالی نے شہدائے احد کے متعلق یہ ارشاد فرمایا۔

وَلَا تَهِنُوْا وَ لَا تَحْزَنُوْا وَاَنْتُمُ الْاَعْلَوْنَ اِنْ كُنْتُمْ مُّؤْمِنِيْنَ-[4]

ترجمہ: اور نہ کمزوری دکھاؤ اور نہ غم کھاؤ اگر تم کامل مومن ہو تو تم ہی غالب رہو گے۔

آیت میں جب اللہ تعالیٰ نے اہل ایمان کو شہدائے احد کا غم باقی رکھنے سے منع فرمادیا ہے تو غم والم کی بنیاد پر ماتم کی ہر شکل شرعاً ممنوع قرار دی جائے گی۔

وَلَا تَقُوْلُوْا لِمَنْ يُّقْتَلُ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ اَمْوَاتٌ بَلْ اَحْيَاءٌ وَّلٰكِنْ لَّا تَشْعُرُوْنَ- [5]

ترجمہ: اور جو لوگ اللہ کی راہ میں قتل کیے جاتے ہیں ان کو مردہ مت کہو، بلکہ وہ زندہ ہیں لیکن تم (ان کی زندگی کا) شعور نہیں رکھتے۔

---

[1] ۔ الأشعري، أبومالک، المحدث: مسلم|المصدر، صحیح مسلم الصفحة أوالرقم، ص ۹۳۴

[2] ۔ أحمد بن علي بن حجر العسقلاني، فتح الباري شرح صحیح البخاري، جلد ۸،، ریاض: دار السلام، ۱۴۲۱ھ ص ۵۰۶

[3] ۔ بشارت الدارین بالصبر علی شہادت الحسین، ص ۴۱۷

[4] ۔ سورۃ آل عمران، آیت ۱۳۹

[5] ۔ سورۃ البقرۃ، آیت ۱۵۴

وَلَا تَحْسَبَنَّ الَّذِينَ قُتِلُوا فِي سَبِيلِ اللَّهِ أَمْوَاتًا ۚ بَلْ أَحْيَاءٌ عِندَ رَبِّهِمْ يُرْزَقُونَ۔[1]

ترجمہ: اور جو لوگ اللہ کی راہ میں قتل کیے گئے ان کو ہرگز مردہ نہ سمجھو بلکہ وہ اپنے رب کے پاس زندہ ہیں انہیں رزق دیا جاتا ہے۔

يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوا اسْتَعِيْنُوْا بِالصَّبْرِ وَ الصَّلٰوةِ اِنَّ اللّٰهَ مَعَ الصّٰبِرِيْنَ۔[2]

ترجمہ: اے ایمان والو؛ مدد حاصل کرو تم صبر اور نماز کے ساتھ بے شک اللہ صبر کرنے والوں کے ساتھ ہے۔

وَالصَّابِرِينَ فِي الْبَأْسَاءِ وَالضَّرَّاءِ وَحِينَ الْبَأْسِ ۗ أُولَٰئِكَ الَّذِينَ صَدَقُوا ۖ وَأُولَٰئِكَ هُمُ الْمُتَّقُونَ۔[3]

ترجمہ: اور مسلمان وہ ہیں جو سختی، تکلیف اور لڑائی میں صبر کرنے والے، یہی وہ لوگ ہیں جو سچے ہیں اور یہی لوگ متقی ہیں۔

اس آیت سے ثابت ہوا کہ صبر کرنے والے ہی سچے اور متقی ہیں۔ یہ کہیں نہیں فرمایا کہ صبر چھوڑنے والے اور سینہ کوبی کرنے والے سچے ارو جنتی ہیں یا ماتم کرنے والوں کے ساتھ اللہ ہے۔

وَ الَّذِيْنَ صَبَرُوا ابْتِغَآءَ وَجْهِ رَبِّهِمْ وَ اَقَامُوا الصَّلٰوةَ وَ اَنْفَقُوْا مِمَّا رَزَقْنٰهُمْ سِرًّا وَّ عَلَانِيَةً وَّ يَدْرَءُوْنَ بِالْحَسَنَةِ السَّيِّئَةَ اُولٰٓىِٕكَ لَهُمْ عُقْبَى الدَّار[4]۔

ترجمہ: اور جن لوگوں نے اپنے رب کی رضامندی حاصل کرنے کے لیے صبر کیا اور نماز قائم کی اور ہم نے ان کو جو رزق دیا اس میں سے پوشیدہ اور اعلانیہ خرچ کیا اور وہ بھلائی سے برائی کو ہٹاتے ہیں۔ ایسے لوگوں کے لیے آخرت کا گھر اور بہشت ہے۔

اس آیت میں نماز پڑھنے والوں اور صبر کرنے والوں کو جنت کی خوشخبری سنائی گئی ہے نہ کہ ماتم کرنے والوں کو[5]۔

**ماتم کا رد حدیث شریف کی رو سے:**

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:

لَيْسَ مِنَّا مَنْ لَطَمَ الخُدُودَ، وَشَقَّ الجُيُوبَ، وَدَعَا بِدَعْوَى الجَاهِلِيَّةِ۔[6]

ترجمہ: وہ شخص ہم میں سے نہیں ہے جو رخسار پیٹے اور گریبان پھاڑے اور زمانہ جاہلیت کی طرح پکارے چلائے۔

سیرت کی مشہور کتاب رحمت اللعالمین جلد اول میں فتح مکہ کے بیان میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے عورتوں کی بیعت کے متعلق لکھا ہے کہ عورتوں سے یہ بھی اقرار لیے جاتے تھے کسی کے سوگ میں منہ نہ نوچیں گی طمانچوں سے چہرہ نہ پٹیں گی، نہ سر کے بال کھولیں گی نہ گریبان چاک کریں گی، نہ سیاہ کپڑے پہنیں گی اور نہ قبر پر سوگواری میں بیٹھیں گی۔[7]

---

[1]۔ سورۃ آل عمران آیت ۱۶۹

[2]۔ سورۃ البقرہ آیت ۱۵۳

[3]۔ سورۃ البقرہ آیت ۱۷۷

[4]۔ سورۃ الرعد آیت ۲۲

[5]۔ ہم ماتم کیوں نہیں کرتے۔ ص ۲۱-۲۰

[6]۔ صحیح البخاری، حدیث 1235

[7]۔ رحمت اللعالمین، ج ۱، مکتبہ السن، اردو بازار، لاہور، اشاعت: اپریل ۲۰۱۴ء ص ۱۲۳

قرآن و حدیث کے ان واضح ارشادات کے بعد کیا کوئی عالم مروجہ ماتمی مظاہروں کے دیکھنے سننے کا فتوی دے سکتا ہے۔ ہر گز نہیں۔ یہی وجہ ہے ہر دور میں علمائے اہل السنت والجماعت اس قسم کے ماتمی منکرات کی واضح تردید کر کے امت کی رہنمائی فرماتے رہے ہیں۔

### حضرت شاہ عبدالعزیز کا فتوی:

چنانچہ حضرت شاہ عبدالعزیز محدث دہلوی رحمۃ اللہ علیہ مجلس ماتم کے متعلق فرماتے ہیں کہ:

اس مجلس میں بہ نیت زیارت اور گریہ زاری کے بھی حاضر ہونا جائز نہیں ہے۔ اس واسطے کہ اس جگہ کوئی زیارت نہیں کہ زیارت کے واسطے جائے اور وہاں چند لکڑی جو تعزیہ دار کی بنائی ہوئی ہے وہ قابل زیارت نہیں اور فاتحہ و درود شریف پڑھنا فی نفسہ درست ہے لیکن ایسی جگہ یعنی مجلس تعزیہ داری میں پڑھنے سے ایک طرح بے ادبی ہوتی ہے۔ اس واسطے کہ ایسی مجلس اس قابل ہے کہ مٹادی جائے اور ایسی مجلس میں نجاست معنوی ہوتی ہے اور فاتحہ و درود اس جگہ پڑھنا چاہیے جو نجاست ظاہری و باطنی سے پاک ہو۔[1]

### رشید احمد گنگوہی کا فتوی:

دیوبندی مسلک کے عظیم مقتداء قطب الارشاد حضرت رشید احمد گنگوہی کے فتاوی میں حسب ذیل سوال وجواب منقول ہے:

سوال:

یوم عاشورہ کو یوم شہادت حضرت امام حسین رضی اللہ عنہ پر غم کرنا شرعاً جائز ہے یا نہیں۔ مان کرنا و احکام ماتم و نوحہ و گریہ زاری و بے قراری کے برپا کرنا اور گھر گھر مجالس شہادت نامہ منعقد کرنا اور واعظین کو بھی بالخصوص ان ایام میں شہادت نامہ یا وفات نامہ بیان کرنا خاص کر روایات خلاف وضعیف ہے۔ اور یہ کل امور بدعات و معصیت ہیں یا نہیں۔[2]

جواب:

ذکر شہادت کا ایام عشرہ محرم میں کرنا روافض کی مشابہت ہے اور ماتم و نوحہ کرنا حرام ہے۔

سوال:

غم کرنا امام حسین کا شرعاً جائز ہے یا نہیں؟

جواب:

غم اس وقت تھا جب آپ شہید ہوئے۔ تمام عمر غم کرنا کسی واسطے شرع میں حلال نہیں[3]۔

## ماتم کا رد اصول کافی کی رو سے:

**هذه كاف لشيعتنا۔**

یہ کتاب ہمارے شیعوں کے لیے کافی ہے۔

---

1 ۔ فتاویٰ عزیزی:، مطبوعہ سعید کمپنی کراچی، ص ۱۶۵

2 ۔ فتاویٰ رشیدیہ، ۱۰۵

3 ۔ ایضاً، ۴۷۱

اس میں یہ روایت ہے:

عَنْ أَبِي عَبْدِ اللَّهِ علیه السَّلَامُ قَالَ: الصَّبْرُ مِنَ الْإِيمَانِ بِمَنْزِلَةِ الرَّأْسِ مِنَ الْجَسَدِ، فَإِذَا ذَهَبَ الرَّأْسُ ذَهَبَ الْجَسَدُ، كَذَٰلِكَ إِذَا ذَهَبَ الصَّبْرُ ذَهَبَ الْإِيمَانُ۔[1]عَنْ أَبِي عَبْدِ اللَّهِ علیه السَّلَامُ قَالَ: إِنَّ الصَّبْرَ وَالْبَلَاءَ يَسْتَبْقِيَانِ إِلَى الْمُؤْمِنِ، فَيَأْتِيهِ الْبَلَاءُ وَهُوَ صَبُورٌ، وَإِنَّ الْجَزَعَ وَالْبَلَاءَ يَسْتَبْقِيَانِ إِلَى الْكَافِرِ، فَيَأْتِيهِ الْبَلَاءُ وَهُوَ جَزُوعٌ۔[2]

ترجمہ: امام جعفر صادقؒ نے فرمایا ہے کہ صبر اور مصیبت دونوں مومن کی طرف آتے ہیں۔ جب مومن کو مصیبت آتی ہے تو وہ صبر کا دامن تھامتا ہے۔ اس کے برعکس، جزع، بے صبری اور مصیبت کافروں کی طرف آتے ہیں۔ جب انہیں کوئی مصیبت لاحق ہوتی ہے تو وہ بے صبری کا مظاہرہ کرتے ہیں۔

اس سے ثابت ہوا کہ امام جعفر صادقؒ کے نزدیک صبر کرنے والا مؤمن اور جزع کرنے والا کافر ہے۔

عَنْ أَبِي عَبْدِ اللَّهِ عليهِ السَّلَامُ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ضَرْبُ الْمُسْلِمِ يَدَهُ عَلَى فَخِذِهِ عِنْدَ الْمُصِيبَةِ إِحْبَاطٌ لِأَجْرِهِ۔[3]

ترجمہ: امام جعفر صادقؒ نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کیا ہے کہ: "اگر کوئی مسلمان مصیبت کے وقت (بے صبری سے) اپنی ران پر ہاتھ مارے تو اس کا اجر و ثواب برباد ہو جاتا ہے۔"

قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عِنْدَ وَفَاتِهِ لِفَاطِمَةَ: لَا تَخْمِشِي عَلَى وَجْهِكِ، وَلَا تَرْخِي عَلَى شَعْرِكِ، وَلَا تُنَادِي بِالْوَيْلِ وَالْعَوِيلِ، وَلَا تُقِيمِي عَلَى نَائِحَةٍ۔[4]

ترجمہ: نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنی وفات کے وقت اپنی بیٹی حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا کو خاص طور پر یہ نصیحتیں فرمائیں": میری وفات پر منہ نہ پیٹنا۔"" بال نہ کھولنا۔"" ویل عویل سے نہ چیخنا چلانا۔""نوحہ کرنے والیوں کو نہ قائم کرنا۔"

بقول ابن بابویہ، جو انہوں نے معتبر سند کے ساتھ امام محمد باقر علیہ السلام سے روایت کی ہے، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنی وفات کے قریب سیدہ فاطمہ سلام اللہ علیہا کو مخاطب کرتے ہوئے فرمایا:

"اے فاطمہ! جب میں انتقال کر جاؤں، تو (میری مفارقت میں) اپنے بال نہ نوچنا، اور نہ ہی اپنے گیسو پریشان کرنا۔ واویلا نہ کرنا، اور نہ ہی مجھ پر نوحہ کرنا۔ اور نوحہ کرنے والیوں کو بھی نہ بلانا۔"[5]۔

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنی وفات کے وقت فرمایا:

---

[1] ۔ اصول کافی، ج ا، ص ۴۱۰

[2] ۔ ایضا، ص ۱۲۱

[3] ۔ ایضا، ص ۱۲۱

[4] ۔ ایضا، ص ۲۱۴

[5] ۔ مجلسی، محمد باقر، جلاء العیون، ترجمہ علامہ سید عبدالحسین۔ حصہ اول، لکھنؤ: عباس بک ایجنسی، ۲۰۲۱، ص ۲

"پس جمیع اہل بیت میرے اور بیبیاں میری بحسبِ مراتب اشارہ اور سلام مجھ پر کریں جو حق اشارہ اور سلام کرنے کا ہے۔ اور آزار بصدائے نالہ ونوحہ نہ پہنچائیں"۔[1]

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو نوحہ اور نالہ سے دکھ ہوتا ہے اس فرمان سے یہ بات واضح ہوتی ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو اپنی وفات پر اہل بیت اور اپنی ازواج مطہرات کی جانب سے نوحہ اور آہ و بکا کرنے سے دکھ ہوتا۔ اس کے برعکس، آپ صلی اللہ علیہ وسلم چاہتے تھے کہ وہ باوقار طریقے سے اشارے اور سلام کے ذریعے آپ کو یاد کریں جو آپ کا حق ہے۔[2] تو جب رحمۃ للعالمین صلی اللہ علیہ نے اپنی وفات جیسی عظیم مصیبت (جو کہ امت کے لیے سب سے بڑی مصیبت تھی) پر بھی اپنی بیٹی حضرت فاطمہ الزہرا رضی اللہ عنہا اور تمام ازواج و اہل بیت کو نوحہ کرنے، منہ پیٹنے اور بے صبری کے دیگر مظاہر سے منع فرمایا تھا، تو پھر یہ بات انتہائی قابل غور ہے کہ:

**سانحہ کربلا اور نوحہ خوانی**

اگر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی وفات جیسی مصیبت پر یہ افعال ممنوع تھے، تو پھر سانحہ کربلا کی یاد میں بھی اسی قسم کے افعال (جیسے منہ پیٹنا، بال نوچنا، واویلا کرنا اور نوحہ کرنا) اسلامی تعلیمات کی رو سے گناہ کے زمرے میں آئیں گے، نہ کہ عبادت کے۔ اس کی وجہ یہ ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی تعلیمات عمومی اور آفاقی ہوتی ہیں جو ہر قسم کی مصیبت پر صادق آتی ہیں۔ اگر آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنی وفات پر غم کے اظہار کے مخصوص طریقوں کو ناپسند فرمایا، تو کسی بھی دوسری مصیبت، خواہ وہ کتنی ہی عظیم کیوں نہ ہو، پر ان افعال کا ارتکاب بھی آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی تعلیمات کے منافی ہوگا۔

**رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی مخالفت یا اطاعت؟**

آپ کا یہ کہنا بھی بالکل بجا ہے کہ اس قسم کی مجالس ماتم بپا کرنے میں رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم کی مخالفت لازم آئے گی نہ کہ اطاعت۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے صبر اور اللہ کی رضا پر راضی رہنے کی تلقین فرمائی ہے، اور جزع فزع و بے صبری سے منع کیا ہے۔

**امام حسین کی آخری وصیت:**

امام حسین رضی اللہ عنہ نے کربلا کے میدان میں اپنی ہمشیرہ حضرت زینب علیہا السلام کو مخاطب کرتے ہوئے فرمایا": اے بہن! میں تمہیں اپنے حق کی قسم دیتا ہوں کہ میری مصیبت اور جدائی پر صبر کرنا۔ جب میں مارا جاؤں تو ہرگز منہ نہ پیٹنا، بال نہ نوچنا اور گریبان چاک نہ کرنا۔ تم فاطمہ زہرا رضی اللہ عنہا کی بیٹی ہو؛ جیسا انہوں نے پیغمبر خدا کی مصیبت میں صبر فرمایا تھا، تم بھی میری مصیبت میں صبر کرنا۔"

**وصیت کی اہمیت:**

امام حسین رضی اللہ عنہ کی یہ وصیت انتہائی اہمیت کی حامل ہے کیونکہ یہ ان کی عظیم قربانی کے عین وقت کی نصیحت ہے اور یہ واضح طور پر نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی اس سے پہلے کی گئی ہدایات کی تائید کرتی ہے۔ اس فرمان سے مندرجہ ذیل نکات واضح ہوتے ہیں:

---

[1]۔ جلاء العیون، ص ۲

[2]۔ جلاء العیون، ص ۶۹

## صبر کی تاکید:

امام حسین رضی اللہ عنہ نے اپنی بہن کو اپنی شہادت جیسی عظیم مصیبت پر صبر کرنے کی تاکید فرمائی، جو ایمانی مضبوطی کا سب سے بڑا مظہر ہے۔[1]

## ماتم سے ممانعت:

آپ نے واضح الفاظ میں منہ پیٹنے، بال نوچنے اور گریبان چاک کرنے سے منع فرمایا۔ یہ وہی افعال ہیں جن سے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنی وفات کے وقت حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا کو منع فرمایا تھا۔[2]

### اسوۂ فاطمہ الزہرا رضی اللہ عنہا:

امام حسین رضی اللہ عنہ نے حضرت فاطمہ الزہرا رضی اللہ عنہا کے صبر کو ایک مثال کے طور پر پیش کیا کہ انہوں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی وفات پر کس طرح صبر کیا تھا، اور حضرت زینب کو بھی اسی اسوہ پر عمل کرنے کی تلقین کی۔[3]

رونا غمی کی وجہ سے بھی ہوتا ہے اور خوشی سے بھی، خوف سے بھی اور محبت سے بھی، یہ انسان کے طبعی تاثرات ہیں۔ لیکن باوجود اس کے اللہ تعالیٰ نے غم کے باقی رکھنے سے منع فرمادیا ہے۔

قاضی مظہر حسینؒ فرماتے ہیں کہ ہم نے بھی جواب میں "ماتم مروجہ کے حرام ہونے کے دلائل پیش کر دیے ہیں جن میں آیات قرآنی، احادیث نبوی، ارشادات ائمہ اہل بیت امام محمد باقر، امام جعفر صادق سے صراحتنا ثابت ہوتا ہے کہ آج کل شہادت کربلا کے سلسلہ میں جس ماتم کا رواج عام ہو گیا ہے وہ شریعت محمدیہ کے اصول پر قطعاً حرام اور قبیح ہے، اس کا اس اسلام کے ساتھ کوئی تعلق نہیں ہے جس کے اصول کی سربلندی کے لیے امام عالی مقام حضرت حسین رضی اللہ عنہ نے میدان کربلا میں اپنی اور اپنے عزیزوں کی جانیں قربان کر دی تھیں۔

---

[1]۔ جلاء العیون، ص ۳۸۱

[2]۔ ایضاً، ص ۳۸۲

[3]۔ ایضاً، ص ۳۸۲

# فصل دوم: متعہ پر نقد اور اس کا جائزہ:

## متعہ کی تعریف:

متعہ، عربی زبان کے لفظ "متع" سے ماخوذ ہے، جس کے لغوی معنی شادی اور مسرت کے ہیں۔ اسی بنیاد پر کئی دیگر الفاظ بھی استعمال ہوتے ہیں:

استمتع: یہ لفظ کسی بھی شخص سے کسی بھی قسم کا فائدہ یا استفادہ حاصل کرنے کے لیے استعمال ہوتا ہے۔

حج التمتع: یہ حج کی ایک قسم ہے جس میں حج اور عمرہ دونوں کو ایک ہی سفر میں ادا کیا جاتا ہے۔ اس کا نام "تمتع" اس لیے ہے کہ حاجی عمرہ کرنے کے بعد احرام کھول کر حج کے لیے دوبارہ احرام باندھنے تک حلال ہو جاتا ہے اور دنیاوی آسائشوں سے فائدہ اٹھا سکتا ہے۔

رَبَّنَا اسْتَمْتَعَ بَعْضُنَا بِبَعْضٍ۔[1]

اے ہمارے رب فائدہ حاصل کیا ہم نے ایک دوسرے سے۔

### نکاح متعہ (موقّتی نکاح یا نکاح مُتعَہ)

نکاح متعہ، جسے عرف عام میں متعہ یا موقّتی کہا جاتا ہے، ایک خاص قسم کا نکاح ہے۔ اس کی بنیادی خصوصیت یہ ہے کہ اس کی مدت معین ہوتی ہے۔ یہ مدت فریقین باہمی رضامندی سے طے کرتے ہیں، جو ایک دن، چند دن، ایک ماہ، ایک سال یا کئی سال ہو سکتی ہے۔ اس متعین مدت کے اختتام پر، یہ نکاح خود بخود ختم ہو جاتا ہے اور فریقین کے درمیان علیحدگی ہو جاتی ہے۔[2]

### تاریخی حیثیت اور مشروعیت

آپ کا یہ نقطہ بالکل درست ہے کہ نکاح متعہ اسلام کی ابتدائی تاریخ میں متعدد بار جائز قرار دیا گیا اور پھر اس سے روکا گیا اور دوبارہ اسے جائز کیا گیا۔ اس کی موجودگی اور ابتدائی طور پر اس کا حلال ہونا ایک مسلم اور موردِ اتفاق امر ہے۔ یعنی سنی اور شیعہ دونوں مکاتب فکر اس بات پر متفق ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی وفات سے چند سال قبل تک اس کا رواج موجود تھا۔[3]

### مفہوم اور اہمیت:

موقتی نکاح، مرد اور عورت کی طرف سے دائمی مدت کے بغیر محدود اور متعین مدت کے لیے شادی کرنے کو کہتے ہیں۔[4]

نکاح متعہ ان موارد میں سے ہے جن کے بارے میں شیعہ اور اہل سنت کے مابین اختلاف رائے پایا جاتا ہے۔[5]

اس نوعیت کا نکاح تمام شیعہ فقہاء کی نظر میں مشروع ہے۔[6]

---

1۔ سورۃ الانعام، آیت ۱۲۸

2۔ شہید ثانی، الروضۃ الفقہیۃ فی شرح اللمعۃ الدمشقیۃ، ۱۴۱۲ھ، ج ۲، ص ۱۰۳

3۔ ابن رشد، بدایۃ المجتہد، ۱۴۲۵ھ، ج ۳، ص ۸۰

4۔ مؤسسہ دایرۃ المعارف الفقہ الاسلامی، فرہنگ فقہ فارسی، ۱۳۸۷ ہجری شمسی، ج ۱، ص ۳۹۹

5۔ کلانتر، حاشیہ، در کتاب الروضۃ البہیۃ فی شرح اللمعۃ الدمشقیۃ، ۱۴۱۰ھ، ج ۵، ص ۲۴۵

6۔ شہید ثانی، الروضۃ الفقہیۃ فی شرح اللمعۃ الدمشقیۃ، ۱۴۱۲ھ، ج ۲، ص ۱۰۳

## متعہ کا جواز شیعہ کے نزدیک قرآن مجید سے:

شیعہ حضرات نے قاضی مظہر حسینؒ پر متعہ کے حوالے سے سوال کیا کہ۔ قرآن مجید کے پانچویں پارے کی ابتدا میں آیت متعہ موجود ہے، لیکن آپکا پرچار ہے کہ متعہ زنا ہے۔ مہربانی کر کے آیت میں مستعمل لفظ متعہ کا ترجمہ اپنے معنوں میں کیجئے۔؟[1]

قاضی صاحبؒ فرماتے ہیں یہ سوال ہی جاہلانہ ہے کیونکہ موجودہ قرآن میں تو کہیں لفظ متعہ کا وجود ہی نہیں ہے۔ ہاں البتہ ایسے الفاظ قرآن مجید میں موجود ہیں۔ جن میں م۔ت۔ع۔ کا مادہ پایا جاتا ہے۔ مثلاً

قُلْ تَمَتَّعْ بِكُفْرِكَ قَلِيْلًا ۖ اِنَّكَ مِنْ اَصْحَابِ النَّارِ۔[2]

وَالَّذِيْنَ كَفَرُوْا يَتَمَتَّعُوْنَ وَيَاْكُلُوْنَ كَمَا تَاْكُلُ الْاَنْعَامُ۔[3]

رَبَّنَا اسْتَمْتَعَ بَعْضُنَا بِبَعْضٍ۔[4]

ترجمہ: اے ہمارے رب فائدہ حاصل کیا ہم نے ایک دوسرے سے

فَمَا اسْتَمْتَعْتُمْ بِهٖ مِنْهُنَّ فَاٰتُوْهُنَّ اُجُوْرَهُنَّ فَرِيْضَةً۔[5]

ترجمہ: پھر نکاح ہو جانے کے بعد کہ جس طریق سے تم ان عورتوں سے متنفع ہوئے ہو سو ان کو ان کے عوض ان کے مہر دو جو مقرر ہو چکے ہیں"

مولوی فرمان علی شیعہ آیت مذکورہ کا ترجمہ اس طرح کرتے ہیں:۔

ہاں جن عورتوں سے تم نے متعہ کیا ہو تو انہیں جو مہر متعین کیا ہے دے دو۔

متعہ کے جواز میں یہی آیت مراد لی ہے۔ لیکن اس میں لفظ متعہ نہیں بلکہ اِستَمتَعتُم. ہے۔ اور اگر اس سے مراد وہ نکاح متعہ ہے جو شیعہ مذہب کی خصوصیت ہے اور وہ بغیر گواہوں کے بھی ہو سکتا ہے تو اس کا ثبوت ان کے ذمہ ہے۔ اور کوئی سنی عالم یہ نہیں کہتا ہے کہ لفظ متعہ کا ترجمہ زنا ہے جس کی بنا پر سائل کا سوال صحیح قرار دیا جا سکے۔ ہاں ہم یہ کہتے ہیں کہ شیعہ مذہب میں جو متعہ ہے اور جو گواہوں کے بغیر بھی ہو سکتا ہے۔ تو اس کی صورت زنا ہی کی سی ہے کیونکہ اس میں بھی مرد و عورت اپنی رضامندی سے بغیر گواہوں کی شہادت کے مخفی طور پر شہوت رانی کر لیتے ہیں۔[6]

---

1۔ سنی مذہب حق ہے، ص ۱۸

2۔ سورۃ الزمر، آیت ۸

3۔ سورۃ محمد، آیت ۱۲

4۔ سورۃ الانعام، آیت ۱۲۸

5۔ سورۃ النساء، آیت ۲۴

6۔ سنی مذہب حق ہے، ص ۱۹

تفسیر صافی میں شیعہ مفسر مولوی مقبول احمد دہلوی نے اس کا ترجمہ یہ لکھا ہے، پھر ان میں سے جس سے تم متعہ کر لو تو مقرر کیا ہوا مہران کو دو۔اسی کے حاشیہ میں لکھتے ہیں،امام جعفر صادق سے منقول ہے کہ متعہ کی اجازت قرآن مجید میں نازل ہوئی اور سنت رسول ﷺ کے ذریعہ سے اس کا اجراء ہوااور مولوی جی امین کاظمی اس آیت کے تحت لکھتے ہیں ۔یہ آیت متعہ کے حلال ہونے پر واضح دلالت کرتی ہے۔[1]

**متعہ کے حلال ہونے کے دلائل احادیث مبارکہ کی روشنی میں:**

**حدثنا شُعْبَةُ، عَنْ عَمْرِو بْنِ دِينَارٍ، قَالَ: سَمِعْتُ الْحَسَنَ بْنَ مُحَمَّدٍ يُحَدِّثُ، عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللهِ وَسَلَمَةَ بْنِ الْأَكْوَعِ، قَالَا :خَرَجَ عَلَيْنَا مُنَادِي رَسُولِ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ: " إِنَّ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَدْ أَذِنَ لَكُمْ أَنْ تَسْتَمْتِعُوا يَعْنِي: مُتْعَةَ النِّسَاءِ۔**[2]

شعبہ نے ہمیں عمرو بن دینار سے حدیث بیان کی،انہوں نے کہا: میں نے حسن بن محمد سے سنا،وہ جابر بن عبد اللہ اور سلمہ بن اکوع رضی اللہ عنہم سے حدیث بیان کر رہے تھے،ان دونوں نے کہا: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا ایک منادی کرنے والا ہمارے پاس آیا اور اعلان کیا: بلاشبہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے تمہیں استمتاع (فائدہ اٹھانے)،یعنی عورتوں سے نکاح (متعہ) کرنے کی اجازت دی ہے۔حضرت جابر بن عبد اللہ اور حضرت سلمہ بن اکوع رضی اللہ تعالی عنہ دونوں بیان کرتے ہیں،کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے منادی نے ہمارے سامنے آکر اعلان کیا،کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے تمہیں عورتوں سے متعہ کرنے کی اجازت دے دی ہے۔

**حدثنا رَوح يَعْنِي ابْنَ الْقَاسِمِ، عَنْ عَمْرِو بْنِ دِينَارٍ، عَنِ الْحَسَنِ بْنِ مُحَمَّدٍ ، عَنْ سَلَمَةَ بْنِ الْأَكْوَعِ، وَجَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللَّهِ " : أَن رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَتَانَا فَأَذِنَ لَنَا فِي الْمُتْعَةِ ۔**[3]

روح بن قاسم نے ہمیں عمرو بن دینار سے حدیث بیان کی،انہوں نے حسن بن محمد سے،انہوں نے سلمہ بن اکوع اور جابر بن عبد اللہ رضی اللہ عنہم سے روایت کی کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ہمارے پاس آئے اعلان کی صورت میں آپ کا پیغام آیا)اور ہمیں متعہ کی اجازت دی حضرت سلمہ بن اکوع اور حضرت جابر بن عبد اللہ رضی اللہ تعالی عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ہمارے پاس تشریف لائے اور ہمیں متعہ کی اجازت دی۔

**قَالَ عَطَاء: قَدِمَ جَابِرُ بْنِ عَبْدِ اللَّهِ مُعْتَمِرًا، فَجِئْنَاهُ فِي مَنْزِلِهِ، فَسَأَلَهُ الْقَوْمُ عَنْ أَشْيَاءَ، ثُمَّ ذَكَرُوا الْمُتَعَةَ، فَقَالَ:"نَعَمِ اسْتَمْتَعَنَا عَلَى عَهْدِ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَأَبِي بَكْرٍ وَعُمَرَ۔**[4]

عطاء رحمۃ اللہ علیہ کہتے ہیں کہ حضرت جابر بن عبد اللہ رضی اللہ عنہما عمرہ کرنے کے لیے تشریف لائے تو ہم ان کی قیام گاہ پر ان کی خدمت میں حاضر ہوئے،تو لوگوں نے ان سے مختلف مسائل دریافت کیے،پھر متعہ کا ذکر چھیڑ دیا،تو انہوں نے کہا،ہاں۔ہم نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم،ابو بکر اور عمر رضی اللہ عنہما کے دور میں اس سے فائدہ اٹھایا،(متعہ کیا)۔

---

1 تفسیر صافی،ص ۱۴۰

2 ۔ صحیح مسلم بن حجاج بن مسلم، صحیح المسلم، طبع اولی (۱۴۳۳ھ)،مکتبۃ البشری،حدیث نمبر ۳۴۱۳

3 ۔ ایضا،ح ۳۴۱۴

4 ۔ ایضا،ح ۳۴۱۵

**متعہ کے فضائل شیعہ مجتھدین کی رو سے:**

**شیعہ مجتھدین کے نزدیک متعہ کے فضائل اور ثواب:**

متعہ کا ثواب بھی شیعہ مذہب میں بے نظیر ہے۔ چنانچہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی طرف منسوب کر کے ایک حدیث میں[1] شیعوں کی مستند منہج الصادقین میں بھی منقول ہے۔ یہ ہے شیعہ مذہب کا متعہ اور اس کے مخصوص فضائل جس کو وہ قرآن سے ثابت مانتے ہیں حالانکہ جو نکاح متعہ اسلام سے پہلے رائج تھا۔ وہ نکاح موقت ہوتا تھا۔اور اس میں گواہ بھی ہوتے تھے۔ اسلام میں کسی ایسے متعہ کا کوئی ثبوت نہیں ہے جس میں گواہ بھی نہ ہوں۔

چنانچہ شیعہ رئیس المجتہدین علامہ باقر مجلسی لکھتے ہیں: رسول اللہ ﷺ نے فرمایا میں تم کو متعہ کرنے کا حکم دیتا ہوں تاکہ میرے بعد اور میرے زمانے میں یہ میری سنت رہے، جو متعہ کرنے سے منکر ہو۔ اس نے مجھ سے مخالفت کی۔[2]

۱۔ رسول خدا نے حضرت علیؓ سے متعہ کا ثواب بیان کرتے ہوئے فرمایا کہ جس وقت وہ فارغ ہو کے غسل کرتے ہیں باری تعالیٰ ﷻ ہر قطرہ سے جو ان کے جسم سے جدا ہوتا ہے، ایک ایسا فرشتہ، خلق کرتا ہے جو قیامت تک تسبیح و تقدیس ایزدی بجالاتا ہے۔ اور اس کا ثواب ان کو پہنچتا ہے۔[3]

۲۔ شیعہ مجتھدین کے نزدیک جو شخص متعہ کرے عمر میں ایک مرتبہ وہ اہل بہشت سے ہے، دوسری حدیث میں ہے کہ عذاب نہ کیا جائے گا اس مرد اور عورت پر جو متعہ کر لے۔[4]

۳۔ **قَالَ أَبُو عَبْدِ اللهِ عَلَيْهِ السَّلَامِ مَا مِنْ رَجُلٍ تَمَتَّعَ ثُمَّ اغْتَسَلَ إِلَّا تخلَقَ اللّٰهُ مِنْ كُلِّ قَطْرَةٍ تَقْطُرُ مِنْهُ سَبْعِينَ ملكاً يَسْتَغْفِرُونَ إِلَى يوم القيامة۔**[5]

ترجمہ:۔ امام صادق علیہ السلام نے فرمایا جو شخص متعہ کرے پھر غسل جنابت کرے پانی کے ہر قطرہ سے جو اس کے بدن سے گرے خدا تعالیٰ ستر ستر فرشتے پیدا کرتا ہے۔ جو اس شخص کے لئے قیامت تک مغفرت مانگتے رہتے ہیں۔

۴۔ **قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ تَمَتَّعَ مَرَّةً أَمِنَ سَخط اللهِ الْجَبَّارِ وَمَنْ تَمَتَّعَ مَرَّتَيْنِ حُشِرَمَعَ الأَبْرَارِ وَمَنْ تَمَتَّعَ ثَلاثَ مَرَّاتٍ صَاحِبَنِي فِي الْجِنَّانِ۔**[6]

ترجمہ: نبی علیہ السلام نے فرمایا جو ایک مرتبہ متعہ کرے خدا کے قہر سے نجات ملے، جو دو مرتبہ کرے اس کا حشر پاک لوگوں پیغمبروں، اماموں، ولیوں کے ساتھ ہو گا جو تین مرتبہ متعہ کرے وہ رسول پاک کے ساتھ جنت میں داخل ہو گا۔

---

1 ۔ ملا فتح اللہ کاشانی، جلد دوم، مطبوعہ تہران، ص ۴۹۳

2 ۔ باقر مجلسی عجالہ حسنہ ص ۱۰

3 ۔ شیعہ سنی متفقہ ترجمہ قرآن، ص ۱۰

4 ۔ تحفہ العوام جلد ۲، ص ۲۷۱

5 ۔ برہان المتعہ مؤلفہ سید ابوالقاسم والد علامہ سید علی حائری مطبوعہ نیو امپریل پریس لاہور، ص ۵۰

6 ۔ منہج الصادقین، ص ۳۵۶

۵۔ قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ تَمَتَّعَ مَرَّةً وَاحِدَةً عُتِقَ اللّٰهُ مِنَ النَّارِ وَمَنْ تَمَتَّعَ مرّتين عيق تلقاها مِنَ النَّارِ وَمَنْ تَمَتَّعَ قَلْتَ مَرَّةً عُتِقَ كُلُّهُ مِنَ النَّارِ۔[1]

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو ایک دفعہ متعہ کرے اس کے بدن کا تیسرا حصہ آتش دوزخ سے آزاد ہو جاتا ہے، جو دو دفعہ کرے اس کے دو ثلث اور جو تین مرتبہ کرے اس کا تمام بدن آتش دوزخ سے آزاد ہو جاتا ہے۔

۶۔ لاہور کے مشہور شیعہ مجتہد علی الحائری کے والد ابو القاسم رضوی نے اپنی کتاب برہان المتعہ میں یہ ایک روایت لکھی ہے جس کا ترجمہ یہ ہے ۔نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جس شخص نے ایک بار متعہ کیا اس کا درجہ حضرت حسینؓ کی مانند ہے جس نے دو بار متعہ کیا اس کا درجہ حضرت حسنؓ کے درجہ کی مانند جس نے تین بار متعہ کیا۔اس کا درجہ حضرت علیؓ کے درجہ کی مانند اور جس نے چار بار متعہ کیا اس کا درجہ رسول اللہ ﷺ کے درجہ کی مانند ہے[2] العیاذ باللہ۔

## قاضی مظہر حسینؒ کا شیعہ کی روایات کا رد:

قاضی مظہر حسینؒ شیعہ مجتھدین کی بیان کردہ روایات کا رد میں فرماتے ہیں۔کہ شیعہ مذہب میں متعہ مبارک میں کس قدر فضیلت ہے نہ ایسی فضیلت نماز و روزہ نہ حج نہ زکوۃ نہ دیگر عبادات کی ہے کہ حسب ذیل ہے:

**روایت نمبر ا:** عمر بھر میں ایک دفعہ متعہ کر لینے سے بہشت کا ٹھیکہ مل جاتا ہے۔اور جو مرد یا عورت متعہ جیسا کار ثواب کرے، عذاب دوزخ سے نجات مل جائے۔

**روائت نمبر ۲:** متعہ کنندہ جب غسل کرتا ہے تو اس کے بدن سے بے تعداد قطرات پانی کے گرتے ہیں ایک قطرہ سے ستر ستر فرشتے پیدا ہو جاتے ہیں، جو قیامت تک اس نیک مرد متعہ کنندہ کیلئے خدا سے طلب مغفرت کرتے رہتے ہیں۔

**روایت نمبر ۳:** ایک دفعہ فعل نیک کرنے سے غضب الٰہی سے امان مل جاتی ہے، دو دفعہ یہ عمل کرنے سے حشر مع الابرار (صدیقین، شہداء انبیا) ہونے کا مستحق ہو جاتا ہے۔تیسری دفعہ عمل متعہ کرنے سے بدن کی تہائی، دو دفعہ کرنے سے دو تہائی، تین دفعہ کرنے سے تمام بدن پر آتش دوزخ حرام ہو جاتی ہے۔

**روایت نمبر ۴:** متعہ کی اتنی بڑی فضیلت ہے کہ ایک دفعہ کرنے سے حسنؓ کا، دو مرتبہ کرنے سے امام حسینؓ کا، تین دفعہ کرنے سے حضرت علیؓ کا اور چار دفعہ کرنے سے رسول پاک صلی اللہ علیہ وسلم کا درجہ مل جاتا ہے۔پھر نماز، روزہ، حج، زکوۃ اور دیگر عبادات کرنے کی کیا ضرورت؟ جن میں بدنی و مالی تکالیف اُٹھانی پڑتی ہیں، پس چار دفعہ کا ثواب (متعہ) کر لیا جائے۔ہم خرما ؤ ہم ثواب حظ نفس بھی حاصل ہو اور بہشت بھی مل جائے۔نار جہنم کا کھٹکا نہ رہے، امام حسنؓ، امام حسینؓ علیؓ، رسول پاک ﷺ کے ہم رتبہ ہو کر نیم جنت کے مزے لوٹے۔[3]

قاضی صاحبؒ متعہ کا رد کرتے ہوئے فرماتے ہیں کہ کوئی شخص ایک منٹ کے لئے بھی مان سکتا ہے کہ یہ بیہودہ روایات متعہ جو آئمہ دین کی طرف منسوب کی جاتی ہیں۔فی الواقع ان کے ہی اقوال ہیں؟ یہ عجیب بات ہے کہ ایک شخص شہوت رانی کی غرض سے ایسے فعل قبیح کا ارتکاب کرے

---

[1] ۔ منہج الصادقین، ص ۳۵۶

[2] ۔ شیعہ سنی متفقہ ترجمہ قرآن، ص ۱۰

[3] ۔ کرم الدین دبیر، مقدمہ قاضی مظہر حسین، آفاب ہدایت، ص ۲۵۶

اور وہ جنت الفردوس کا مالک بن جائے اور اماموں اور انبیاء کا ہم رتبہ ہو جائے۔ ایسے اقوال کا آئمہ اہل بیت کی طرف منسوب کرنا عترت رسول کی بہت بڑی ہتک ہے۔ العیاذ اللہ افسوس ہے کہ متعہ جیسا حیا کش مسئلہ اسلام کا ایک فرقہ ایجاد کر کے دامن اسلام پر ایک بدنما دھبہ لگاتا ہے۔ ہم آریہ کے خلاف مسئلہ نیوگ کے متعلق اعتراض کرتے ہیں۔ آریہ اس کے جواب میں متعہ کا مسئلہ پیش کر دیتے ہیں۔ بتایئے اس کا کیا جواب دیا جا سکتا ہے۔[1]

قاضی صاحبؒ مزید فرماتے ہیں کہ متعہ فی الحقیقت زنا ہے، جس کا نام صرف تبدیل کیا گیا ہے۔ اور اوصاف سارے وہی ہیں کیونکہ متعہ میں گواہ رکھنے کی ضرورت نہیں۔ توریث بھی نہیں، تعداد بھی معین نہیں، جتنی عورتوں سے چاہئے متعہ کر سکتا ہے۔ جیساز نا میں خرچی مقرر اور وقت معین کیا جاتا ہے ایسا ہی متعہ بھی ہے پیشہ ور عورتیں بے حجاب بازاروں میں پھرتی ہیں۔ اسی طرح ممنوعہ عورت کو کبھی پردہ کی ضرورت نہیں ہے۔[2]

فرمایئے: کیا شیعہ مذہب میں متعہ جیسا ثواب کسی اور عبادت پر بھی مل سکتا ہے۔ تعجب ہے کہ جو حلال نکاح متفق علیہ ہے اس میں کبھی یہ ثواب نہیں ملتا۔ اور نماز روزہ زکوۃ اور حج پر بھی اتنا ثواب مذکور نہیں ہے کیا عقل وایمان کی بنیاد پر متعہ جیسے فعل کا اس قدر ثواب کہ اگر العیاذ باللہ چار بار متعہ کرے تو مثل رحمت للعالمین صلی اللہ علیہ وسلم کے درجہ کے اسکو درجہ نصیب ہو جائے۔ کیا قابل تسلیم ہو سکتا ہے؟ اب آپ ہی شیعہ علماء و مجتہدین سے پوچھنے کی ہمت کر سکتے ہیں کہ اگر کوئی شخص چار سے زیادہ بار متعہ کرے تو اسکو کونسا درجہ نصیب ہو گا؟ ماشاءاللہ لا قوۃ الا باللہ[3].

## ائمہ اہلبیتؑ کی ہتک وتوہین:

دلدادگان متعہ نے اس بارہ میں عجیب وغریب حکائیتیں واضع کی ہیں اور یہ بھی خیال نہیں کیا کہ ایسی بیہودہ حکایات سے آئمہ اہل بیت کی کہاں تک ہتک وتوہین ہوتی ہے۔

**جَاءَ عَبْدُ اللَّهِ بِنُ عُمَيْرِ اللَّيْثِي إِلَىٰ أَبِي جَعْفَرٍ فَقَالَ لَهُ مَاتَقُوْلُ فِي مُتْعَةِ النِّسَاءِ فَقَالَ احَلَّهَا اللهُ فِي كِتَابِهِ وَعَلَى لِسَانِ نَبِيِّهِ فَهِيَ حَلالٌ إِلى يَوْمِ الْقِيَامَة فَقَالَ يَا أَبَا جَعْفَرَ مِثْلُكَ يَقُولُ. هذا وَقَدْ حَرَّمَهَا عُمَرُو نَهى عَنْهُ فَقَالَ وَإِنْ كَانَ فَعَلَ فَقَالَ أَعِيذُكَ بِاللَّهِ مِنْ ذَلِكَ اَنْ تُحِلُّ شَيْئًا حَرَّمَهُ عُمَرُ قَالَ فَقَالَ فَانْتَ عَلَى قَوْلِ صَاحِبَكَ وَأَنَا عَلَىٰ قَوْلِ رَسُولِ اللهِ صَلَّى الله عَلَيْهِ وآلِهِ وَسَلَّمَ إِلا عَنكَ فَإِنَّ الْأَوَّلَ مَا قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى الله عَلَيْهِ وآلِهِ وَسَلَّمَ وَآنَ الْبَاطِلَ مَا قَالَ صَاحِبُكَ قَالَ فَاقْبَلَ عَبْدُ اللَّهِ بن عُمَيْرٍ فَقَالَ أَيَشُرُكَ أَنَّ نِسَانَكَ وَبَنَاتِكَ وَاخْوَانِكَ وَبَنَاتِ عَمِكَ يَفْعَلُنَ قَالَ فَأَعْرَضَ عَنْهُ أَبُو جَعْفَرَ عَلَيْهِ السَّلامُ حِيْنَ ذَكَرِ نِسَاءِ هُ وَبَنَاتَ عَمَهُ۔**[4]

ترجمہ:۔ عبداللہ بن عمیرؒ نے امام باقر علیہ السلام سے متعہ کا مسئلہ دریافت کیا تو انہوں نے کہا خدا نے اس کو اپنی کتاب میں اور اپنے رسول صلی اللہ علیہ وسلم کی زبان سے حلال کیا ہے، پس وہ قیامت تک حلال ہے، ابن عمیر نے کہا، آپ جیسا امام یہ بات کہے۔ حالانکہ عمرؓ نے اس کی حرمت کا فتویٰ دے دیا ہے۔ آپ سے یہ زیبا نہیں کہ جس چیز کی حرمت عمرؓ نے بیان کی اُسے آپ حلال کریں۔ امام باقر نے کہا، تو عمرؓ کے قول پر اور میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے قول پر کاربند رہوں گا۔ پہلی بات قول رسول ہے اور تیرے عمرؓ کا قول باطل ہے۔ ابن عمیر نے کہا کیا آپ کو یہ بات پسند ہے کہ آپ کی عورتیں، لڑکیاں، بہنیں، پھوپھیاں، یہ فعل کریں؟ امام باقر نے یہ بات سن کر اس کی طرف سے منہ پھیر لیا اور کچھ جواب نہ دیا۔

---

[1] ۔ کرم الدین دبیر، مقدمہ حضرت قاضی مظہر حسین، آفتاب ہدایت، ص ۲۵۶

[2] ۔ ایضا، ص ۲۵۷

[3] ۔ ایضا، ص ۲۵۷

[4] ۔ فروع کافی جلد ۲، ص ۱۹۰

**امام جعفر صادق علیہ السلام سے روایت ہے کہ :**

ایک عورت حضرت عمرؓ کے پاس آئی اور اعتراف کیا کہ اس نے زنا کیا ہے۔ حضرت عمرؓ نے اسے سنگسار کرنے کا حکم دیا۔ جب یہ خبر حضرت علیؓ کو ملی تو آپ نے اس عورت سے اس فعل کے بارے میں دریافت کیا کہ یہ کیسے ہوا۔

عورت نے بتایا کہ وہ ایک جنگل سے گزر رہی تھی کہ اسے شدید پیاس لگی۔ اس نے ایک اعرابی (بدو) سے پانی مانگا۔ اس اعرابی نے پانی دینے کے عوض ہمبستری کی شرط رکھی۔ جب پیاس کی شدت سے اسے اپنی موت کا خوف لاحق ہوا اور کوئی چارہ نہ تھا، تو اس نے اس اعرابی کو اپنے نفس پر قابو پانے کی اجازت دے دی (یعنی ہمبستری کی) یہ سن کر امیر المومنین حضرت علیؓ نے فرمایا: "ربِ کعبہ کی قسم! یہ تو نکاح ہے!"[1]

ہم دعوی سے کہتے ہیں کہ یہ قصہ یار لوگوں کا وضع کیا ہوا اور محض غلط ہے۔ اگر امام باقر معاذ اللہ متعہ کی حلت کے اس قدر قائل تھے کہ اس کو سنت الرسول اور قیامت تک جائز سمجھتے تھے تو پھر عورتوں کا سوال آجانے سے کیوں خفگی آجاتی؟ کہ بات ہی منقطع ہوگئی اور کوئی جواب نہ بن پڑا۔ یہ عجیب بات ہے کہ جو فعل مردوں کے لئے قیامت تک حلال اور موجب ثواب ہو وہ عورتوں کے لئے باعث شرم و عار ہو، کوئی حکم اسلام میں ایسا نہیں ہے کہ جو ذکور کے لئے مباح اور اناث کے لئے حرام ہو۔ و بالعکس۔ اس سے صاف ثابت ہے کہ متعہ عورت مرد کے لئے یکساں حرام ہے نہ عقل اس کو درست سمجھتی ہے نہ نقل سے اس کا کوئی ثبوت ہے۔[2]

**اجرت متعہ :**

بازاری عورتوں کی اُجرت خرچی چار آٹھ آنہ یا روپیہ دو روپیہ مقرر کی جاتی ہے بلکہ ممنوعہ عورت کی اُجرت (خرچی) حسب روایات شیعہ مٹھی بھر گیہوں یا ستو یا کھجور وغیرہ کافی ہے[3]۔

عَنِ الْاَحْوَلِ قُلْتُ إِبِيُّ عَبْدِ اللهِ عَلَيْهِ السَّلَامُ عَنْ أَدْنَىٰ مَا تَزَوَّجُ بِهِ الْمُتْعَةُ قَالَ كَفٌ مِنْ ۔[4]

راوی نے امام صادق علیہ السلام سے پوچھا کہ متعہ کی کم درجہ اجرت کیا ہے؟ آپ نے کہا مٹھی بھر گیہوں۔

دوسری روایت اسی کتاب کے ص ۹۴ میں ہے

عَنْ أَبِي بَصِيرٍ قَالَ سَئَلْتُ ابا عبد اللهِ عَلَيْهِ السَّلَامُ عَنْ أَدْنَىٰ مَهْرِ الْمُتْعَةِ مَا هُوَ؟ قَالَ كَفٌّ مِنْ طَعَامٍ أَوْ دَقِيقٍ أَوْ سَوْقٍ أَوْ تَمْرٍ۔[5]

ابو بصیر کہتا ہے میں نے صادق علیہ السلام سے دریافت کیا کہ متعہ میں سے ادنی مہر کیا ہے؟ کہا مٹھی بھر بعام آٹا یا ستو یا کھجور۔

**لاتعداد عورتوں سے متعہ ہو سکتا ہے:**

نکاح چار عورتوں سے زائد نہیں ہو سکتا۔ لیکن متعہ کی عام اجازت ہے۔ خواہ ہزار عورتوں سے متعہ کرے، ممانعت نہیں ہے۔

---

[1] ۔ فروع کافی جلد ۲ ، ص ۱۹۸

[2] ۔ آفاب ہدایت، ص ۲۵۸

[3] ۔ ایضاً، ص ۲۵۸

[4] ۔ فروع کافی جلد ۲، ص ۱۹۴

[5] ۔ ایضاً، ص ۱۹۴

عَنْ أَبِي بَصِيرٍ قَالَ سُئِلَ أَبُو عَبْدِ اللهِ عَنِ الْمُتْعَةِ أهى مِنَ الاَربَعَ قَالَ لاَ وَلاَ مِنَ السَّبعين [1]

ابو بصیر کہتا ہے صادق علیہ السلام سے متعہ کے بارے میں دریافت کیا گیا کہ کیا چار عورتوں" سے ہی متعہ ہو سکتا ہے؟ کہا چار کیا بلکہ ستر کی بھی حد نہیں ہے۔

**ایک عورت سے بار بار متعہ:**

ایک عورت کو نکاح کر کے طلاق مثلثہ دی جائے تو دوبارہ اس سے نکاح نہیں ہو سکتا۔ لیکن متعہ کے متعلق عام اجازت ہے۔ ایک عورت سے کئی بار متعہ کیا جا سکتا ہے۔

عَنْ زرارَةَ عَنْ أَبِي جَعْفَرَ عَلَيْهِ السَّلامُ قَالَ قُلْتُ لَهُ جُعِلْتُ فدَاكَ الرَّجُلُ يَتَزَوَّجُ الْمُتَعةَ وَ يَنْقَضِيْ شَرطُهَا ثُمَّ يَتَزَوَّجُهَا رَجُلٌ اخرُ حَتَّى بانَتَ مِنْهُ ثُمَّ يَتَزَوَّجُهَا الْأَوَّلُ حَتَّى بَانَتَ مِنْهُ ثَلَاثًا وَتَزوَّجَتْ ثَلاثَةَ أَزْوَاجٍ يُحِلُّ لِلاَوَّلِ أَنْ يَتَزَوْجَهَا قَالَ نعُمُ كَمْ شَاءَ لَيْسَ هَذِهِ مِثْلَ الْحُرَّةِ هَذِهِ مُسْتَاجِرَةٌ وَهِيَ بِمَنْزِلَةِ الإِمَاءِ-[2]

ترجمہ:- زرارہ کہتا ہے۔ میں نے امام باقر علیہ السلام سے کہا، میں آپ پر قربان کوئی شخص متعہ کرنے اور اس کی شرط پوری ہو جائے پھر دوسرا شخص اس سے متعہ کرے حتی کہ اس سے قطع تعلق ہو جائے پھر اس سے متعہ کرے، حتی کہ تین دفعہ اس سے قطع تعلق ہو اور تین خاوند کر چکی ہو کیا پہلا شخص اس سے متعہ کر سکتا ہے؟ آپ نے کہا جتنی دفعہ چاہئے متعہ کرے۔ یہ آزاد میل عورت جیسی نہیں بلکہ کرایہ کی عورت اور لونڈیوں کی جا بجا ہے۔

## قاضی مظہر حسینؒ کا متعہ پر رد:

**متعہ قیامت تک حرام کے دلائل احادیث کی روشنی میں:**

عَنْ أَبِي نَضْرَةَ، قَالَ: كُنْتُ عَنْدَ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللَّهِ، فَأَتَاهُ آتٍ فَقَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ، وَابْنُ الزُّبَيْرِ اخْتَلَفَا فِي الْمُتْعَتَيْنِ، فَقَالَ جَابِرَ:فَعَلْنَاهُمَا مَعَ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، ثُمَّ نَهَانَا عَنْهُمَاعُمَرِ فَلَمْ نَعُدْ لَهُمَا -[3]

ابو نضرہ رحمۃ اللہ علیہ بیان کرتے ہیں کہ:

وہ حضرت جابر بن عبد اللہ رضی اللہ عنہما کی خدمت میں موجود تھے کہ ایک شخص ان کے پاس آیا اور بتایا کہ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما اور حضرت ابن زبیر رضی اللہ تعالی عنہما کے درمیان عورتوں سے متعہ اور حج تمتع کے بارے میں اختلاف ہو گیا ہے۔

اس پر حضرت جابر رضی اللہ تعالی عنہ نے فرمایا: "ہم نے یہ دونوں کام (متعہ اور حج تمتع) رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی معیت میں کیے ہیں، پھر حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے ہمیں ان دونوں سے منع کر دیا، تو ہم نے پھر یہ نہیں کیے۔"

---

1۔ فروع کافی جلد نمبر ۲، ص ۱۹۱

2۔ آفتاب ہدایت، ص ۲۵۸

3۔ بخاری، حدیث نمبر ۵۱۱۵

حَدَّثَنِي الربيع بن سَبْرَةَ الْجُهَنِيُّ: أَنَّ أَبَاهُ، حَدَّثَهُ: أَنَّهُ كَانَ مَعَ رَسُولِ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ: يَا أَيُّهَا النَّاسُ إِنِّي قَدْ كُنتُ أَذِنَتْ لَكُمْ فِي الِاسْتِمْتَاعِ مِنَ النِّسَاءِ، وَإِنَّ اللَّهَ قَدْ حَرَمَ ذَلِكَ إِلَى يَوْمِ الْقِيَامَةِ فَمَنْ كَانَ عَنْدَهُ مِنْهُنَّ شَيْءٍ فَلْيُخَلِ سَبِيلَه، وَلَا تَأْخُذُوا مِمَّا آتَيْتُمُوهُنَّ شَيْئًا.[1]

حضرت ربیع بن سبرہ جہنی اپنے باپ (سبرہ جہنی رضی اللہ عنہ) سے روایت کرتے ہیں کہ وہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ہمراہ تھے، تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:

"اے لوگو! بے شک میں نے واقعی تمہیں عورتوں سے (متعہ کے ذریعے) فائدہ اٹھانے کی اجازت دے دی تھی۔ اور بلاشبہ اللہ تعالیٰ نے اسے قیامت تک کے لیے حرام قرار دے دیا ہے۔ تو جس کے پاس ان میں سے کوئی ہو (یعنی جس نے متعہ کیا ہو)، اس کا راستہ چھوڑ دے اور جو کچھ تم نے انہیں دے دیا ہے اس میں سے کچھ نہ لو۔"

عَنْ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ الربيع بن سبرة الْجُهَنِي، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ جَدِهِ، قَالَ: "أَمَرَنَا رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِالْمُتْعَةِ عَامَ الْفَتْحِ حِينَ دَخَلْنَا مَكَّةَ ثُمَّ لَمْ نَخْرُجْ مِنْهَا حَتَّى نَهَانَا عَنْهَا.[2]

عبد الملک بن ربیع بن سبرہ جہنی رضی اللہ تعالی عنہ بیان کرتے ہیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ہمیں فتح مکہ کے موقع پر متعہ کرنے کا حکم دیا جبکہ ہم مکہ میں داخل ہوئے اور ہمیں اس سے نکلنے سے پہلے ہی روک دیا۔

حدثنا سَفْيَانُ بن عَيَيْنَةَ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنِ الربيع بن سَبرَةَ، عَنْ أَبِيهِ": أَن النبي صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَهَى عَنْ نِكَاحِ الْمُتَعَةِ -[3]

سفیان بن عیینہ نے ہمیں زہری سے اور انہوں نے ربیع بن سبرہ سے، اور ربیع بن سبرہ نے اپنے والد (سبرہ جہنی رضی اللہ عنہ) سے روایت کی ہے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے نکاح متعہ سے منع فرما دیا۔

عَنِ الربيع بن سيرَةَ، عَنْ أَبِيهِ: أَنْ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَهَى يَوْمَ الْفَتَحِ عَنْ مَتْعَةِ النِّسَاءِ۔[4]

ربیع بن سبرہ اپنے باپ سے بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فتح مکہ کے وقت متعۃ النساء سے منع فرمایا۔

عَنِ الرَّبِيعِ بْنِ سَبْرَةَ الْجُهَنِيِ، عَنْ أَبِيهِ: أَنَّهُ أَخْبَرَهُ: " أَنَّ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَهَى عَنِ الْمُتْعَةِ زَمَانَ الْفَتْحِ" مُتْعَةِ النِّسَاءِ وَأَنْ أَبَاهُ كَانَ تَمَتَعَ بَبْزِ دَيْنِ أَحْمَرَيْنِ-[5]

ربیع بن سبرہ اپنے باپ سے بیان کرتے ہیں، کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فتح مکہ کے دور میں متعہ یعنی متعۃ النساء سے منع فرمایا، اور میرے باپ نے دو سرخ چادروں کے عوض متعہ کیا تھا۔ ابن شہاب کہتے ہیں، مجھے ربیع بن سبرۃ جہنی نے اپنے باپ سے روایت سنائی، کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے عہد مبارک میں بنو عامر کی ایک عورت سے دو سرخ چادروں کے عوض فائدہ اٹھایا تھا، پھر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم

---

1 ۔ صحیح مسلم، حدیث نمبر ۳۴۲۲

2 ۔ ایضا، ح ۳۴۲۴

3 ۔ ایضا، ح ۳۴۲۶

4 ۔ ایضا، ح ۳۴۲۷

5 ۔ ایضا، ح ۳۴۲۸

نے ہمیں متعہ سے منع فرمادیا،ابن شہاب بیان کرتے ہیں، میں نے ربیع بن سبرۃ سے یہ روایت اس وقت سنی تھی، جبکہ وہ میری موجودگی میں حضرت عمر بن عبدالعزیز رحمۃ اللہ علیہ کو سنا رہے تھے۔

**حدثنا الرَّبِيعُ بْنَ سَبْرَةَ الْجُهَنِيُّ، عَنْ أَبِيهِ: أَن رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:" نَهَى عَنِ الْمُتْعَةِ، وَقَالَ: أَلَا إِنَّهَا حَرَامَ مِنْ يَوْمِكُمْ هَذَا إِلَى يَوْمِ الْقِيَامَةِ، وَمَنْ كَانَ أَعْطَى شَيْئًا، فَلَا يَأْخذه -**[1]

ربیع بن سبرہ اپنے باپ سے بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم متعہ سے منع کیااور فرمایا'': خبر دار، سنو! متعہ آج سے قیامت کے دن تک کے لیے حرام ہے،اور جس نے کوئی چیز دے رکھی ہے، وہ اسے واپس نہ لے۔''

**عَنْ عَلِي : أَنَّهُ سَمِعَ ابْنَ عَبَّاسٍ يُلَيِّنُ فِي مُتْعَةِ النِّسَاءِ، فَقَالَ: مَهْلًايَا ابْنَ عَبَّاسٍ، فَإِنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:" نَهَى عَنْهَا يَوْمَ خَيْبَرَ، وَعَنْ لُحُومِ الْحُمُرِ الْإِنْسِيَّةِ –**[2]

حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالی عنہما سے سنا کہ وہ عورتوں سے متعہ کے بارے میں گنجائش پیدا کر رہے ہیں، تو کہا، ٹھہرو! اے ابن عباس! کیونکہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اس سے اور گھریلو گدھوں کے گوشت سے منع فرمایا ہے۔

**عَنْ عَلِيَّ بْنَ أَبِي طَالِبٍ، يَقُولُ لِابْنِ عَبَّاسٍ:" نَهَى رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ مَتْعَةِ لِنِّسَاءِ يَوْمَ خَيْبَرَ، وَعَنْ أَكْلِ لُحُومِ الْحُمُرِ الْإِنْسِيَّةِ -**[3]

حضرت علی رضی اللہ تعالی عنہ نے حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالی عنہ سے کہا، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے خیبر کے موقعہ پر متعۃ النساء، اور پالتو گدھوں کا گوشت کھانے سے روک دیا تھا۔

شیعہ حضرات کے مسائل کا کیا کہنا۔ جو بات کی خدا کی قسم لاجواب کی ہر ایک مسئلہ نرالا اور ہر ایک مقولہ عجوبہ روزگار ہوتا ہے۔ انہی مسائل میں سے ایک عجیب و غریب مسئلہ متعہ کا ہے۔ متعہ کی فضیلت میں مستقل رسالے تصنیف کئے گئے ہیں۔ اور اس کا اس قدر ثواب بیان کیا گیا ہے کہ فاعل اور مفعولہ صرف فعل متعہ بجالانے سے کلید جنت کے مالک ہو سکتے ہیں۔[4]

**متعہ ممانعت شیعہ حدیث کی کتب سے:**

حدیث جس سے متعہ کی ممانعت ثابت ہوتی ہے۔

**عَنِ الْمُفَضْلِ قَالَ سَمِعْتُ أَبَا عَبْدِ اللهِ عَلَيْهِ السَّلَامِ يَقُولُ فِي الْمُتْعَةِ دَعُوهَا مَايَسَتَحِى أَحَدُكُمْ أَنْ يَرَى فِي مَوْضِعِ الْعَورَةِ فَيَحْمِلَ ذلك عَلَى صَالِحِي إِخْوَانِهِ وَأَصْحَابِهِ-**[5]

ترجمہ: مفضل کہتا ہے میں نے امام صادق علیہ السلام سے سنا وہ فرماتے تھے متعہ چھوڑ دو کیا تمہیں شرم نہیں آتی کہ کوئی شخص عورت کی شرم گاہ دیکھے اور اس کا ذکر اپنے بھائیوں اور احباب سے جا کر کرے۔

---

1 ۔ صحیح مسلم، حدیث نمبر ۳۴۳۰

2 ۔ ایضا، ح ۳۴۳۴

3 ۔ ایضا، ح ۳۴۳۵

4 ۔ آفتاب ہدایت، ص ۲۵۴

5 ۔ فروع کافی جلد ۲، ص ۱۹۲

اصول کافی کے اسی صفحہ پر درج ہے۔

**كَتَبَ أَبُو الْحَسَنِ عَلَيْهِ السَّلَامُ إِلَىٰ بَعْضَ مَوَالِيهِ وَلَا تُلِحُوا عَلَى الْمُتْعَةِ إِنَّمَا عَلَيْكُمْ إِقَامَةُ السُّنَّةِ فَلَا تَشْتَغِلُوا بِهَا عَنْ فُرُشِكُمْ وَحَرَائِرِكُمْ فَيَكْفُفْنَ وَيَسْتَبْرِينَ أَن وَيَدَّعِينَ عَلَى الْأَمْرِ بِذلِكَ فَيَلْعَنَّ لَنَا۔**[1]

ترجمہ:۔ حضرت ابوالحسن نے اپنے بعض خدام کو کہا کہ متعہ پر اصرار مت کرو صرف سنت بجالاؤ۔اور اس میں مصروف مت ہو جاؤ۔تاکہ تم اپنی منکوحہ عورتوں اور کنیزوں سے ہٹ جاؤ اور وہ معطل رہیں اور وہ پاکباز رہ کر ہماری دامن گیر ہوں اور ہمیں (اس وجہ سے کہ حکم متعہ دیا ہے) لعنت کریں۔

دوسری حدیث میں متعہ کے اصرار کی ممانعت ہے،اور پہلی حدیث میں کلی ممانعت ہے،اور یہ بات کہ احادیث شیعہ میں اس قدر تعارض و تخالف ہے، کہ معلوم نہیں ہو سکتا کہ کونسا حکم درست ہے اور کونسا درست نہیں ہے۔

---

[1] ۔ فروع کافی جلد ۲، ص ۱۹۲

## فصل سوئم: قاضی مظہر حسینؒ کا تقیہ اور غلوّ پر نقد اور اس کا جائزہ:

### (الف) قاضی مظہر حسینؒ کا تقیہّ پر نقد اور اس کا جائزہ

### تقیہ کے معنی و مفہوم:

تقیہ کو شیعہ مذہب میں بہت اہم عبادت تصور کیا جاتا ہے۔ کتب شیعہ میں اس کی بہت تعریف کی گئی ہے۔ دینی یا دنیوی نقصان سے بچنے کی خاطر حق اور اپنے عقیدے کو اپنے مد مقابل مخالف سے چھپانے کو تقیہ کہتے ہیں۔[1] یا کسی مخالف شخص کے نقصان سے بچنے کے لیے اس کے ساتھ گفتار اور کردار کے لحاظ سے اس جیسے عمل کرنا تقیہ کہلاتا ہے۔[2]

لغوی اعتبار سے تقیہ لفظ "وقی" سے مأخوذ ہے۔ جس کے معنی کسی کی تکلیف اور آزار سے بچنے کی خاطر اس سے محفوظ رہنے، رکنے اور کسی چیز کو اس سے چھپانے کے ہیں۔[3]

**تقیہ کی قسمیں:** تقیہ کرنے کے اہداف اور اس کے محرکات کے لحاظ سے اس کی دو قسمیں ہیں:

۱۔ تقیہ خوفی ۲۔ تقیہ مداراتی

### تقیہ خوفی:

جب مخالف کی طرف سے مالی، جانی یا آبرو خطرے میں پڑنے اور اسے نقصان پہنچائے جانے کا خطرہ ہو۔ اسے تقیہ خوفی کہتے ہیں۔[4] تقیہ خوفی کی دوسری قسم یہ ہے کہ انسان اپنی یا اپنے متعلقہ شخص کی جان بچانے کے لیے اپنے عقیدے کو چھپاتا ہے۔ اسے تقیہ کتمانی کہتے ہیں۔ تقیہ خوفی میں اکراہ یا اجبار درکار ہوتا ہے جس کے مطابق انسان کو اپنے عقیدے کے برخلاف ایک عمل یا عقیدے کے اظہار پر مجبور کیا جاتا ہے؛ مثلاً اس سے کفریہ عقیدے کا اظہار کرایا جائے۔ اگر مالی نقصان یا عزت و آبرو پر آنچ جیسے نقصان کا خوف، خود انسان کو یا اس سے متعلقہ افراد حتیٰ کہ اسلامی معاشرہ اور مسلمانوں کے لیے اس جیسے نقصان کا اندیشہ ہو تو یہ بھی تقیہ کے لیے ایک وجہ ہو سکتا ہے۔[5]

### تقیہ مداراتی:

خاطر داری اور مہربانی کا اظہار کرنا، تقیہ کی اس قسم کو تقیہ تحبیبی بھی کہتے ہیں۔[6] اس قسم کے تقیہ میں مختلف مصلحتوں کو مد نظر رکھ کر اپنے عقیدے کو چھپایا جاتا ہے جیسے اتحاد و یگانگت پیدا کرنا، محبت اور دوستی کا اظہار کرنا یا آپس کی دشمنیوں کے خاتمے کے لیے خاطر داری کرنا وغیرہ، اس قسم کے تقیہ میں بطور کلی ان امور کو مد نظر رکھا جاتا ہے جن کی زیادہ اہمیت ہوتی ہے۔ عقیدے کا اظہار اتنی اہمیت نہیں رکھتا۔[7] مسلمانوں کی عزت و وقار کو

---

[1] ۔ شیخ مفید، تصحیح الاعتقادات الامامیۃ، ۱۴۱۴ھ، ص ۱۳۷

[2] ۔ شیخ انصاری، مسائل فقہیۃ، ۱۴۱۴ھ، ص ۷۱

[3] ۔ ابن منظور، لسان العرب، ذیل واژہ "وقی" ص ۳۴

[4] ۔ امام خمینی، المکاسب المحرمہ، ۱۴۱۵ھ، ج ۲، ص ۲۳۶؛ مکارم شیرازی، القواعد الفقہیۃ، ۱۴۱۶ھ، ج ۱، ص ۳۷۷

[5] ۔ امام خمینی، الراشد الاشراح، ۱۴۲۰ھ، ص ۷۔

[6] ۔ مکارم شیرازی، داستان یاران (مجموعہ بحث ھای تفسیری آیت اللہ مکارم شیرازی)، ۱۳۹۰ ہجری شمسی، ص ۶۱

[7] ۔ امام خمینی، المکاسب المحرمہ، ۱۴۱۵ھ، ج ۲، ص ۲۳۶؛ مکارم شیرازی، القواعد الفقہیۃ، ۱۴۱۶ھ، ج ۱، ص ۴۱۰

محفوظ رکھنے کے لیے ان کے ساتھ نیک برتاؤ کرنا، آپس کی بدگمانیوں اور شکوک وشبہات کو دور کرنے کے لیے ان کے ساتھ اجتماعی امور میں مشارکت کو تقیہ مداراتی یا تحبیبی کہتے ہیں۔[1]

قاضی صاحبؒ فرماتے ہیں؛

ا۔ تقیہ کا مطلب ہے کہ اپنے قلبی اعتقاد کے خلاف زبان سے خلاف حق بات کا اظہار کرنا یعنی حق بات کو چھپانا۔[2]

۲۔ تقیہ خلاف حق یعنی (جھوٹ) بات کہنا اور حق کا اخفاء کرنا۔[3]

تقیہ شیعہ مذہب کا ایک خاص بنیادی عقیدہ ہے۔

**شیعہ عقیدہ میں تقیہ کا جواز قرآن کی رو سے:**

شیعہ مفسرین نے اپنا عقیدہ تقیہ بھی قرآن سے نکال لیا ہے۔ شیعہ مجتھدین قرآن کی سورہ العمران کی آیت نمبر ۲۸ سے تقیہ کا جواز پیش کرتے ہیں۔ اِلَّآ اَنْ تَتَّقُوْا مِنْھُمْ تُقٰةً ۔[4]

ترجمہ: سوائے اس صورت میں کہ تم ان سے بچاؤ کرنا چاہو۔

شیعہ مولوی فرمان علی لکھتے ہیں۔ اس آیت سے تقیہ کا حکم ثابت ہے۔ کیونکہ یہی خدا اور اس کے انبیاء اور ائمہ اور حکماء کا دین ہے۔ اور مولوی امداد حسین کاظمی اس آیت کے تحت لکھتے ہیں، تفسیر صافی صفحہ ۸۱ میں احتجاج طبرسی کے حوالہ سے لکھا ہے کہ جناب امیر المومنین یعنی حضرت علی علیہ السلام نے فرمایا۔ خداوند تعالیٰ ہمیں اپنے دین میں تقیہ استعمال کرنے کا حکم دیتا ہے یعنی اللہ فرماتا ہے۔ اِلَّآ اَنْ تَتَّقُوْا مِنْھُمْ تُقٰةً ۔ اور شیعہ مفسر مولوی مقبول احمد دہلوی نے اس آیت کے تحت لکھا ہے کہ :۔ بعض قاریوں نے حسب تنزیل خدا اس کو تقیہ پڑھا ہے اور اگر تقاۃ بھی پڑھا جائے تب بھی معنی اس کے تقیہ ہی کے ہونگے صرف چالاکی یہ کی گئی ہے کہ تقاۃ پڑھنے کا مقصد یہ ہے کہ عوام الناس کو یہ دھوکہ دیا جائے کہ لفظ تقیہ قرآن مجید میں نہیں ہے الخ مولوی مقبول دہلوی کا مطلب یہ ہے کہ اصل وحی میں تو تقیہ کا لفظ تھا لیکن صحابہ کرام نے اس کی جگہ تقاۃ لکھا دیا۔ العیاذ باللہ[5] جو تقیہ کرتا ہے یعنی حق بات کو چھپاتا ہے اسکو حق چھپانے پر بہت زیادہ اجر ملتا ہے چنانچہ شیعہ مذہب کی کتب[6] میں یہ روایت ہے کہ فرمایا حضرت امام محمد باقر علیہ السلام نے تقیہ میرا دین ہے اور میرے آباؤاجداد کا دین ہے جس کیلئے تقیہ نہیں اس کیلئے دین نہیں۔[7]

---

1۔ امام خمینی، الرسائل العشرۃ، ۱۴۲۰ھ، ص۵۶-۵۷؛ مکارم شیرازی، القواعد الفقھیۃ، ۱۴۱۶ھ، ج۱، ص۴۵۳

2۔ سنی شیعہ متفقہ ترجمہ قرآن کا عظیم فتنہ، ص۸

3۔ آفتاب ہدایت، ص۲۴۹

4۔ سورۃ آل عمران آیت ۲۸

5۔ سنی شیعہ متفقہ ترجمہ قرآن کا عظیم فتنہ، ص۹

6۔ الصحیح الکتب اصول کافی جلد دوم باب تقیہ ص ۳۳۳

7۔ سنی شیعہ متفقہ ترجمہ قرآن کا عظیم فتنہ، ص۸

شیعہ امام خمینی جو دور حاضر کے امام تصور کیے جاتے ہیں،وہ بھی اپنے ائمہ اہل بیت کے تقیہ کے بارے میں فرماتے ہیں کہ ، کبھی حالات ایسے ہوتے کہ امام حقائق کو بیان نہیں کر پاتے ،ایک مطلب بیان کرتے اور اس کے بعد اس کے مخالف حکم صادر فرماتے۔ان کی بہت سی روایات کے دو پہلو ہوتے جو ایک دوسرے سے معارض ہوتے۔[1]

"قَالَ أَبُو جَعْفَرعَلَيهِ السَّلَام التقيةُ مِنْ دِينِي وَدِينَ أَبَائِي وَلَا إِيمَانَ لِمَنْ لا تقية له"۔[2]

ترجمہ: امام محمد باقرنے فرمایاہے تقیہ میرااور میرے باپ داداکادین ہے اور جو تقیہ نہ کرے اس کا کوئی ایمان ہی نہیں ہے۔ نیز اصول کافی میں ہے۔

" قَالَ أَبُو عَبْدِ اللهِ عَلَيْهِ السَّلام يا آباعمَرَانُ تِسْعَةَ أَعْشَارِ الدِّينِ فِي التَّقِيَّةِ وَلَا دِينَ لِمَنْ لا تَقِيَّةَ لَه"۔[3]

ترجمہ: صادق علیہ السلام نے فرمایانوحصے دین کے تقیہ میں ہیں،جو تقیہ نہ کرے وہ بے دین ہے۔

**شیعوں کی عبادت دین وایمان تقیہ:**

ذیل میں ظاہر ہوتاہے۔اصول کافی میں ہے۔

عَنْ أَبِي بَصِيرٍ قَالَ أَبُو عَبْدِ اللَّهِ عليه السَّلَامُ: التَّقِيَّةُ مِنْ دِينِ اللَّهِ. قُلْتُ: وَمِنْ دِينِ اللَّهِ؟ قَالَ: أَي وَاللَّهِ مِنْ دِينِ اللَّهِ. وَلَقَدْ قَالَ يُوسُفُ: يَا أَيُّهَا الْعِيرُ إِنَّكُمْ لِسَارِقُونَ، وَاللَّهِ مَا كَانُوا سَرَقُوا شَيْئًا. وَلَقَدْ قَالَ إِبْرَاهِيمُ: إِنِّي سَقِيمٌ، وَاللَّهِ مَا كَانَ سَقِيمًا.۔[4]

ترجمہ:۔ابو بصیر سے روایت ہے کہ امام صادق علیہ السلام نے فرمایاتقیہ خدا کے دین سے ہے۔راوی نے کہا کیاخدا کے دین سے ہے؟امام نے فرمایاواللہ خدا کے دین سے ہے۔یوسف نے کہااے قافلہ والو! تم چور ہو۔بخداانہوں نے کوئی چوری نہ کی تھی،اور ابراہیم تندرست تھے جھوٹ موٹ بیمار بن بیٹھے۔

**قاضی مظہر حسینؒ کاشیعہ عقیدہ تقیہ کارد:**

حضرت قاضی صاحبؒ شیعوں کی طرف سے حضرات انبیاء علیہ السلام سے منسوب اس عقیدہ کی تردید کرتے ہوئے فرماتے ہیں کہ: یہ غلط ہے کہ یوسف علیہانے ایسا کہا۔قرآن میں لکھاہے۔

ثُمَّ أَذَّنَ مُوَذَنَ ايتهَا العِيرِ إِنَّكُمُ لسَارِقُون۔[5]

ترجمہ:"کسی پکارنے والے نے یہ پکار کی کہ قافلہ والوتم چور ہو۔

---

[1] ۔ سنی شیعہ متفقہ ترجمہ قرآن کا عظیم فتنہ، ص۹

[2] ۔ محمد بن یعقوب الکلینی اصول کافی ص ۴۸۴

[3] ۔ ایضاء ص ۴۸۲

[4] ۔ ایضاء ص ۳۸۳

[5] ۔ سورۃ یوسف آیت ۷۰

شیعہ کی قرآن دانی پر افسوس ہے کہ یہ بات حضرت یوسف کی طرف منسوب کر دی کیا کریں معذور ہیں۔ قرآن پر یقین ہو تو اس کو پڑھیں اور معانی سمجھیں۔

ایسا ہی ابراہیم علیہ کا یہ کہنا کہ میں بیمار ہوں ہر گز جھوٹ نہ تھا۔" ایک صادق الایمان شخص کفار کے نرغے میں آجائے۔ اس کا دل سخت رنجور ہو جاتا ہے۔ محبت ہم جنس سے بڑھ کر بیماری کیا ہو گی۔ تو آپ کا کہنا میں بیمار ہوں۔ امر واقعہ تھا، جھوٹ نہ تھا۔ مگر شیعہ کی سمجھ کا کیا کیا جائے۔[1]

حیات القلوب میں ہے "ودو چند حدیث معتبر دیگر فردمو کہ تقیہ میچکس بہ تقیہ اصحاب کھف نمیرسد بدرستیکہ ایشاں زنارے بستند و بعید گا ہے۔ مشرکان حاضر شدند پس خدا ثوابایشان بمضاعف گردانید"[2]۔

ترجمہ:۔ دوسری حدیث معتبر میں ہے کہ کسی شخص کا تقیہ اصحاب کہف کے تقیہ کے برابر نہیں ہو سکتا کہ جو جن جو پہنتے اور کفار کی عیدوں میں شامل ہوا کرتے تھے۔ اور خدا نے ان کا ثواب دوچند کر دیا ہے۔

اس روائیت سے باوضاحت ثابت ہوا۔ کہ تقیہ جھوٹ بولنے کو کہتے ہیں۔ شیعہ کے نزدیک بڑے تقیہ باز اصحاب کہف تھے۔ وہ یہاں تک جھوٹ بولتے تھے کہ مسلمان ہو کر جن جو پہن لیتے اور مشرک بن کر کفار کی عیدوں میں شامل ہو جاتے اور اس کا ثواب عظیم حاصل ہوتا۔

موعظہ تقیہ میں علامہ حائری جناب امیر المومنین کے بارے یوں تقیہ درج کرتے ہیں۔

امیر المومنین حضرت علیؓ نے خلفائے ثلثہ کے زمانہ میں تقیہ کیا، اور ضرور تقیہ کیا۔ کیونکہ جس طرح صدر اسلام میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ۱۳۹ انصار و اعوان ہونے کے باوجود تقیہ کیا۔ معاذ اللہ

قاضی صاحبؒ علامہ حائری کے اس بیان پر نقد کرتے ہوئے فرماتے ہیں؛ جناب رسول خدا اور تقیہ؟ خدا کے لئے غور کرو۔ رسول پاک نے ہر چند کفار مکہ سے اذیتیں اُٹھائیں تکالیف کا سامنا ہوا اظہار حق اور اعلان کلمہ توحید سے نہ رکے۔ یہی وجہ ہے کہ اسلام کی اشاعت بلاد کفار میں ہو گئی اور کفر و ظلمت کی تاریکی دور ہو گئی۔ اگر رسول خدا تقیہ کرتے تو اسلام کس طرح پھیلتا۔؟[3]

قلت اعوان و انصار کا عذر فضول ہے۔ جن کے شامل حال نصرت ہوتی ہے وہ قلت و کثرت اعوان کی پرواہ نہیں کرتے۔

قرآن مجید میں ارشاد باری تعالیٰ ہے۔

**كَمْ مِنْ فِئَةٍ قَلِيلَةٍ غَلَبَتْ فِئَةً كَثِيرَةً بِإِذْنِ اللهِ۔**[4]

ترجمہ: بارہا ایسا ہوا کہ ایک قلیل گروہ اللہ کے اذن سے ایک بڑے گروہ پر غالب آگیا۔

---

[1] ۔ آفتاب ہدایت، ص ۲۵۰

[2] ۔ حیات القلوب علامہ باقر مجلسی جلد اول ص ۴۳۰

[3] ۔ آفتاب ہدایت، ص ۲۵۰

[4] ۔ سورۃ البقرہ آیت ۱۴۹

قاضی صاحبؒ فرماتے ہیں، حضرت علی المرتضیٰؓ کے زمانے میں تو اسلام کے نام لیوا لاکھوں کی تعداد میں تھے۔ جیسا کہ نہج البلاغہ میں ہے کہ جناب امیر سارے جہاں کے مقابلہ کی طاقت رکھتے تھے اور موت بھی ان کے اختیار میں تھی۔ پھر تقیہ کرنے کی کیا ضرورت؟ شیعہ کی کتب معتبرہ اصول و فروع کافی، جلاء العیون، جملہ حیدری میں تصریح ہے کہ ؛

علامہ حائری کہتے ہیں کہ ،جناب امیر کے گلے میں رسی ڈال کر بیعت کے لئے ابو بکر کے پاس لے گئے اور آپ نے مجبوراً بیعت کی۔ امیر نے بھی قلت انصار و اعوان کے سبب خلفاء سے تقیہ کیا۔ مزید برآں جناب امیر نے بھی محض حفاظت اسلام کیلئے اس وقت تقیہ کیا۔ اگر وہ تقیہ نہ کرتے صدر اسلام کا زمانہ تھا اور مسلمانوں کی باہمی کشمکش سے اسلام خطرہ میں پڑھ جاتا۔[1]

قاضی صاحبؒ رقم طراز ہیں کہ ؛فروع کافی کتاب الروضہ ص ۲۹ میں تصریح ہے۔ حضرت علی نے فرمایا پہلے خلفاء کے دستور العمل کو اگر میں تبدیل کرنا چاہوں تو لوگ مجھ سے متنفر ہو جائیں گے۔ اسی لیے میں کوئی تبدیلی نہیں کر سکتا۔ علامہ حائری اب بتائیں کہ جناب امیر سچے ہیں یا آپ؟۔[2]

## تقیہ کی ایجاد:

قاضی صاحبؒ کے بقول موجدان مذہب شیعہ نے جب یہ دیکھا کہ جناب امیر کے خطبات اور ائمہ اہل بیتؓ کے اقوال سے اصحابؓ ثلاثہ کی تعریف بیحد پائی جاتی ہے اور جناب امیر عہد خلافت اصحابؓ ثلاثہ میں ان کے شیر و شکر رہے اور ہر معاملہ میں ان کے مشیر باتدبیر رہے ان کے پیچھے نمازیں پڑھتے رہے، مال غنائم سے حصہ لیتے رہے، اور ماہانہ وظائف نقد و جنس حاصل کرتے رہے پھر کس طرح یقین کیا جائے کہ اصحابؓ ثلاثہ سے وہ ناراض اور ان کی خلافت کو ناجائز سمجھتے تھے؟ اس کے جواب کے لئے انہوں نے مسئلہ تقیہ ایجاد کیا۔ سب کچھ جناب امیر اور اہل بیتؓ کا تقیہ تھا اور بیحد فضیلت رکھتا ہے اور دین کے دس اجزاء میں سے ۹ اجزا تقیہ میں ہیں اور تمام ائمہ بلکہ انبیا علیہم السلام کا دین اور ایمان تقیہ ہی تھے۔ بلکہ یہاں تک کہہ دیا کہ ائمہ اہل بیت نے فرمادیا ہے کہ دین حق ظاہر کرنے کے لئے نہیں بلکہ چھپانے کے لئے ہوتا ہے۔،[3]

حضرت امام صادق علیہ السلام نے اپنے ایک خاص شیعہ کو یوں فرمایا۔

**يَا سُلَيْمَانُ إِنَّكُمْ عَلَى دِينِ مَنْ كَتَمَهُ أَعَزَهُ اللهِ وَمَنْ أَذَاعَهُ اذلهُ الله**[4]۔

ترجمہ:۔اے سلیمان تم ایسے دین پر ہو جو اس کو چھپائے اللہ اس کو عزت دے گا اور جو اس کو ظاہر کرے خدا اس کو ذلیل کرے گا۔

**عَنْ أَبِي عَبْدِ اللهِ عَلَيْهِ السَّلَامِ مَنْ آذَاعَ عَلَيْنَا شَيْئًا مِنْ أَمْرِنَا كَمَنْ قَتَلْنَا عَمَدًا وَلَمْ يَقْتُلْنَا خَطَاءً**۔[5]

ترجمہ:۔امام صادق علیہ السلام نے فرمایا جو شخص ہمارے مذہب میں سے کچھ ظاہر کردے گو یا اس نے ہمیں عمداً قتل کر دیا نہ خطاء۔

---

[1] ۔ آفتاب ہدایت، ص، ۲۵۲

[2] ۔ فروع کافی، ص ۲۹

[3] ۔ آفتاب ہدایت، ص ۲۵۳

[4] ۔ محمد بن یعقوب الکلینی اصول کافی ص ۴۸۵

[5] ۔ محمد بن یعقوب الکلینی اصول کافی ص ۵۵۲

نیز کتاب مذکور میں ہے کہ :

مَنْ أَذاعَ عَلَيْنَا حَدِيثًا سَلَبَهُ اللَّهُ الْإِيْمَانَ۔[1]

ترجمہ:۔امام صادقؒ نے فرمایا جو ہماری حدیث کو ظاہر کردے خدا اس کا ایمان چھین لیتا ہے۔

قاضی صاحبؒ فرماتے ہیں کہ۔ہر ایک عاقل ذی بصیرت سمجھ سکتا ہے کہ یہ حدیثیں یار لوگوں کی من گھڑت ہیں ورنہ ائمہ دین ایسا کیوں کہیں، کہ حق کے اظہار سے ایمان جاتا رہتا ہے اور مذہب اور دین کی اشاعت موجب قہر الٰہی اور اس کا کتمان باعث خوشنودی خدا ہے،اور ائمہ حدیث یا ان کا مذہب ظاہر کر دینا ایسا ہے جیسا ان کو عمداً قتل کر دینا۔ یہ بات درست ہے کہ روافض کا مذہب ضرور چھپانے والا ہے۔اس کی تشہیر بازی باعث فتنہ فساد اور امن عامہ میں خلل اندازی کا موجب ہے،اور مذہب روافض ہر گز ہر گز مذہب اہل بیت کا مذہب نہیں ہے۔[2]

**تقیہ کی نماز کا ثواب:**

وَرُوِيَ عَنْهُ، عُمَرُ بْنُ يَزِيدَ، أَنَّهُ قَالَ: مَا مِنْكُمْ أَحَدٌ يُصَلِّي صَلَاةَ فَرِيضَةٍ فِي وَقْتِهَا، ثُمَّ يُصَلِّي مَعَهُمْ صَلَاةً تَقِيَّةٍ، وَهُوَ مُتَوَضِّئٌ، إِلَّا كَتَبَ اللَّهُ لَهُ بِهَا خَمْسًا وَعِشْرِينَ دَرَجَةً، فَارْغَبُوا إِلَى ذٰلِكَ۔[3]

اور عمر بن یزید نے امام جعفر صادقؒ کی روایت کی ہے کہ آپ نے فرمایا کہ اگر تم میں سے کوئی شخص باوضو اپنے وقت میں نماز پڑھ لے اور ان کے ساتھ بطور نماز پڑھ لے تو اللہ تعالیٰ اس کے بدلے میں پچیس درجے عطا کرے گا۔لہذا تمہیں چاہیے کہ اس کام کی طرف رغبت کرو۔

وَرُوِيَ عَنْهُ حَمَّادُ بْنُ عُثْمَانَ، أَنَّهُ قَالَ: مَنْ صَلَّى مَعَهُمْ فِي الصَّفِّ الْأَوَّلِ، فَكَأَنَّمَا صَلَّى خَلْفَ رَسُولِ اللَّهِ فِي الصَّفِّ الْأَوَّلِ۔[4]

ترجمہ: اور امام جعفر صادقؒ سے حماد بن عثمان نے روایت کی ہے کہ آپ نے فرمایا کہ جو کوئی ان (یعنی غیر شیعہ) کے ساتھ صف اول میں نماز پڑھ لے وہ ایسا ہے کہ گویا اس نے رسول اللہ ﷺ کے پیچھے صف اول میں نماز پڑھی۔

**حضرت ابو بکر رضی اللہ عنہ کی اقتداء میں حضرت علی رضی اللہ عنہ کی نماز:**

مندرجہ دونوں روایتوں سے ثابت ہوتا ہے کہ شیعوں کو اہل سنت کی اقتداء میں نماز کا بہت زیادہ ثواب ملتا ہے حتی کہ گویا انہوں نے رسول اللہ کے پیچھے صف اول میں نماز پڑھی ہے اور یہ روایتیں ''من لایحضرہ الفقیہ'' کی ہیں۔جو شیعہ مذہب کی ان چار کتابوں میں سے ایک ہے جن پر شیعہ مذہب کا دار و مدار ہے یعنی (۱) کافی (اصول وفروع) (۲) من لایحضرہ الفقیہ (۳) تہذیب الاحکام (۴) الاستبصار۔[5]

شیعوں کو اپنے مذہب کے امام کے پیچھے نماز پڑھنے کا ثواب کم ملتا ہے اور ان کے مذہب کے مخالف امام کے پیچھے نماز کا ثواب بڑھ جاتا ہے حتی کہ گویا ان کو خود رسول اللہ کے پیچھے نماز نصیب ہو گئی ہے تو اس قسم کی روایات وضع کرنے کی حکمت یہ ہے کہ یہ تو حقیقت ہے کہ حضرت ابو بکر

---

[1] ۔ ایضا، ص ۵۵۱

[2] ۔ آفتاب ہدایت، ص ۲۴۵

[3] ۔ الشیخ الصدوق، من لایحضرہ الفقیہ، ج ۱، ص ۳۷۶

[4] ۔ ایضا من لایحضرہ الفقیہ، ص ۳۷۶

[5] ۔ سنی مذہب حق ہے، ص ۷۱

صدیق رضی اللہ عنہ کے دور خلافت میں حضرت علی المرتضی رضی اللہ عنہ نے ان کی اقتداء میں نماز پڑھی ہے تو اب حضرت علی رضی اللہ عنہ کی نماز کو تقیہ پر محمول کر کے ان کی اس نماز کی برتری ثابت کرنے کے لیے ان کی پیروی میں از روئے تقیہ نماز پڑھنے کا ثواب زیادہ قرار دیدیا۔[1]

قاضی صاحبؒ فرماتے ہیں کہ شیعہ حضرت علیؓ کے تقیہ کا ذکر اس لیے کرتے ہیں کہ عوام مطمئن رہیں اور یہ نہ کہہ سکیں کہ جیسا حسب اعتقاد شیعہ حضرت علی المرتضی رضی اللہ عنہ کی خلافت کو حضرت ابو بکر رضی اللہ عنہ غصب کرنے والے تھے تو آپ نے اپنی خلافت کے استحکام کے لیے حضرت فاطمۃالزہرا رضی اللہ عنہا کو بھی ظلم و ستم کا نشانہ بنایا تو پھر حضرت علی رضی اللہ عنہ نے باوجود معصوم ہونے کے ایک غیر معصوم کے پیچھے اور خلیفہ بلافصل ہونے کے باوجود ایک ظالم و غاصب کے پیچھے نماز جیسی اعلیٰ فرض عین عبادت کیوں ادا کی؟ اور حضرت علی رضی اللہ عنہ کا حضرت ابو بکر رضی اللہ عنہ کی اقتداء میں نماز پڑھنا احادیث شیعہ سے ثابت ہے۔[2]

چنانچہ شیعہ مذہب کی مستند کتاب احتجاج طبرسی میں ہے:

**ثُمَّ قَامَ وَتَهَيَّأَ لِلصَّلَاةِ، وَحَضَرَ الْمَسْجِدَ، وَصَلَّى خَلْفَ أَبِي بَكْرٍ۔**[3]

ترجمہ: پھر حضرت علی رضی اللہ عنہ کھڑے ہو گئے اور آپ نے نماز کی تیاری کی اور مسجد میں حاضر ہوئے اور ابو بکر رضی اللہ عنہ کے پیچھے نماز پڑھی۔

حضرت سلمان فارسیؓ سے روایت ہے کہ:۔

**وَمَا مِنَ الْأُمَّةِ أَحَدٌ بَايَعَ أَبَا بَكْرٍ غَيْرَ عَلِيٍّ وَأَرْبَعَتِنَا۔**[4]

اور امت میں سے کوئی بھی ایسا نہیں ہے جس نے حضرت ابو بکر رضی اللہ عنہ کی جبراً بیعت کی ہو (یعنی سب نے خوشی سے بیعت کی ہے) سوائے حضرت علی رضی اللہ عنہ اور چار اشخاص نے، اور وہ چار اصحاب جنہوں نے بقول شیعہ حضرت صدیق رضی اللہ عنہ کی بیعت مجبوری سے کی ہے حضرت علی رضی اللہ عنہ کے علاوہ یہ ہیں۔ حضرت سلمان فارسیؓ، حضرت ابوذر غفاریؓ، حضرت مقدادؓ، حضرت زبیرؓ اور حضرت علی المرتضی رضی اللہ عنہ کی بیعت کے متعلق احتجاج طبرسی میں لکھا ہے کہ۔[5]

**ثُمَّ تَنَاوَلَ يَدَ أَبِي بَكْرٍ، فَبَايَعَهُ۔**[6]

پھر حضرت علیؓ نے (حضرت) ابو بکرؓ کا ہاتھ پکڑا اور بیعت کی۔

---

[1] ۔ سنی مذہب حق ہے، ص ۷۲

[2] ۔ ایضا، ص ۷۳

[3] ۔ الشیخ الطبرسي، الاحتجاج، جلد اول، مطبوعہ تہران ص ۱۲۶

[4] ۔ طبرسی، جلد اول، ص ۱۱۱

[5] ۔ ایضا، ص ۱۱۰

[6] ۔ طبرسی، جلد اول، ص، ۱۱۰

اور پھر اسی کتاب میں اس کے بر عکس یہ روایت بھی ہے کہ حضرت ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ کو خواب میں رسول اللہ صلی علیہ وسلم نے تنبیہ فرمائی تو آپ نے حضرت علی رضی اللہ عنہ کے گھر جا کر ان کے ہاتھ پر بیعت کر لی۔[1]

فَأَصْبَحَ وَبَكَّرَ إِلَى عَلِيٍّ عَلَيْهِ السَّلَامُ، وَقَالَ: ابْسُطْ يَدَكَ يَا أَبَا الْحَسَنِ أُبَايِعْكَ، وَأَخْبَرَهُ بِمَا قَدْ رَأَى، قَالَ: فَبَسَطَ عَلِيٌّ يَدَهُ، فَمَسَحَ عَلَيْهَا أَبُو بَكْرٍ، وَبَايَعَهُ، وَسَلَّمَ إِلَيْهِ۔[2]

پس ابو بکر رضی اللہ عنہ صبح سویرے ہی علی رضی اللہ عنہ کے پاس آئے اور کہا کہ اپنا ہاتھ پھیلائیں اے ابو الحسن میں آپ سے بیعت کرتا ہوں اور جو کچھ آپ نے خواب میں دیکھا تھا حضرت علی رضی اللہ عنہ کو اس کی خبر دی۔ راوی کہتا ہے کہ پس حضرت علی، رضی اللہ عنہ نے اپنا ہاتھ بڑھایا اور حضرت ابو بکر رضی اللہ عنہ نے آپ کی بیعت کر لی۔ اور خلافت ان کے سپرد کر دی۔

اس قسم کی روایت کے متعلق سوائے اس کے اور کیا کہا جا سکتا ہے کہ دل کے بہلانے کو غالب یہ خیال اچھا ہے امام جعفر صادق کی روایت میں فرماتے ہیں:

فَلِذٰلِكَ كَتَمَ عَلِيٌّ عَلَيْهِ السَّلَامُ أَمْرَهُ، وَبَايَعَ مكرهاً، حَيْثُ لَمْ يَجِدْ أَعْوَانًا ۔[3]

ترجمہ: "پس اسی لیے حضرت علی رضی اللہ عنہ نے اپنے امر (دین و خلافت) کو چھپایا اور حضرت ابو بکر رضی اللہ عنہ کی مجبوراً بیعت کر لی جب کہ آپ نے اپنے مددگار نہ پائے۔"

چنانچہ آپ نے اپنے اہل خانہ اور خواص شیعہ کے سامنے اس حقیقت کا اظہار اس طرح فرمایا کہ:

قَدْ عَمِلَتِ الْوُلَاةُ قَبْلِي أَعْمَالًا خَالَفُوا فِيهَا رَسُولَ اللّٰهِ مُتَعَمِّدِينَ لِخِلَافِهِ، نَاقِضِينَ لِعَهْدِهِ، مُغَيِّرِينَ لِسُنَّتِهِ، وَلَوْ حَمَلْتُ النَّاسَ عَلَى تَرْكِهَا، وَحَوَّلْتُهَا إِلَى مَوَاضِعِهَا، وَإِلَى مَا كَانَتْ فِي عَهْدِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ، لَتَفَرَّقَ عَنِّي جُنْدِي، حَتَّى أَبْقَى وَحْدِي، أَوْ قَلِيلٌ مِنْ شِيعَتِي۔[4]

ترجمہ: شیعہ مناظر مولوی محمد اسماعیل آنجہانی نے اس روایت کا ترجمہ یہ کیا ہے: امیر المومنین علیہم نے خطبہ فرمایا۔ حمد و صلوٰۃ کے بعد متوجہ ہوئے اس وقت آپ کے پاس اہل بیت اور کچھ خواص اور شیعہ بیٹھے تھے۔

---

1 ۔ سنی مذہب حق ہے، ص ۴۷

2 ۔ طبرسی، جلد اول، ص ۱۸۴

3 ۔ فروع کافی، جلد ثالث، ص ۱۳۹

4 ۔ ایضاً، ص ۲۹، ۳۰

فرمایا مجھ سے پہلے والوں نے کچھ ایسے اعمال کیے ہیں جن میں انہوں نے جان بوجھ کر رسول کی مخالفت کی ہے اور حضرت کے عہد کو توڑا ہے اور حضور کی سنت کو بدلا ہے۔ اگر میں لوگوں کو ان اعمال کے ترک کرنے پر آمادہ کروں اور ان اعمال کو ان کے اصل مقام پر لوٹا دوں اور ویسے ہی کر دوں جیسے کہ عہد رسالت مآب میں تھے تو میرا لشکر مجھے چھوڑ جائے گا حتی کہ میں تنہا رہ جاؤں گا یا میرے قلیل شیعہ رہ جائیں گے۔

**شیعوں کی تعداد:**

مندرجہ بالا احادیث سے ثابت ہوتا ہے کہ رسول اللہ سلام کے بعد حضرت علی المرتضی رضی اللہ عنہ کے ساتھ صرف تین ہی شیعہ رہ گئے تھے۔ سلمان فارسی، ابوذر غفاری اور مقداد رضی اللہ عنہما اور اپنے دور خلافت میں اگر اعلان حق فرماتے تو غالبا تنہا ہی رہ جاتے۔ حضرت امام حسن رضی اللہ عنہ نے تو اپنی خلافت بھی چھوڑ دی اور حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ کی اطاعت اختیار کر لی۔ امام حسین رضی اللہ عنہ نے بھی تقیہ کیا اور بظاہر خلفائے ثلٰثہ کا دین ہی قائم رکھا۔ اور آپ کی شہادت کے بعد صرف پانچ شیعہ باقی رہ گئے۔

چنانچہ قاضی صاحب نور اللہ شوستری (جن کو شیعہ ثالث کہتے ہیں) نے لکھا ہے کہ:

**از حضرت زین العابدین روایت کردہ اند کہ تمام مردم بعد از قتل حسین مرتد شدند الا پنج کس - ابو خالد و یحییٰ بن ام الطویل - و جبیر بن مطعم و جابر بن عبد اللہ انصاری و شبکہ حرم محترم حضرت امام حسین بود۔**[1]

ترجمہ: اور امام زین العابدین سے روایت ہے کہ بعد شہادت امام حسین علیہ السلام سب مرتد ہو گئے لیکن پانچ آدمی، ابو خالد کابلی اور یحیی بن ام الطویل اور جبیر بن معظم اور جابر بن عبد اللہ انصاری اور شبکہ کہ بنو حرم محترم علی نام تھے۔[2]

اور خود امام زین العابدین نے تو یزید کی بیعت قبول کر لی تھی:

**فَقَالَ لَهُ عَلِيُّ بْنُ الْحُسَيْنِ عَلَيْهِمَا السَّلَامُ قَدْ أَقْرَرْتُ لَكَ بِمَا سَأَلْتَ، أَنَا عَبْدٌ مُكْرَهٌ لَكَ، فَإِنْ شِئْتَ أَمْسَكْتَ، وَإِنْ شِئْتَ بَعْتَ فَقَالَ لَهُ يَزِيدُ: أَوْلَى لَكَ، حَقَنْتَ دَمَكَ، وَلَمْ يَنْقُصْكَ ذَلِكَ مِنْ شَرَفِكَ۔**[3]

ترجمہ: پس علی بن حسین (یعنی امام زین العابدین) نے اس (یعنی یزید) سے کہا کہ جو تو چاہتا ہے میں تیرے لیے اس کا اقرار کرتا ہوں میں تو تیرا ایک مجبور غلام ہوں۔ اگر چاہے تو اپنے پاس رکھے اور اگر چاہے تو بیچ دے۔ اس پر آپ کو یزید نے کہا کہ تو نے اچھا کیا۔ اپنا خون بچا لیا اور اس بات نے تیری شان کو کم نہیں کیا۔"

اور علامہ باقر مجلسی نے بھی لکھا ہے کہ:

حضرت نے فرمایا جو کچھ تو نے کہا میں نے قرار کیا۔ یزید نے کہا تو نے اپنی جان کی حفاظت کی اور تمہارے شرف و بزرگی سے کچھ کم نہ ہوا[4]

اور امام جعفر صادق کو تو تین بھی رازدار شیعہ نہ مل سکے:

---

[1] ۔ مجالس المومنین مجلس پنجم، ص ۱۳۵

[2] ۔ مجالس المومنین مترجم، مطبوعہ شمسی مشین پریس آگرہ ہندوستان، ص ۴۹۵

[3] ۔ فروع کافی جلد ثالث، ص ۱۱۰

[4] ۔ جلاء العیون مترجم جلد دوم، مطبوعہ لاہور، ص ۳۱۶

فرمایاابو عبداللہ (یعنی امام جعفر صادق) نے۔ابو بصیر، خدا کی قسم اگر میں تم میں تین شیعہ امامیہ پالیتاجوازراہ تقیہ ہماری بات کو بصیغہ راز رکھتے تو میرے لیے اپنی بات کو ان سے چھپانا جائز نہ ہوتا۔[1]

اور امام موسیٰ کاظم کو تو بمشکل دو شیعہ حاصل ہوئے ہیں چنانچہ قاضی صاحبؒ نوراالله شوستری نے لکھاہے کہ:

کتاب کشی میں مذکور ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ میں نے کسی کو ایسا نہیں پایا کہ جو میرے امر کو اختیار کرے اور میرے پدر بزرگوار کے اصحاب کے قدم بقدم چلے سوائے دو شخصوں کے کہ خدا ان پر اپنی رحمت فرمائے۔ایک عبداللہ بن ابی یعفور۔دوسرے حمران بن ایمن، لیکن یہ دونوں ہمارے شیعوں میں مومنین خالصین میں سے ہیں۔''[2]

**شیعوں پر اللہ کا غضب امام موسیٰ کاظم علیہاالسلام نے فرمایا:**

اللہ تعالیٰ غضبناک ہوا ہمارے شیعوں پر، بہ سبب ترک تقیہ پس اختیار دیا مجھے اپنے اور ان کے قتل ہونے کے درمیان۔پس میں نے اپنی جان دے کر ان کو بچالیا۔[3]

**امام غائب اور شیعہ:**

حسب اعتقاد شیعہ امام حسن عسکری کے بعد آخری امام مہدی بچپن میں ہی ۲۳رمضان ۲۵۹ھ سے غائب ہیں۔کسی غار میں تشریف فرما ہیں اور امت کے سامنے آنے کا نام ہی نہیں لیتے اور جب آپ کے مخلص شیعوں کی تعداد تین سو تیرہ پوری ہو جائے گی تو بڑے جاہ و جلال سے ظہور فرمائیں گے۔اور امام مہدی کے نہ ظاہر ہونے کی وجہ بھی یہ ہے کہ ان کو اپنے قتل ہونے کا خوف ہے۔[4]

چنانچہ علامہ خلیل قزوینی شرح اصول کافی میں لکھتے ہیں:۔

**منقول است که اگر عدد ایشان به ی صد و سیزده کس با هیئت اجتماعی رسد امام ظاهر می شود۔[5]**

منقول ہے کہ اگراجتماعی حیثیت سے آپ کے پیروکاروں کی تعداد تین سو تیرہ کو پہنچ جائے تو آپ ظاہر ہو جائیں۔

**عن زرارة قال سمعت ابا عبدالله علیه السلام یقول ان للقائم غیبةقبل ان یقوم انه یخاف واومی بیده الی بطنه یعنی القتل۔**

ترجمہ: زرارہ سے مروی ہے کہ میں نے امام جعفر صادق سے سنا کہ قائم آل محمد کے لیے بچپن ہی میں غیبت ہو گی خوف کی وجہ سے اور اشارہ کیا

1 ۔ شافی، ترجمہ اصول کافی، جلد دوم، ص ۲٦۷

2 ۔ مجالس المومنین مترجم، ص ۴۹۷

3 ۔ شافی، ترجمہ اصول کافی، جلد اول، کتاب الحجہ، ص ۲۹۷

4 ۔ اصول کافی، مطبوعہ لکھنو، ص ۲۱۲

5 ۔ شافی، ترجمہ اصول کافی،، ص ۳٦

اپنے ہاتھ سے اپنے شکم کی طرف یعنی قتل کے خوف سے۔[1]

**رسول اللہؐ امام مہدی سے بیعت ہوں گے:**

صدیوں غائب رہنے کے بعد جب ۳۱۳ جانبار شیعوں کی تعداد مکمل ہونے پر قتل کا خوف زائل ہوگا اور امام غائب (مہدی) ظاہر ہوں گے توسب سے پہلے آپ کی بیعت العیاذ باللہ امام الانبیاء والمرسلین رحمت للعالمین خاتم النبیین حضرت محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ والہ وسلم کریں گے۔ چنانچہ شیعہ رئیس المحدثین علامہ باقر مجلسی لکھتے ہیں:

**د نعمانی روایت کرده است از حضرت امام محمد باقر علیه السلام که چون قائم آل محمد سلیم بیرون آید خدا اور ایاری کند بملا نکه واول کسیکه با او بیعت کند محمد باشدو بعد ازاں علی۔**[2]

ترجمہ: نعمانی نے حضرت امام محمد باقر سے روایت کی ہے کہ جب قائم آل محمد یعنی امام مہدی باہر نکلیں گے اور خدا فرشتوں کے ذریعے ان کی مدد کرے گا توسب سے پہلے جو آپ کی بیعت کریں گے وہ محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ والہ وسلم ہوں گے اور آپ کے بعد حضرت علی رضی اللہ عنہ خود ان کی بیعت کریں گے۔العیاذ باللہ-لا حول ولا قوۃ الا باللہ۔

**حضرت علی رضی اللہ عنہ نے اپنی خلافت میں بھی دین چھپایا:**

قاضی صاحبؒ روافض کی اس منطق پر نقد کرتے ہوئے فرماتے ہیں کہ حضرت علی رضی اللہ عنہ نے خلفائے ثلاثہ حضرت ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ، حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ اور حضرت عثمان ذوالنورین رضی اللہ عنہ کے ۲۴/۲۵ سالہ دورِ خلافت میں توشیعہ عقائد کے مطابق اصل قرآن اور دین کو چھپایا، لیکن تعجب ہے کہ اپنے دور خلافت میں اسلامی لشکروں کے باوجود آپ نے اپنا صحیح دین ظاہر نہیں فرمایا بلکہ انہی احکام شریعت کو نافذ فرمایا جو خلفائے ثلثہ نے جاری فرمائے تھے۔[3]

**قاضی مظہر حسینؒ کا تقیہ پر نقد:**

قاضی صاحبؒ فرماتے ہیں کہ مذہب شیعہ کی مستند کتابوں سے جو تفصیلات امامت اور ائمہ کے بارے میں سابقہ اوراق میں پیش کی گئی ہیں ان سے آفتاب کی روشنی کی طرح اس امر کا بین ثبوت ملتا ہے کہ شیعہ مذہب کی تبلیغ واشاعت ممنوع ہے۔ یہ مذہب قابل کتمان واخفا ہے اور حسب اعتقاد شیعہ اماموں نے ہمیشہ دین خداوندی کو چھپایا ہے۔ جس کو ان کی اصطلاح میں تقیہ کہتے ہیں جس میں شیعہ دین کے ۹ حصے پائے جاتے ہیں۔[4]

---

[1] ۔ شافی، ترجمہ اصول کافی، جلد اول، ص ۴۰۵

[2] ۔ ملا باقر مجلسی، حق الیقین، ص ۳۴۷

[3] ۔ سنی مذہب حق ہے، ص ۷۱

[4] ۔ سنی مذہب حق ہے، ص ۷۷

سوال نمبر ا:

قاضی صاحبؒ فرماتے ہیں کہ، جب شیعہ مذہب کتمان حق اور تقیہ یعنی اظہار خلاف حق پر مبنی ہے جس کے متعدد شواہد پیش کر دیئے گئے ہیں تو پھر مولوی عبدالکریم مشتاق شیعہ مذہب کی تبلیغ واشاعت پر جتنا زیادہ زور دے رہے ہیں یہ شیعہ مذہب اور شیعہ مذہب کے ائمہ معصومین کی کھلی مخالفت پر مبنی ہے۔ جو حسب روایت اصول کافی اللہ تعالیٰ کے غضب کا سبب ہے لہذا مولوی عبدالکریم موصوف ان دو باتوں میں سے کسی ایک کا اعلان کر دیں۔[1]

ا۔ وہ دراصل شیعہ نہیں ہیں، اس لیے ائمہ اثنا عشریہ کے ارشادات کی مخالفت کر کے دوسرے شیعوں کو بھی عملاً مخالفت ائمہ کے راستے پر چلانے کی کوشش کر رہے ہیں۔

۲۔ وہ شیعہ ہیں لیکن شیعہ مذہب کی حقیقت سے ناواقفیت کی بناپر شیعہ مذہب کی تبلیغ واشاعت کرتے رہے ہیں۔ اب ائمہ شیعہ کے مندرجہ بالا ارشادت کی روشنی میں انہوں نے شیعہ مذہب کی حیثیت پہچان لی ہے اس لیے آئندہ اپنی ساری عمر تقیہ اور کتمان حق میں گزاریں گے تاکہ ائمہ اثنا عشریہ کی اتباع کے ذریعہ اللہ تعالیٰ کی رضا حاصل ہو سکے۔

سوال نمبر ۲

مذہب شیعہ کا اقرار کرنے کی صورت میں مولوی عبدالکریم مشتاق سے ہمارا سوال یہ ہے کہ قرآن مجید میں حضور خاتم النبیین ﷺ کی بعثت کا مقصد غلبہ دین فرمایا گیا ہے۔ چنانچہ پارہ نمبر ۲۶ سورۃ الفتح کے آخری رکوع میں اللہ تعالیٰ اعلان فرماتے ہیں

**هوَ الَّذِي أَرْسَلَ رَسُوْلَهُ بِالْهُدَى وَدِينِ الْحَقِّ لِيُظْهِرَهُ عَلَى الدِّينِ كُلِّهِ وَكَفَى بِاللهِ شَهِيدًا**[2].

مولوی مقبول احمد دہلوی نے اس آیت کا یہ ترجمہ کیا ہے:

ترجمہ: اور اللہ جس نے اپنے رسول اللہ ﷺ کو ہدایت اور دین حق کے ساتھ بھیجا ہے تاکہ وہ اپنے دین کو سارے دینوں پر غالب کرے۔ اور اللہ اس کی گواہی دینے والا کافی ہے۔''

یہ ہے مختصر داستانِ امامت (حسب اعتقاد شیعہ) جو خلیفہ اول حضرت علی المرتضیٰؓ سے لے کر امام غائب حضرت مہدی تک ختم ہوتی ہے اور اس شان سے ختم ہوتی ہے کہ سرور کائناتؐ بھی آخر میں امت کے بارہویں اور آخری امام کی بیعت کر لیتے ہیں۔ کتنا معقول ہے یہ سلسلہ امامت کہ جس کے سامنے نہ صرف نبوت بلکہ ختم نبوتؐ کی بھی کوئی حیثیت نہیں۔ اور یہی وہ امامت ہے جس کی طرف مولوی عبدالکریم مشتاق بکمال اشتیاق امت مسلمہ کو دعوت دے رہے ہیں۔[3]

---

[1] ۔ ایضا، ص۷۸

[2] ۔ سورۃ الفتح، آیت ٦

[3] ۔ سنی مذہب حق ہے، ص۷۷

## (ب) قاضی مظہر حسینؒ کا غلوّ پر نقد اور اس کا جائزہ

### غلوّ کا لغوی معنیٰ:

"غلو" کا معنی ہے: حد سے تجاوز کرنا۔ تمام اہلِ لغت نے اِس کا یہی معنیٰ ذکر کیا ہے۔

المناوی رحمۃ اللہ علیہ کہتے ہیں:

اَلْغُلُوُّ: مُجَاوَزَالْحَدِّ، وَالْغُلُوُّ فِی الدِّیْنِ التَّصَلُّبُ وَالتَّشَدُّدُ فِیْ حَتّٰی مُجَاوَزَۃ الْحَدِّ ۔[1]

ترجمہ: ''غلو سے مراد حد سے آگے بڑھنا ہے۔اور دین میں غلو کا مطلب ہے: اُس میں سختی اور تشدد کرنا حتی کہ حد سے تجاوز کر جانا۔''

### غلوّ کا اصطلاحی معنیٰ:

غلو: ایک دینی اصطلاح ہے غلو سے مراد یہ ہے کہ دین کو ماننے والا شخص دینی تعلیمات کو ان کی طرف سے متعین کردہ حدود سے بڑھ کر مان لے۔ اس کا مطلب ہے کہ جو چیز دین نے بیان نہیں کی یا جس حد تک بیان کی ہے، اس سے تجاوز کر جانا۔[2]

### غلو کا مفہوم

غلو کے مفہوم میں بنیادی طور پر حد اعتدال سے تجاوز کرنا شامل ہے۔ خاص طور پر، پیغمبران الٰہی اور ائمہؑ کے حق میں افراطی عقیدہ رکھنا بھی غلو کہلاتا ہے۔ یعنی ان کو ان کے حقیقی مرتبے سے بڑھا کر پیش کرنا یا ایسی صفات منسوب کرنا جو اللہ تعالیٰ کے سوا کسی اور کے لیے نہیں ہیں۔[3]

### غلو کی اقسام

غلو کی مختلف صورتیں ہو سکتی ہیں جو کئی شعبوں میں ظاہر ہوتی ہیں:

انبیائے کرام علیہم السلام اور صالحین میں غلو کرنا: یہ سب سے عام قسم ہے، جہاں انبیاء، اولیاء یا نیک لوگوں کو ان کے مقام سے بڑھا کر خدائی صفات کا حامل سمجھ لیا جاتا ہے، یا ان کے بارے میں ایسے عقائد رکھے جاتے ہیں جو توحید کے منافی ہوں۔

عبادت میں غلو کرنا: اس سے مراد عبادت میں ایسی سختیاں یا اضافے کرنا جو دین میں مقرر نہیں، یا اپنے اوپر ایسی مشقتیں لازم کر لینا جن کا شریعت نے حکم نہیں دیا۔

**نفلی عمل میں غلو کرنا:** نفلی عبادات میں اس حد تک آگے بڑھ جانا کہ فرائض متاثر ہوں یا انسان اپنے دیگر حقوق اور ذمہ داریوں سے غافل ہو جائے۔

**دعا میں غلو کرنا:** دعا میں ایسے الفاظ یا مطالبات کرنا جو اللہ کی شان کے خلاف ہوں، یا دعا کو اس حد تک بڑھا دینا کہ وہ شرک کا پہلو اختیار کر لے۔

**دعوت الی اللہ میں غلو کرنا:** دین کی دعوت دینے میں تشدد، جبر یا غیر حکیمانہ رویہ اختیار کرنا جو دین کی نرمی اور حکمت کے منافی ہو۔

---

[1]۔ زاد الخطیب جلد چہارم، المجلد ۱، جامع الکتب الاسلامیۃ، ص ۳۳۱

[2]۔ ابن عاشور، التحریر والتنویر، ۱۴۲۰ھ، ج ۴، ص ۳۳۰

[3]۔ شیخ مفید، تصحیح الاعتقادات، ۱۴۱۴ھ، ص ۱۰۹

**قراءتِ قرآن میں غلو کرنا:** قرآن کی تلاوت میں ایسی حد تک مبالغہ آرائی کرنا جو اس کے مقصد (فہم اور عمل) سے ہٹا دے، یا تلاوت کے قواعد میں غیر ضروری سختیاں کرنا۔

**قرآن مجید میں ارشاد ربانی ہے:**

**قُلْ يٰۤاَهْلَ الْكِتٰبِ لَا تَغْلُوْا فِیْ دِیْنِكُمْ غَیْرَ الْحَقِّ وَ لَا تَتَّبِعُوْۤا اَهْوَآءَ قَوْمٍ قَدْ ضَلُّوْا مِنْ قَبْلُ وَ اَضَلُّوْا كَثِیْرًا وَّ ضَلُّوْا عَنْ سَوَآءِ السَّبِیْلِ۔**[1]

ترجمہ: تم فرماؤ، اے کتاب والو! اپنے دین میں ناحق غلو (زیادتی) نہ کرو اور ان لوگوں کی خواہشات پر نہ چلو جو پہلے خود بھی گمراہ ہو چکے ہیں اور بہت سے دوسرے لوگوں کو بھی گمراہ کر چکے ہیں اور سیدھی راہ سے بھٹک چکے ہیں۔

**آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اِرشاد فرمایا:**

**إِيَّاكُمْ وَالْغُلُوَّ فِي الدِّيْنِ فَإِنَّمَا أَهلَكَ مَنْ كَانَ قَبْلَكُمُ الْغُلُوُّ فِي الدِّيْنِ۔**[2]

ترجمہ: دین میں غلو کرنے سے بچتے رہنا، کیونکہ تم سے پہلے لوگوں کو دین میں غلو نے ہی تباہ کیا۔

رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس سے سختی سے منع کرتے ہوئے تنبیہ فرمائی کہ تم سے پہلے لوگوں کو دین میں 'غلو' نے ہی تباہ و برباد کیا، جس کا مطلب یہ ہے کہ اگر تم لوگ بھی 'غلو' کرو گے تو تباہی سے دوچار ہو گے۔[3]

**رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد گرامی ہے:**

**هلَكَ الْمُتَنَطِّعُونَ قَالَا ثَلَاثًا ۔**[4]

ترجمہ: ''دین میں سختی کر کے حدود سے تجاوز کرنے والے ہلاک ہو گئے۔'' آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ الفاظ تین بار ارشاد فرمائے۔

'غلو' کی کئی صورتیں ہیں، ایک اہم صورت اور اس کا شرعی حکم ہم قرآن و حدیث کی روشنی میں آپ کی خدمت میں ذکر کرتے ہیں۔

**انبیائے کرام علیہم السلام اور صالحین میں غلو کرنا**

جیسا کہ یہود و نصاری نے انبیائے کرام علیہم السلام میں غلو کیا۔

اللہ تعالی کا فرمان ہے:

**وَ قَالَتِ الْیَهُوْدُ عُزَیْرُ ﹰابْنُ اللّٰهِ وَ قَالَتِ النَّصٰرَى الْمَسِیْحُ ابْنُ اللّٰهِ**[5]

ترجمہ: اور یہودیوں نے کہا کہ عزیر علیہ السلام اللہ کے بیٹے ہیں۔ اور نصاری نے کہا کہ مسیح علیہ السلام (عیسی ابن مریم علیہ السلام) اللہ کے بیٹے ہیں۔

تو عزیر علیہ السلام اور عیسی علیہ السلام کو اللہ کا بیٹا قرار دینا 'غلو' ہے۔ کیونکہ اللہ تعالی اولاد سے پاک ہے۔ قرآن مجید میں متعدد مقامات پر اللہ تعالی نے اِس عقیدے کی تردید کی ہے۔ بلکہ اسے سخت بے ہودہ بات اور بہت ہی بھاری گناہ قرار دیا ہے۔

---

1۔ سورۃ المائدہ آیت ۷۷

2۔ سنن النسائی: حدیث ۳۰۵۷

3۔ زاہد، محمد اسحاق، زاد الخطیب، ناشر: جمعیۃ إحیاء التراث الإسلامی، کویت، ۲۰۱۱، جلد چہارم، المجلد ۱، ۳۳۲

4۔ صحیح مسلم: حدیث ۲۶۷۰

5۔ سورۃ التوبہ آیت ۳۰

**انبیاء پر آئمہ کی فضیلت:**

یہ مسلم ہے کہ نبی کے درجہ کو غیر نبی نہیں پہنچ سکتا، خواہ کیسا ہی غوث، قطب، ولی، امام ہو لیکن شیعہ کا یہ عقیدہ ہے کہ آئمہ اہل بیت جمیع انبیاء سے افضل ہیں۔ اکثر علماء شیعہ کا یہ اعتقاد ہے کہ حضرت امیر و دیگر تمام آئمہ طاہرین جمیع انبیاء سے افضل ہیں۔[1]

وَمِنْهُ نَقْلًا مِنْ كِتَابِ الْحَسَنِ بْنِ كَبْشٍ عَنْ أَبِي ذَرٍّ رِضْوَانُ اللهِ عَلَيْهِ، قَالَ: نَظَرَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ إِلَى عَلِيٍّ عَلَيْهِ السَّلَامُ، فَقَالَ: هَذَا خَيْرُ الْأَوَّلِينَ وَخَيْرُ الْآخِرِينَ مِنْ أَهْلِ السَّمَاوَاتِ وَأَهْلِ الْأَرَضِينَ، هَذَا سَيِّدُ الصِّدِّيقِينَ وَسَيِّدُ الْوَصِيِّينَ، الْخَبَرُ۔[2]

ترجمہ: ابوذر رضوان اللہ علیہ سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ نے حضرت علی کی طرف نظر اٹھائی اور فرمایا: یہ شخصیت آسمانوں اور زمینوں کے اولین وآخرین میں سب۔ افضل ہے، اور یہ تمام صدیقین اور اوصیاء کے سردار ہیں۔"

وَمِنْهُ قَالَ: رَوَى عَنِ الصَّادِقِ عَلَيْهِ السَّلَامُ أَنَّهُ قَالَ: عِلْمُنَا وَاحِدٌ، وَفَضْلُنَا وَاحِدٌ، وَنَحْنُ شَيْءٌ وَاحِدٌ۔[3]

ترجمہ: امام جعفر صادق سے روایت ہے فرمایا: ہمارا، یعنی نبی صلی اللہ علیہ وسلم اور ائمہ کا علم یکساں ہے، اور ہماری فضیلت ایک ہے، اور (در حقیقت) ہم ایک ہی کچھ ہیں۔"

**موت وحیات ائمہ کے اختیار میں:۔**

یہ مسلم امر ہے کہ موت وحیات خدا کے اختیار میں ہے، کسی انسان کو اس کا اختیار نہیں دیا گیا، لیکن شیعہ کا اعتقاد ہے کہ ائمہ اہل بیت کو موت وحیات پر کلی اختیار تھا، چاہے مریں یا نہ مریں۔

بَابُ اِنَّ الْأَئِمَّةَ عَلَيْهِمُ السَّلَامُ يَعْلَمُونَ مَتَى يَمُوتُونَ وَأَنَّهُمْ لَا يَمُوتُونَ إِلَّا بِاخْتِيَارٍ مِنْهُمْ.[4]

باب اس کا کہ ائمہ اپنی موت کا وقت جانتے ہیں اور موت ان کے اختیار میں ہے۔

عَنْ أَبِي بَصِيرٍ قَالَ قَالَ أَبُو عَبْدِ اللهِ عَلَيْهِمُ السَّلَامُ أَيُّ إِمَامٍ لا يَعْلَمُ مَا يُصِيبُهُ وَإِلَى مَا يُصِيبُ فَلَيْسَ ذالك بحجة الله۔[5]

ترجمہ: ابو بصیر کہتا ہے، امام صادق علیہ السلام نے فرمایا جس امام کو اپنی مصیبت کا علم نہ ہو اور کہ اس کو کب مصیبت پہنچے گی تو وہ خدا کی طرف سے مخلوق پر حجت نہیں ہو سکتا۔

یہ مسئلہ بھی مسلم ہے کہ علم ماکان وما یکون خاصہ ذاتِ باری ہے۔ مگر شیعہ کہتے ہیں کہ ائمہ کو یہ سب معلومات حاصل ہیں۔ اصول کافی ص ۱۵۹ میں باب ہی یوں باندھا ہے۔

---

[1] ۔ باقر مجلسی، حق الیقین، ص ۸۵

[2] ۔ بحار الانوار، ج ۲۶ ص، ۳۱۶

[3] ۔ ایضا، ج ۲۶ ص، ۳۱۶، ۳۱۷

[4] ۔ اصول کافی ص ۱۵۸

[5] ۔ ایضا، ص ۱۵۸

أَنَّ الائِمَة عَلَيهِمُ السّلامُ يَعْلَمُونَ عِلْمٌ مَا كَانَ وَمَا يَكُون وَاله لا يَخْفى عَلَيْهِمْ شَيْ-[1]

ترجمہ: آئمہ کو علم ماکان ومایکون حاصل ہوتا ہے اوران پر کوئی امر کائنات سے مخفی نہیں ہے

سَمِعُرُ ايَا عَبْدَ اللهِ عَلَيْهِ السَّلام يَقُول إِنِي لَا أَعْلَمَ مَا فِي السَّمَوَاتِ وَمَا فِي الْأَرْضِ وَاعْلَمُ مَا فِي الجَنَّةِ وَ أَعْلَمُ مَا فِي النَّارِ وَأَعْلَمُ مَا كَان وَ مَايَكُونُ۔[2]

ترجمہ: امام صادق نے فرمایا کہ جو کچھ آسمان وزمین میں سے ہے سب کچھ جانتا ہوں اور گزشتہ اور آئندہ کل واقعات دنیا کا بھی مجھے علم ہے"

**ائمہ خدا کی زبان منہ، آنکھ، ہاتھ ہیں:**

شیعہ کا اعتقاد ہے کہ جناب امیر دیگر آئمہ خدا کی زبان منہ، آنکھ، ہاتھ اور جب اللہ (خدا کی پسلی ہیں)۔

عَنْ أَسْوَدَ بن سَعِيدٍ قَالَ كُنتُ عَنْدَ أَبِي جَعفَرَ فَانُشَاء يَقُولُ ابْتَدَاءً مِنْهُ مِنْ غَيْرِ أَنْ اسْتَلَهُ نَحْنُ حُجَّةُ اللهِ وَنَحْنُ بَابُ اللهِ وَنَحْنُ لِسَانُ اللَّهِ وَنَحْنُ وَجْهُ اللَّهِ وَنَحْنُ عَيْنُ اللهِ فِي خَلْقِهِ وَنَحْنُ وَلَاةُ أَمْرِ اللَّهِ فِي عِبَادِهِ[3].

ترجمہ: اسود بن سعید کہتا ہے کہ میں امام باقر علیہ السلام کے ہاں بیٹھا تھا وہ خود ہی کہنے لگے بغیر اس کے میں نے دریافت کیا ہو۔ ہم خدا کی حجت ہیں۔ ہم خدا کا دروازہ ہیں۔ ہم خدا کی زبان اور خدا کا منہ اور اُس کی آنکھ ہیں۔ اس کی مخلوق ہیں اور ہم خدا کے امر کے اس کے بندوں میں مختار کار ہیں اسی کتاب کے اسی صفحہ پر ہے۔

حَدَّثَنِي هَاشِمُ إِبْنُ عَمَّارِ الجْهَنِي سَمِعْتُ أَمِيرَ الْمُؤْمِنِينَ يَقُولُ آنَا عَيْنُ اللهِ وَآنَايَدُ اللهِ وَأَنَا جَنْبُ اللهِ وَانَا بَابُ اللهِ۔[4]

ترجمہ: ہاشم بن ابی عمار کہتا ہے میں نے امیر المومنین نے سُنا کہتے تھے، ہم خدا کی آنکھ، اس کے ہاتھ اس کے پہلو اور خدا کے دروازہ ہیں۔

**حضرت علی رضی اللہ عنہ کو رسول صلی اللہ علیہ وسلم کے ہم رتبہ کرنا:**

اگرچہ اسلام کا یہ مسلمہ عقیدہ ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم تمام مخلوق سے افضل ہیں لیکن شیعہ اس کے خلاف حضرت علی کو رسول کے ہم رتبہ ان سے ابھی افضل سمجھتے ہیں۔

قَالَ أَبُو عَبْدِ اللَّهِ يَاسُلَيْمَانَ مَاجَاءَ مِنْ آمِيرِ الْمُؤْمِنِينَ يُؤْخَذُ بِهِ وَمَا يَنْهَى عَنهُ يَنتَهى عَنهُ جَرَىٰ لَهُ مِنْ فَضْلٍ مَا جَرَى لِرَسُولِ اللهِ-[5]

ترجمہ: امام صادقؑ نے فرمایا اے سلمان جو امیر المومنین حکم دیں مانو، جس سے منع کریں اس سے باز رہو۔ علیؑ کو وہی فضیلت حاصل ہے جو رسولؐ کو ہے۔

---

[1] ۔ ایضاء ص ۱۵۹

[2] ۔ اصول کافی، ص ۱۶۰

[3] ۔ ایضاء ص ۸۴

[4] ۔ ایضاء ص ۸۴

[5] ۔ ایضاء ص ۱۱۸

## شیعوں کا عقیدہ ہے کہ امامت مرتبہ نبوت سے بالا تر:

اثناء عشری شیعوں کا عقیدہ ہے کہ امامت مرتبہ نبوت سے بالا تر ہے چنانچہ شیعہ رئیس المحدثین علامہ باقر مجلسی لکھتے ہیں:

**از بعض اخبار معتبره آنکه ان شاء الله بعد از مذکوره خواهد شد معلوم می شود که مرتبه امامت بالاتر از پیغمر ایست** [1]

اور بعض معتبر روایات سے معلوم ہوتا ہے۔ کہ امامت کا مرتبہ پیغمبری کے مرتبہ سے بالا تر ہے۔ اور چونکہ خمینی اثناء عشری شیعہ ہیں جیسا کہ انہوں نے اپنے وصیت نامے میں اقرار کیا ہے اس لیے وہ اسی عقیدہ امامت کی بنیاد پر لکھتے ہیں:

وَإِنَّ مِنْ ضَرُورِيَّاتِ مَذْهَبِنَا أَنَّ لِأَئِمَّتِنَا مَقَامًا لَا يَبْلُغُهُ مَلَكٌ مُقَرَّبٌ وَلَا نَبِيٌّ مُرْسَلٌ۔[2]

ترجمہ: اور ایک شیعہ عالم سید صفدر حسین نجفی سابق پرنسپل جامعۃ المنتظر لاہور نے خمینی کی مندرجہ عبارت کا درج ذیل ترجمہ لکھا ہے۔

اور یہ بات ہمارے مذہب کے بدیہات میں سے ہے کہ کوئی شخص ہمارے آئمہ کے معنوی مقامات تک نہیں پہنچ سکتا۔ یہاں تک کہ ملک مقرب اور نبی مرسل بھی۔[3]

ابن سبا یہودی بھی انہیں غالی روافض میں سے ہے جو حضرت علی المرتضی کو خدا مانتا تھا۔ چنانچہ مولوی محمد حسین اپنی کتاب[4] میں لکھتے ہیں کہ بعض احمق عقیدت مندوں نے انہیں (یعنی حضرت علی کو) حدود عبدیت و نبوت اور امامت و خلافت سے بڑھا کر مرتبہ الوہیت تک پہنچا دیا، جیسے عبداللہ بن سبا۔[5]

مولوی محمد حسین کی یہ کتاب احسن الفوائد رسالہ اعتقادیہ کے متن کی شرح ہے، جس کے مصنف ابن بابویہ ہیں جو شیخ صندوق کے نام سے مشہور ہیں اور انہی کی تصنیف ''من لایحضرہ الفقیہ" ہے، جو مذہب شیعہ کی چار صحیح کتابوں میں سے ایک ہے۔ شیعہ مذہب کی رجال حدیث کی چار اہم کتابوں میں سے رجال کشی سب سے قدیم کتاب ہے۔

امام محمد باقر سے مروی ہے کہ عبداللہ بن سبا نبوت کا مدعی تھا اور اس کا گمان تھا کہ حضرت علی خدا ہیں۔ یہ خبر حضرت علی کو پہنچی تو آپ نے اُس کو بلا کر پوچھا، تو اس نے اس بات کا اقرار کیا اور کہا کہ میرے دل میں اس بات کا القاء ہوا ہے کہ آپ خدا ہیں اور میں نبی ہوں۔ تو حضرت علی المرتضی نے اس سے کہا کہ تجھ سے شیطان ٹھٹھا کرتا ہے۔ تو اس سے توبہ کرلے (تیری ماں تجھ کو روئے) ابن سبا نے توبہ کرنے سے انکار کر دیا۔ آپ نے اس کو قید کر دیا اور تین دن اس سے توبہ کا مطالبہ کرتے رہے۔[6]

## رسول خداؐ امام مہدی کی بیعت کریں گے:

شیعہ رئیس المحدثین علامہ باقر مجلسی لکھتے ہیں کہ:

---

1 ۔ باقر مجلسی، حیات القلوب، مطبوعہ ایران، ج ۳، ص ۳

2 ۔ فہم القرآن جلد ششم طبع پنجم اگست ۱۹۷۵ ص ۵۶

3 ۔ حکومت اسلامی یا ولایت فقیہ ص ۵۳ ناشر کتب خانہ شاہ نجف اندورن موچی دروازہ لاہور ۸۔ تفہیمات الہیہ ص ۲۴۴

4 ۔ محمد حسین، احسن الفوائد، ص ۴۲۲

5 ۔ بشارت الدارینبا الصبر علی شہادت الحسین، ص ۲۰۷

6 ۔ ایضا، ص ۲۰۷

نعمانی روایت کردہ است از حضرت ام محمد باقر علیہ السلام کہ چوں قائم آل محمدصلی اللہ علیہ وسلم بیرون آید خدا اور ایاری کند بم لا نگہ اول کسیکہ با او بیعت کن محمد باشد بعد ازاں علی ۔[1]

ترجمہ: نعمانی نے امام محمد باقر سے روایت کی ہے کہ جب امام مہدی ظاہر ہوں گے۔ خدا ملائکہ کے ذریعہ اس کی مدد کرے گا اور سب سے پہلے ان کی بیعت حضرت محمد ﷺ کریں گے اور اس کے بعد حضرت علی بیعت کریں گے۔اس سے اندازہ فرمائیں کہ شیعہ مذہب میں رسالت محمدیہ اور مقام ختم نبوت ﷺ کی بھی امام مہدی کی امامت کے مقابلہ میں کوئی حیثیت نہیں ہے، کہ بجائے اس کے کہ حضرت مہدی امام الانبیاء والمرسلین صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی بیعت کریں۔ آنحضرت ﷺ اور حضرت علی امام مہدی کی بیعت کریں گے۔اور امام مہدی حضرت علی المرتضی کے بھی پیر و مرشد بن گئے کہ وہ بھی ان سے بیعت کریں گے۔ کیا کوئی ہے سمجھنے والا اور ہدایت پانے والا۔[2]

**قاضی مظہر حسینؒ کا شیعہ غلو کا ردّ:**

قاضی صاحبؒ رافضیت کے غلوء پر نقد کرتے ہوئے فرماتے ہیں۔ شیعہ کے عقائد میں غلوّ اس قدر کیا جاتا ہے۔کہ ائمہ کرام کو افضیلت دینے کے لیے، خالق حقیقی پر الزام تراشی سے باز نہیں آتے۔[3]

یعنی معاذ اللہ وہ جاہل ہے اس کو سب باتوں کا علم نہیں اسی وجہ سے اس کی اکثر پیشنگوئیاں غلط ہو جاتی ہیں اور اس کو اپنی رائے بدلنا پڑتی ہے۔ یہ ایسا ضروری مسئلہ سمجھا جاتا ہے کہ اس کے برابر کوئی عبادت نہیں ہے۔ چنانچہ اصول کافی[4] میں مستقل باب ہی بداء کے متعلق باندھا گیا ہے۔[5]

قاضی صاحبؒ اللہ تعالیٰ کی صفات یوں بیان کرتے ہیں۔ خالق کائنات اللہ جل شانہ ایک ہے، اور اس کی ذات اس کی صفات اور اسکے مستحق عبادت ہونے میں اور کوئی بھی اس کا شریک اور ساجھی نہیں ہے۔ خالق کائنات وہی ہے۔ باقی سب اس کی مخلوق ہے۔ مخلوق کی موت وحیات صرف اسی کے قبضہ اور اختیار میں ہے۔ مخلوق کے نفع و نقصان کا حقیقی مالک صرف وہی ہے۔ وہ علیٰ کلِ شئیً قدیر ہے یعنی جو چاہے کر سکتی ہے۔اس کے سوا اور کوئی ایسی قدرت نہیں رکھتا کہ جو چاہے کر سکے۔[6]

بلکہ مخلوق کا چاہنا اور کرنا بھی اس کی مشیت پر موقوف ہے وہ بکل شئ علیم کی شان رکھتا ہے یعنی ہمیشہ سے ہمیشہ تک (ازلی اور ابدی) ہر چیز کا ہر وقت یکساں علم رکھتا ہے۔ اور وہ نسیان اور بھول چوک سے بھی پاک ہے۔اس کے سوا اور کوئی بھی ایسا نہیں ہے جو اسباب کا محتاج نہ ہو اور بلا اذنِ الٰہی اور بلا اسباب مخلوق کی حاجت روائی اور مشکل کشائی کر سکے۔ جب قادر مطلق اور علیم وخبیر ہر چیز کو ہمیشہ یکساں جاننے والا اور ہر بات کو ہر وقت سننے والا اور اپنے ارادہ کے مطابق ہر کام کرنے والا) صرف وہی ہے تو اس کے سوا اور کوئی بھی معبود (مستحق عبادت نہیں ہو سکتا۔ سب قولی فعلی اور

---

[1] ۔ حق الیقین،، مطبوعہ ایران ص ۳۴۷

[2] ۔ پیر کرم الدین دبیر، مقدمہ مظہر حسین قاضی، تازیانہ عبرت، ص ۳۲

[3] ۔ آفتاب ہدایت، ص ۲۴۵

[4] اصول کافی ص ۸۳

[5] ۔ ایضا، ص ۲۴۵

[6] ۔ سنی موقف، ص ۱۲

مالی عبادتیں صرف اسی کیلئے ہیں۔وہ قادر مطلق اور ہر طرح علیم وخبر ہونے کی بناپر کسی کا بھی محتاج نہیں ہے۔ باوجود اتنی قدرت رکھنے کے اسکے سارے کام اس کی حکمت پر مبنی ہوتے ہیں۔[1]

بہر صورت عقیدہ توحید کو ماننے سے ایمان حاصل ہوتا ہے۔اور اسکے انکار سے شرک وکفر لازم آتا ہے۔اور شریعت میں شرک کا مفہوم یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ کی ذات۔اس کی صفات اور اس کی عبادت میں کسی اور کو بھی شریک کیا جائے۔عقیدہ توحید کے اقرار واثبات کے لئے اسلام کا جامع کلمہ لا الہ الا اللہ ہے یعنی اللہ کے سوا اور کوئی بھی معبود لائق عبادت نہیں ہے اور چونکہ یہ کلمہ توحید اس آخری امت کو حضرت محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے واسطہ سے ملا ہے اس لئے کلمہ اسلام میں توحید ورسالت دونوں کا اقرار کیا جاتا ہے۔لا الہ اِلّا اللہ مُحمّدٌ رّسُول اللہ۔اللہ کے سوا اور کوئی معبود نہیں اور حضرت محمد اللہ کے رسول ہیں۔[2]

قاضی صاحبؒ شیعہ کے غالیانہ عقیدہ، خدا تعالیٰ کو بداء ہوتا ہے، کو حسب ذیل انہی کی روایات سے نقل کرتے ہیں۔

عَنْ زُرَاةَ بِنُ أَعْيُنٍ عَنْ أَحَدَ هِمَا قَالَ مَا عَبْدِ اللَّهِ بِشَيِ مِثْلِ الْبَدَاءِ۔

ترجمہ: ترجمہ: زرارہ بن امین نے حضرت امام باقر صادق سے روایت کی ہے کہ خدا کی عبادت بداء کے برابر کسی چیز میں نہیں۔

عَنْ مَالك الجهني قَالَ سَمِعْتُ أَبَا عَبْدِ اللهِ يَقُولُ لَوْعَلِمَ النَّاسُ مَافِي الْقَولِ بَا الْبَدَاءِ مِنَ الْأَجْرِ مَافتَرِ وعَنِ الكلام فيه

ترجمہ: مالک جہینی کہتے تھے کہ امام صادق نے کہا۔اگر لوگوں کو معلوم ہو کہ بداء کے اقرار کرنے میں ثواب ہے تو وہ اس سے باز نہ رہیں۔

ان روایات سے بداء کا ضروری مسئلہ ہونا اس کا ثواب عظیم اعلیٰ عبادت میں داخل ہو جانا ثابت ہوتا ہے۔

**بداء کی مثالیں:**

شیعہ کی کتابوں میں بداء کے واقعات بہت مذکور ہیں ذیل میں دو واقعات کا ذکر کیا جاتا ہے۔

علامہ مجلسی نے بحار الانوار میں روائیت کی ہے، امام جعفر صادق نے بتایا کہ میرے بعد اللہ تعالیٰ نے میرے فرزند اسماعیل کو امامت کے لئے نامزد کیا ہے لیکن بعد میں فرمایا کہ بجائے اسماعیل کے موسیٰ کاظم کو خدا نے امام بنادیا ہے۔[3]

عَنْ جَعْفَر الصَّادِقِ أَنَّهُ جَعَلَ إِسْمَاعِيلَ قَائِمَ مَقَامَهُ بَعْدَهُ فَظَهَرَ مِنْ إِسْمَاعِيلَ مَالَمْ يَر نَصِهِ فَجَعَل قَائِمَ مَقَامِهِ مُوْسَىٰ فَسُئِلَ عَنْ ذَلِكَ فَقَالَ بَدَاء لِلَّهِ فِي إِسْمَاعِيلَ مَابَدَاءِ اللَّهِ فِي شي كَمَا بَدَاء لَهُ إِسْمَاعِيلَ ابْنِي[4].

ترجمہ:۔ امام جعفر صادقؒ سے روایت ہے کہ انہوں نے اسماعیل کو اپنا قائم مقام اپنے پیچھے بنایا پھر اسماعیل سے کچھ ناپسندیدہ حرکت سرزد ہوئی تو پھر موسیٰ کاظم کو اپنا قائم مقام بنادیا اس کی وجہ دریافت کی گئی تو امام نے فرمایا اسماعیل کے متعلق خدا کو بداء ہوا اور خدا کو پہلے ایسا بداء نہیں ہوا جیسا میرے بیٹے اسماعیل کے بارے میں ہوا۔

1 ۔ ایضاً، ص ۱۳
2 ۔ سنی موقف، ص ۱۳
3 ۔ آفتاب ہدایت، ص ۲۴۷
4 ۔ باقر مجلسی، بحار الانوار، ص ۱۰۱

دوسرا واقعہ :۔ ملا باقر مجلسی کہتے ہیں، مام علی تقی نے خبر دی ہے کہ میرے بعد میرا بیٹا محمد امام ہو گا لیکن شاید خدا کو علم نہ تھا کہ وہ باپ کی زندگی میں فوت ہو جائے گا جب وہ نہ ہوا تو معاذ اللہ خدا کو رائے بدلنی پڑی۔ حسن عسکری امام ہوئے۔[1]

تعجب ہے کہ حسب نوشتہ شیعہ امام کی یہ علامت کہ وہ بجائے رحم کے ران سے پیدا ہوئے ہیں، اور ان کی پیشانی پر آیت وَحقَتْ كَلِمَةُ رَبّكَ صِدقاً و عَدْ لا۔ لکھی ہوئی ہے نیز رسول علیہ السلام نے حضرت علی کو بارہ لفافے سر بمہر کے نام بنام لکھ کر دیئے تھے جو جبرائیل درگاہ الٰہی سے لائے تھے، پھر حضرت امام کو مغالطہ کیسے لگا؟ اسماعیل بھی ران سے پیدا ہوئے ہوں گے۔ ان کے ماتھے پر آیت بھی لکھی ہوئی ہو گی اور لفافہ بھی ان کے نام کا موجود ہو گا پھر خدا کو بھی شناخت نہ ہوئی مگر اعلان کرنا پڑا کہ اسماعیل نہیں بلکہ موسیٰ کاظم امام ہو نگے۔[2]

شیعہ بارہ اماموں کے لیے گو نبی ورسول کا لفظ استعمال نہیں کرتے لیکن ان کے نزدیک جو امامت کا عقیدہ ہے۔ وہ آئمہ اثناء عشریہ حضرت علی المرتضیٰؓ سے لے کر حضرت امام مہدی تک کا جو شرعی مقام مانتے ہیں اس کے ہوتے ہوئے عقیدہ ختم نبوت ﷺ کی کوئی حیثیت باقی نہیں رہتی ۔[3]

---

1 ۔ اصول کافی، ص ۲۰۴

2 ۔ آفتاب ہدایت، ص ۲۴۷

3 ۔ پیر کرم الدین دبیر، مقدمہ مظہر حسین قاضی، تازیانہ عبرت، ص ۲۹

## مقالہ نگار کی رائے:

قاضی مظہر حسینؒ کی زندگی دین اسلام کی خدمت، عقائدِ حقہ کی وضاحت، اور امت کی رہنمائی میں صرف ہوا۔ وعظ و نصیحت، تصنیف و تالیف، اور تحقیقی انداز سے آپ نے عوام و خواص کو افکار صحیحہ سے آگاہ کیا۔ قاضی مظہر حسینؒ کی علمی اور فکری زندگی کا ایک نمایاں پہلو عقیدہ ختم نبوت ﷺ کی حفاظت اور اس پر کامل ایمان ہے۔ آپ نے اس کے خلاف اٹھنے والے ہر فتنے کا علمی و مدلل رد بھی کیا۔ آپ کی تحریری و تقریری کاوشیں اس بات کا ثبوت ہیں کہ آپ اس عقیدے کے محافظ تھے۔ اسی طرح خلافت و امامت جیسے اہم نظریاتی موضوعات پر بھی قاضی صاحبؒ کا فہمِ دین نہایت واضح تھا۔

مقالہ نگار نے قاضی مظہر حسینؒ کی علمی و دینی خدمات پر لکھنے کے لیے، قاضی صاحبؒ کے تنظیمی مرکز کے مختلف شعبہ جات کے منتظمین سے ملاقاتیں کیں اور قاضی صاحبؒ کے قریبی رفقاء اور ساتھیوں سے معلومات حاصل کیں۔ بالخصوص لائبریری اور اشاعت و کتابت کے شعبہ کے منتظم عبدالوحید حنفی صاحب کا بے حد مشکور و ممنون ہوں کہ انہوں نے بر وقت معلومات کے لیے کتب فراہم کیں اور قدم بہ قدم راہنمائی کی۔ قاضی صاحبؒ کی کتب کی تعداد تین درجن سے زائد ہے جو مختلف عنوانات سے لکھی گئیں ہیں، ان میں سے اکثر کتابوں کے عنوانات سے ان کے ماخذ کا علم ہو جاتا ہے۔ جس سے قاری کو مطلوبہ کتاب تک رسائی آسان ہو جاتی ہے اور معلومات آسانی سے حاصل ہو جاتی ہیں۔

قاضی مظہر حسینؒ نے معاصر علماء اور مجتہدین کو سمجھانے کے لیے ان کی کتب تقاریر اور چیلنج کا بر وقت جواب دے کر حقائق کی واضحات کی اور عوام الناس کو صحیح معنوں میں دین کی راہنمائی کی۔ اس کے علاوہ آپ نے اپنی زندگی میں اٹھنے والے فتنوں کی بر وقت روک تھام کے لیے ان کو انہی کی کتابوں سے دلائل دے کر حقائق سے آگاہ کیا۔ جن فتنوں کے خلاف آپ نے کام کیا ان میں فتنہ قادیانیت، رافضیت اور خارجیت سر فہرست ہیں۔ جس طرح زیر نظر مقالہ میں ابواب بندی اور فصول میں قاضی صاحبؒ نے عقیدہ ختم نبوت ﷺ اور نظریہ خلافت و امامت، اور رد رافضیت پر نقد کیا اور دین اسلام کے دفاع کے لیے جو کام کیا وہ قابل ستائش ہے۔

# نتائج

زیر نظر مقالہ بعنوان "قاضی مظہر حسینؒ کی علمی و دینی خدمات کا جائزہ" کے نتائج مندرجہ ذیل ہیں۔

۱۔ قاضی مظہر حسینؒ کا تعارف اور مختلف شعبوں میں اُن کی علمی و دینی خدمات کو اجاگر کر کے منظر عام پر لایا گیا ہے۔

۲۔ قاضی مظہر حسینؒ کی تصانیف کی وضاحت کی گئی ہے ان میں سے بیشتر تصانیف ابھی تک منظر عام پر بھی نہیں آئی تھیں۔ جن میں مختلف فتنوں کے رد میں کتب موجود ہیں بالخصوص رافضیت پر سیر حاصل مواد موجود ہے۔

۳۔ قاضی مظہر حسینؒ نے جس طرح علوم اسلامیہ کے مختلف شعبوں میں دینی خدمات سر انجام دی ہیں، اسی طرح انہوں نے زندگی کے دوسرے شعبوں میں بھی خدمات سر انجام دیتے ہوئے یہ واضح کیا ہے کہ دین صرف عبادات کا نام نہیں بلکہ علمی خدمات، معاشرتی اصلاحات اور صحیح طرز پر سیاسی انقلابات بھی اسلام کا حصہ ہے۔

۴۔ قاضی مظہر حسینؒ کا اپنے اصولی موقف کی وجہ سے جمعیت علماء اسلام سے مستعفی ہو کر اپنی علیحدہ سیاسی تحفظ اسلام پارٹی کو تشکیل دینا۔ اس بات کا ثبوت ہے کہ وہ صرف علمی میدان کے رہنماء نہیں ہیں بلکہ زندگی کے ہر شعبے میں قوم کے لئے رہنماء کی حیثیت رکھتے تھے۔

۵۔ قاضی مظہر حسینؒ کی خدمات صرف علاقائی سطح تک محدود نہیں بلکہ اندرون و بیرون ملک ان کی خدمات کے اثرات نظر آتے ہیں۔

۶۔ قاضی مظہر حسینؒ ختم نبوّت ﷺ کے سلسلے میں تحریکی آدمی تھے۔ اسی کی خاطر جیلیں اور کال کوٹھری کی سزائیں تو برداشت کر لیں لیکن اپنے موقف سے ذرہ برابر بھی پسپائی اختیار کرنا گوارہ نہ کی۔

۷۔ قاضی مظہر حسینؒ صحابہؓ کی عزت و ناموس کا دفاع اپنے لیے فرض سمجھتے اور اس معاملے میں سخت موقف رکھتے تھے۔ صحابہؓ کی ترجمانی کی وجہ سے لوگ آپ کو وکیل صحابہؓ کے لقب سے پکارتے تھے۔

۸۔ قاضی مظہر حسینؒ شیعہ عقیدہ امامت کو ختم نبوت ﷺ کے منافی سمجھتے تھے۔

۹۔ قاضی مظہر حسینؒ نے رافضیت کے عقائد ماتم، متعہ، تقیہ اور غلو کو قرآن وسنت کی تعلیمات کے منافی خیال کرتے تھے۔

۱۰۔ قاضی مظہر حسینؒ نے اپنی ۹۰ سال کی زندگی میں احکام شریعت اور سنت رسول ﷺ کو ہمیشہ ترجیح دی۔

## سفارشات

زیر نظر مقالہ بعنوان "قاضی مظہر حسینؒ کی علمی و دینی خدمات کا جائزہ'' کے سفارشات مندرجہ ذیل ہیں۔

۱۔ مختلف شعبہ ہائے زندگی میں علمائے کرام کی خدمات پر مزید تحقیقی کام کیا جائے۔ بالخصوص قاضی مظہر حسینؒ کی خدمات اور جماعتی کاموں پر کام کی گنجائش موجود ہے۔

۲۔ علمائے اسلام کو چاہیے کہ دیگر مذہب و مسالک کو نشانہ تنقید بنانے کی بجائے اپنی دعوت و تبلیغ میں اتحاد و محبت اور یگانگت کا درس دیں۔ جس سے مختلف مکاتب فکر کے لوگوں میں اتحاد کی ترویج ہو۔

۳۔ علمائے کرام کی تصانیف کو بار بار شائع کیا جائے اور طلباء کے لئے تعلیمی اداروں کی لائبریریوں میں مہیا کیا جائے۔ اور ان پر تجزیاتی مطالعہ کیا جاسکتا ہے۔

۴۔ نبی اکرم ﷺ نے اپنے قول، فعل اور عمل سے دعوت دین کا فرائضہ انجام دیا ہے۔ اور عصر حاضر میں ایسی ہی دعوت کا تقاضا دعوت دین دینے والوں سے بھی ہے۔

۵۔ علمائے کرام کی خدمات کو الیکٹرانک میڈیا، سوشل میڈیا اور پرنٹ میڈیا پر وقتاً فوقتاً چلایا جائے اور مختلف شہروں میں اس پر سیمینارز قائم کیے جائیں۔

۶۔ اسلام اور پاکستان کے قوانین پر عملدرآمد کرتے ہوئے حضور خاتم النبیین ﷺ، صحابہؓ اور اہلبیتؓ رسول ﷺ کی عزت و ناموس کا تحفظ یقینی بنایا جائے۔

۷۔ ریسرچ سکالر کو چاہیے کہ جہاں وہ نئے موضوع پر نظر رکھتے ہوئے اپنی علمی رائے پیش کرتا ہے وہاں وہ مختلف شعبوں میں علمائے کرام کی خدمات پر بھی تحقیقی مقالہ جات و مضامین، جرائد و رسائل تحریر کرے۔

| قرآنی آیات کی فہرست | سورہ و آیت | صفحہ نمبر |
|---|---|---|
| اِنِّیْ جَاعِلٌ فِی الْاَرْضِ خَلِیْفَةً | البقرہ،۳۰ | ۳۹ |
| فَإِنْ امَنُوا بِمِثْلِ مَا امَنْتُمْ بِهِ فَقَدْ اهْتَدَوْاءوان تَوَلَّوْا فَاتَنَاهُم فِي شِقَاقٍ | البقرہ،۱۳۷ | ۴۵ |
| قل ان کنم فِي رَيْبٍ مِمَّا نَزَّلْنَا عَلَى عَبْدِنَا فَأْتُوا بِور | البقرہ،۲۴ | ۴۶ |
| امَنَ الرَّسُوْلُ بِمَآ اُنْزِلَ اِلَيْهِ مِنْ رَّبِّه وَالْمُؤْمِنُوْنَ كُلٌّ اٰمَنَ بِاللّٰهِ وَمَلآئِكَتِه وَكُتُبِه وَرُسُلِهٗ | البقرہ،۲۸۵ | ۵۶ |
| لَيْسَ الْبِرّ اَنْ تُوَلُّوا وُجُوهَكُمْ قِبَلَ الْمَشْرِقِ وَالْمَغْرِبِ | البقرہ،۱۷۷ | ۵۶ |
| قُولُوا آمَنَّا بِاللهِ وَ مَا أُنْزِلَ إِلَيْنَا وَ مَا أُنْزِلَ إِلَى إِبْرٰهِمَ وَ إِسْمٰعِيلَ وَ إِسْحٰقَ وَيَعْقُوبَ | البقرہ،۱۳۶ | ۵۷ |
| وَلَا تَقُوْلُوْا لِمَنْ يُّقْتَلُ فِیْ سَبِيْلِ اللّٰهِ اَمْوَاتٌ بَلْ اَحْيَاءٌ وَّلٰكِنْ لَّا تَشْعُرُوْنَ | البقرہ،۱۵۴ | ۶۴ |
| وَالصَّابِرِينَ فِي الْبَأْسَاءِ وَالضَّرَّاءِ وَحِينَ الْبَأْسِ ۗ أُولَٰئِكَ الَّذِينَ صَدَقُوا ۖ وَأُولَٰئِكَ هُمُ الْمُتَّقُون | البقرہ،۱۷۷ | ۶۵ |
| كمُ مِنْ فِئَةٍ قَلِيلَةٍ غَلَبَتْ فِئَةً كَثِيرَةَ بِإِذْنِ الله | البقرہ،۱۳۶ | ۸۴ |
| كُنتُمْ خَيْرَ أُمَّةٍ أُخْرِجَتْ لِلنَّاسِ تَأْمُرُونَ بِالْمَعْرُوفِ وَتَنْهَوْنَ عَنِ الْمُنكَرِ وَتُؤْمِنُونَ بِاللَّهِ | آل عمران،۱۱۰ | ۴۴ |
| وَلَا تَهِنُوْا وَ لَا تَحْزَنُوْا وَاَنْتُمُ الْاَعْلَوْنَ اِنْ كُنْتُمْ مُّؤْمِنِيْنَ | آل عمران،۱۳۹ | ۶۴ |
| و لا تَحْسَبَنَّ الَّذينَ قُتِلُوا فى سَبيلِ اللهِ أَمْواتاً بَلْ أَحْياءٌ عِنْدَ رَبِّهِمْ يُرزَقون | آل عمران،۱۶۹ | ۶۵ |
| وَ مَنْ يَّقْتُلْ مُؤْمِنًا مُّتَعَمِّدًا فَجَزَآؤُه جَهَنَّمُ خٰلِدًا فِيْهَا | النساء،۹۳ | ۱۸ |
| وَمَنْ يُشَاقِقْ الرَّسُولَ مِنْ بَعْدِ مَا تَبَيَّنَ لَهُ اللهُ وَيَتَّبِعْ غَيْرَ سَبِيلِ الْمُؤْمِن | النساء،۱۱۵ | ۴۴ |
| فَمَا اسْتَمْتَعْتُمْ بِه مِنْهُنَّ فَاٰتُوْهُنَّ اُجُوْرَهُنَّ فَرِيْضَةً | النساء،۲۴ | ۷۱ |
| قُلْ يٰٓاَهْلَ الْكِتٰبِ لَا تَغْلُوْا فِیْ دِيْنِكُمْ غَيْرَ الْحَقِّ وَ لَا تَتَّبِعُوْا اَهْوَآءَ قَوْمٍ | المائدہ،۷۷ | ۹۴ |
| ربنا استمتع بَعْضُنَا بَعْض | الانعام،۱۲۸ | ۷۱،۷۰ |
| وَ قَالَتِ الْيَهُوْدُ عُزَيْرُ نِ ابْنُ اللهِ وَ قَالَتِ النَّصٰرَى الْمَسِيْحُ ابْنُ اللهِ | التوبہ،۳۰ | ۹۴ |
| ثُمَّ أَذَّنَ مُوذَنَ ايَتهَا العِيرِ إِنَّكُمُ لسَارِقُون | یوسف،۷۰ | ۸۳ |
| وَ الَّذِيْنَ صَبَرُوا ابْتِغَآءَ وَجْهِ رَبِّهِمْ وَ اَقَامُوا الصَّلٰوةَ وَ اَنْفَقُوْا مِمَّا رَزَقْنٰهُمْ سِرًّا وَّ عَلَانِيَةً | الرعد،۲۲ | ۶۵ |
| اُذِنَ لِلَّذِيْنَ يُقَاتَلُوْنَ بِاَنَّهُمْ ظُلِمُوْا ؕ وَاِنَّ اللّٰهَ عَلٰى نَصْرِهِمْ لَقَدِيْرٌ | الحج،۳۹ | ۵۰ |

| | | |
|---|---|---|
| ٱلَّذِينَ إِن مَّكَّنَّٰهُمْ فِى ٱلْأَرْضِ أَقَامُوا۟ ٱلصَّلَوٰةَ وَءَاتَوُا۟ ٱلزَّكَوٰةَ وَأَمَرُوا۟ بِٱلْمَعْرُوفِ وَنَهَوْا۟ عَنِ ٱلْمُنكَرِ | الحج،۴۰ | ۵۰ |
| وَعَدَ اللَّهُ الَّذِينَ آمَنُوا مِنْكُمْ وَعَمِلُوا الصَّلِحَتِ لَيَسْتَخْلِفَنَّهُم فِي الْأَرْضِ | النور،۵۵ | ۴۹ |
| وَعَدَ اللَّهُ الَّذِينَ آمَنُوا مِنْكُمْ وَعَمِلُوا الصَّلِحَتِ لَيَسْتَخْلِفَنَّهُم فِي الْأَرْضِ | النور،۶۴ | ۱۵ |
| فَوَكَزَه مُوْسٰى فَقَضٰى عَلَيْهِ | القصص،۱۵ | ۱۸ |
| ما كان محمد أبا أَحَدٍ مِّن رِّجَالِكُمْ وَلكِن رَّسُول الله وخاتم النبيّينَ وَكَانَ اللهُ بِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيماً | الاحزاب،۴۰ | ۴۰ |
| مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللهِ ط وَ الَّذِيْنَ مَعَه اَشِدَّآءُ عَلَى الْكُفَّارِ رُحَمَآءُ بَيْنَهُمْ | الفتح،۲۹ | ۴۵ |
| لَقَدْ رَضِيَ اللَّهُ عَنِ الْمُؤْمِنِينَ إِذْ يُبَايِعُونَكَ تَحْتَ الشَّجَرَةِ | الفتح،۱۶ | ۴۵ |
| هُوَ الَّذِىْٓ اَرْسَلَ رَسُوْلَه بِالْهُدٰى وَ دِيْنِ الْحَقِّ لِيُظْهِرَه عَلَى الدِّيْنِ كُلِّه وَ لَوْ كَرِهَ الْمُشْرِكُوْنَ | الصف،۹ | ۴۶ |
| وَالَّذِيْنَ كَفَرُوْا يَتَمَتَّعُوْنَ وَيَاْكُلُوْنَ كَمَا تَاْكُلُ الْاَنْعَامُ | محمد،۱۲ | ۱۷ |
| قُلْ تَمَتَّعْ بِكُفْرِكَ قَلِيْلًا ۖ اِنَّكَ مِنْ اَصْحَابِ النَّارِ | الزخرف،۸ | ۱۷ |
| وَجَعَلَهَا كَلِمَةً بَاقِيَةً فِي عَقِبِهِ لَعَلَّهُمْ يَرْجِعُون | الزخرف،۲۸ | ۵۶ |

| احادیث مبارکہ کی فہرست | کتاب وحدیث نمبر | صفحہ نمبر |
|---|---|---|
| أنا خاتمُ النَّبيّينَ لاَ نبيَّ بَعدي | سنن أبوداود، ۴۲۵۲ | ۴ |
| العلماءَ ورثةُ الأنبياءِ | سنن الترمذی، ۲۶۸۲ | ۴ |
| عَلَيْكُمْ بِسُنَّتِي وَسُنَّةِ الخُلَفَاءِ الْمَهْدِيين الراشدين | سنن الترمذی، ۲۶۴۱ | ۱۶ |
| مَا الْإِحْسَانُ قَالَ الْإِحْسَانُ أَنْ تَعْبُدَ اللَّهَ كَأَنَّكَ تَرَاهُ فَإِنْ لَمْ تَكُنْ تَرَاهُ فَإِنَّهُ يَرَاكَ | صحیح بخاری، ۴۷۷۷ | ۳۶ |
| وأَنا خاتمُ النَّبيّينَ لاَ نبيَّ بَعدي | سنن أبوداود، ۴۲۵۲ | ۴۰ |
| عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ:" وَإِنَّهُ لَا نَبِيَّ بَعْدِي وَسَيَكُونُ خُلَفَاءُ فَيَكْثُرُونَ | صحیح بخاری، ۳۴۵۵ | ۴۰ |
| إِنَّ الرِّسَالَةَ وَالنُّبُوَّةَ قَدِ انْقَطَعَتْ، فَلَا رَسُولَ بَعْدِي وَلَا نَبِيَّ | سنن الترمذی، ۲۲۷۲ | ۴۰ |
| وَإِنَّهُ سَيَكُونُ فِي أُمَّتِي ثَلَاثُونَ كَذَّابُونَ كُلُّهُمْ يَزْعُمُ أَنَّهُ نَبِيٌّ، وَأَنَا خَاتَمُ النَّبِيِّينَ لَا نَبِيَّ بَعْدِي | سنن الترمذی، ۲۲۱۹ | ۴۰ |
| أَكْرِمُوا أصحابي ؛ فإنهم خِيارُكم | سنن الترمذی، ۲۱۶۵ | ۴۸ |
| اللَّهَ اللَّهَ فِي أَصْحَابِي، لَا تَتَّخِذُوهُمْ غَرَضًا بَعْدِي | سنن الترمذی، ۳۸۶۲ | ۴۸ |
| خِلَافَةَ النبوَّةُ ثَلاثُونَ سَنَةٍ ثُمَّ يُؤْتِي اللَّهُ الْمُلك مَنْ يَّشَاء | سنن الترمذی، ۲۲۲۲ | ۵۰ |
| مَنْ يَعِشْ مِنكُمْ فَسَرَى اخْتَلَافًا كَثِيرا فعليكم بما عرفتم من سنتي، وسنة الخلفاء الراشدين | سنن ابن ماجہ، ۴۳ | ۵۱ |
| الامامة والامام كل من انتم به قوم كانوا على صراط المستقيم أو كانوا ضا لين | المفردات فی غرائب القرآن، ۳۴ | ۵۲ |
| أن اقامة الامامة الصالحة فى ارض الله لها أهمية جوهرية وخطورة بالغة في نظام الإسلام فكل | الاصفهانی، ۳ | ۵۳ |
| عن زرارة قال سمعت ابا عبدالله عليه السلام يقول ان للقائم غيبة قبل ان يقوم انه يخاف | اصول کافی، ۲۱۲ | ۵۸ |
| قال رسول الله ﷺ من عزى مصابا فله مثل اجره | سنن الترمذی، ۱۰۷۳ | ۶۱ |
| قال رسول الله الا الله من عزع ثكلى كسى برداً في الجنة | سنن الترمذی، ۱۰۷۶ | ۶۱ |
| عن ابي عبد الله عليه السلام قال الصبرمن الايمان بمزلة الراس من الجسد | اصول کافی، ۴۱۰ | ۶۷ |
| عن ابي عبد الله عليه السلام قال ان الصبر والبلاء يستبقيان الى المؤمن | فروع کافی، ۱۲۱ | ۶۷ |
| عن ابي عبد الله عليه السلام قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم ضرب المسلم يده | فروع کافی، ۱۲۱ | ۶۷ |
| قال النبي صلى الله عليه وسلم عند وفاته لفاطمة لا تخمشي على وجها | فروع کافی، ۲۱۴ | ۶۷ |

| | | |
|---|---|---|
| إنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَدْ أَذِنَ لَكُمْ أَنْ تَسْتَمْتِعُوا يَعْنِي: مُتْعَةَ النِّسَاءِ | صحیح مسلم،۳۴۱۳ | ۶۷ |
| أَن رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَتَانَا فَأَذِنَ لَنَا فِي الْمُتَعَةِ | صحیح مسلم،۳۴۱۴ | ۷۲ |
| فَقَالَ : " نَعَمِ اسْتَمْتَعْنَا عَلَى عَهْدِ رَسُولِ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَأَبِي بَكْرٍ وَعُمَرَ | صحیح مسلم،۳۴۱۵ | ۷۲ |
| قَالَ أَبُو عَبْدِ اللهِ عَلَيْهِ السَّلَامِ مَا مِنْ رَجُلٍ تَمَتَّعَ ثُمَّ اغْتَسَلَ إِلَّا تَخلَقَ اللَّهُ مِنْ كُلَّ قَطْرَةِ | برہان المتعہ،۵۰ | ۷۳ |
| قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى الله عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ تَمْتَعَ مَرَّةٌ وَاحِدَةٌ عُلِقَ اللَّهُ مِنَ النَّارِ | منہج الصادقین،۳۵۶ | ۷۴ |
| عَنِ الْاحُولِ قُلْتُ إِبِيُّ عَبْدِ اللهِ عَلَيْهِ السَّلَامُ عَنْ أَدْنَىٰ مَا تَزَوَّجُ بِهِ الْمُتْعَةُ | فروع کافی،ج،۱۹۴۲ | ۷۶ |
| عَنْ أَبِي بَصِيرٍ قَالَ سَئلتُ ابا عبد اللهِ عَلَيْهِ السَّلَامُ عَنْ أَدْنَىٰ مَهْرِ الْمُتْعَةِ مَا هُوَ؟ | فروع کافی،ج،۱۹۴۲ | ۷۶ |
| عَنْ أَبِي بَصِيرِ قَالَ سُئِلَ أَبُو عَبْدِ اللهِ عَنِ الْمُتْعَةِ أهى مِنَ الاَربَعَ قَالَ لاَ وَلَا مِنَ السَّبعين | فروع کافی،ج ۱۹۱۲ | ۷۷ |
| فَقَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ، وَابْنُ الزُّبَيْرِ اخْتَلَفَا فِي الْمُتْعَتَيْنِ، | فروع کافی،ج ۱۹۱۲ | ۷۷ |
| يَا أَيُّهَا النَّاسُ إِنِّي قَدْ كُنتُ أَذِنتْ لَكُمْ فِي الِاسْتِمْتَاعِ مِنَ النِّسَاءِ | صحیح مسلم،۳۴۲۲ | ۷۸ |
| أَمَرَنَا رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِالْمَتْعَةِ عَامَ الْفَتْحِ حِينَ دَخَلْنَا مَكَّةَ | صحیح مسلم،۳۴۲۴ | ۷۸ |
| أَن النبي صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَهَى عَنْ نِكَاحِ الْمُتَعَةِ | صحیح مسلم،۳۴۲۶ | ۷۸ |
| أَنْ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَهَى يَوْمَ الْفَتَحِ عَنْ مَتْعَةِ النِّسَاءِ | صحیح مسلم،۳۴۲۷ | ۷۸ |
| أَنَّ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَهَى عَنِ الْمُتْعَةِ زَمَانَ الْفَتْحِ | صحیح مسلم،۳۴۲۸ | ۷۸ |
| : أَن رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: " نَهَى عَنِ الْمُتْعَةِ، وَقَالَ: | صحیح مسلم،۳۴۳۰ | ۷۸ |
| فَإِنَّ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: " نَهَى عَنْهَا يَوْمَ خَيْبَرَ، وَعَنْ لُحُومِ الْحُمُرِ الْإِنسِيَّةِ | صحیح مسلم،۳۴۳۴ | ۷۹ |
| نَهَى رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ مَتْعَةِ لِنِّسَاءِ يَوْمَ خَيْبَرَ، وَعَنْ أَكْلِ لُحُومِ الْحُمُرِ | صحیح مسلم،۳۴۳۵ | ۷۹ |
| قَالَ أَبُو جَعْفَرعَلَيهِ السَّلَام التقيةُ مِنْ دِينِي وَدِينَ أَبَائِي وَلَا إِيمَانَ لِمَنْ لا تقية له | فروع کافی،۱۹۲ | ۷۹ |
| عَبْدِ اللهِ عَلَيْهِ السَّلام يا آباعمَرَانُ تِسْعَةَ أَعْشَارِ الدِّينِ فِي التَّقِيَّةِ وَلَا دِينَ لِمَنْ لا تَقِيَّةَ لَه | اصول کافی،۴۸۲ | ۸۳ |
| عَنْ أَبِي بَصِير قَالَ ابو عَبْدِ اللهِ عَلَيْهِ السَّلَامِ التَقيَّةَ مِنْ دِين اللهِ قُلتُ وَمِنْ دِينِ اللهِ | اصول کافی،۳۸۳ | ۸۳ |
| يَا سُلَيْمَانُ إِنَّكُمْ عَلَى دِينِ مَنْ كَتَمَهُ أَعَزَهُ اللهِ وَمَنْ أَذَاعَهُ اذلهُ الله | اصول کافی،۴۸۵ | ۸۵ |
| أَبِي عَبْدِ اللهِ عَلَيْهِ السَّلَامِ مَنْ آذاعَ عَلَيْنَا شَيْئًا مِنْ أَمْرِنَاكَمَنْ قَتَلْنَا عَمَدًا وَلَمْ يَقْتُلْنَا خَطَاءً | اصول کافی،۵۵۲ | ۸۶ |
| مَنْ أَذاعَ عَلَيْنَا حَدِيثًا سَلَبَهُ اللَّهُ الْإِيمَانَ | اصول کافی،۵۵۱ | ۸۶ |

| | | |
|---|---|---|
| ما منكم احد فيصلى صلوة فريضة في وقتها ثم يصلى معهم صلوة تقية | من لايحضره الفقيه، ج۱، ۳۷۶ | ۸۶ |
| ثم قام و تهيأ للصلوة وحضر المسجد وصلى خلف ابي بكر | طبرسی، جلداول، ۱۱۰ | ۸۷ |
| وما من الامة احد بايع مكرها غير علي واربعتنا | طبرسی، جلداول، ۱۱۱ | ۸۷ |
| ثم تناول يد ابي بكر فبايعه | طبرسی، جلداول،، ۱۱۰ | ۸۸ |
| فاصبح و بكر الى على عليه السلام وقال ابسط يدك يا ابا الحسن ابايعك واخبره | طبرسی، جلداول، ۱۸۴ | ۸۸ |
| فلذلك كتم على عليه السلام امره وبايع مخرهاً حيث لم يجداعوانا | فروع کافی، جلد ثالث، ۱۳۹ | ۸۸ |
| قد عملت الولاة قبلى أعمالا خالفوا فيها رسول الله متعمدين لخلافه ناقضين | فروع کافی، ۲۹، ۳۰ | ۸۸ |
| نظر النبي صلى الله عليه وآله الى على عليه السلام فقال : هذا خير الأولين وخيرالآخرين | بحارالانوار، ج۲۶، ۳۱۶ | ۹۵ |
| روى عن الصادق عليه السلام أنه قال: علمنا واحد وفضلنا واحد ونحن شيء واحد | بحارالانوار، ج۲۶، ۳۱۷ | ۹۵ |
| بَابُ اِنَّ الاَئِمَّةَ عَلَيْهِمُ السَّلَامُ يَعْلَمُونَ مَتَى يَمُوتُونَ وَأَنَّهُمْ لاَ يَمُوتُونَ إِلَّا بِاخْتِيَارٍ مِنْهُمْ | اصول کافی، ۱۵۸ | ۹۵ |
| أَبِي بَصِيرٍ قَالَ قَالَ أَبُو عَبْدِ اللَّهِ عَلَيْهِمُ السَّلَامُ أَيُّ إِمَامٍ لا يَعْلَمُ مَا يُصِيبُهُ وَإِلَى مَا يُصِيبُ | اصول کافی، ۱۵۸ | ۹۵ |
| سَمِعُرُ ابَا عَبْدَ اللهِ عَلَيْهِ السَّلام يَقُول إِني لَا أَعْلَمَ مَا فِي السَّمَوَاتِ وَمَا فِي الْأَرْضِ | اصول کافی، ۱۸۴ | ۹۶ |
| عَنْ أَسْوَدَ بن سَعِيدٍ قَالَ كُنتُ عَنْدَ أَبِي جَعْفَرَ فَانْشَاء يَقُولُ ابْتَدَاءً مِنْهُ مِنْ غَيْرِ أَنْ اسْتَلَهُ | اصول کافی، ۸۴ | ۹۶ |
| سَمِعْتُ أَمِيرَ الْمُؤْمِنِينَ يَقُولُ آنَا عَيْنُ اللهِ وَآنَايَدُ اللهِ وَأَنَا جَنْبُ اللهِ وَانَا بَابُ اللهِ | اصول کافی، ۸۴ | ۹۶ |
| قَالَ أَبُو عَبْدِ اللَّهِ يَاسُلَيْمَانَ مَاجَاءَ مِنْ آمِيرِ الْمُؤْمِنِينَ يُؤْخَذُ بِهِ وَمَا يَنْهَى عَنهُ يَنتَهى | اصول کافی، ۱۱۸ | ۹۹ |
| عَنْ جَعْفَرِ الصَّادِقِ أَنَّهُ جَعَلَ إِسْمَاعِيلَ قَائِمَ مَقَامَهُ بَعْدَهُ فَظَهَرَ مِنْ إِسْمَاعِيلَ مَالَمْ يَر نَضِهِ | بحارالانوار، ۱۰۱ | ۹۹ |

# مصادر و مراجع


1. القرآن الکریم
2. بخاری، ابو عبداللہ محمد بن اسماعیل بن ابراہیم، صحیح البخاری، طبع جدیدہ ملونہ، مکتبۃ البشری کراچی پاکستان
3. نیشاپوری، مسلم بن حجاج بن مسلم، صحیح المسلم، طبع اولی، مکتبۃ البشری کراچی پاکستان
4. أبوداود سلیمان بن الاشعث السجستانی، سنن أبي داود: کتاب: الفتن والملاحم، باب: ذکر الفتن ودلائلها، الریاض، السعودیة، ۲۰۰۵ء
5. ابو عیسیٰ محمد بن عیسیٰ الترمذی، سنن الترمذی، کتاب الجنائز، طبع اولی، مکتبۃ البشری، کراچی پاکستان
6. عبدالجبار سلفی، مظہر کرم، پاکستان، سعودی عرب: دارالامین ۲۰۲۰ء
7. عبدالجبار سلفی، ۴۰۰ خطوط کا مجموعہ آثارِ قاضی مظہر حسینؒ
8. عبدالقیوم حقان، ان خطوط پر ایک تبصرہ آثارِ قاضی مظہر حسینؒ
9. زاہد حسین رشیدی، ماہنامہ حق چاریارؓ، لاہور: دفتر ماہنامہ حق چار یار مارچ ۲۰۰۵ء
10. احتشام الحسن، ملفوظاتِ وکیلِ صحابہؓ، چکوال: مکتبہ الحسن
11. حضرت نعیم الدین صاحب، حیات وخدمات۔ قاضی مظہر حسینؒ، ۳۲ صفحات پر مشتمل مکتبہ قاسمیہ لاہور
12. سلفی، عبدالجبار، مظہر کرم جلد دوم، تاثرات ومشاہدات ۳۵۷ لاہور: ادارہ مظہر التحقیق مارچ ۲۰۱۴ء
13. قاضی مظہر حسینؒ، عقیدہ صحابہ کرام اور مودودی، لاہور: ادارہ حق چار یار، مدینہ بازار اچھرہ ۲۰۰۰
14. قاضی مظہر حسینؒ، جماعت اسلامی شیعہ انقلاب چاہتی ہے چکوال: تحریک خدام اہل السنت والجماعت ۱۹۸۲
15. قاضی مظہر حسینؒ، عقیدہ عصمت انبیاء اور مودودی، چکوال: ادارہ حق چار یار ۲۰۰۰
16. قاضی مظہر حسینؒ، بشارت الدارین بالصبر علی شہادت الحسین: لاہور: ادارہ مظہر التحقیق مارچ ۲۰۱۴
17. قاضی مظہر حسینؒ، ہم ماتم کیوں نہیں کرتے؟ لاہور: ادارہ مظہر التحقیق مارچ ۲۰۱۴
18. قاضی مظہر حسینؒ، سنی مذہب حق، لاہور: ادارہ مظہر التحقیق، مارچ ۲۰۱۴
19. قاضی مظہر حسینؒ، عقیدہ خلافت راشدہ اور امامت، لاہور: ادارہ مظہر التحقیق، ۱۹۸۸
20. قاضی مظہر حسینؒ، سنی شیعہ متفقہ ترجمہ قرآن کا عظیم فتنہ، جہلم: مکتبہ حنفیہ ۱۹۸۷ء
21. قاضی مظہر حسینؒ، یادگار حسین: مکتبہ خلفائے راشدین، جولائی ۲۰۲۳
22. قاضی مظہر حسینؒ، ایک خطرناک سازش، پاکستان تحریک تحفظ کلمہ اسلام ۱۹۷۵
23. قاضی مظہر حسینؒ، تجلیات صداقت پر ایک اجمالی نظر: جہلم: مکتبہ حنفیہ ۱۹۷۵ء

24. قاضی مظہر حسینؒ، قادیانی دجل کا جواب، لاہور: جہلم: مکتبہ حنفیہ ۱۹۵۷ء
25. قاضی مظہر حسینؒ، اعجاز الحق بجواب اظہار الحق لاہور: جہلم: مکتبہ حنفیہ ۱۹۶۸
26. کرم الدین دبیر، تازیانہ عبرت، قاضی مظہر حسینؒ، مقدمہ، لاہور: ادارہ مظہر التحقیق، ۲۰۱۱
27. قاضی مظہر حسینؒ، خارجی فتنہ (حصہ اول) لاہور: ادارہ مظہر التحقیق، جنوری ۲۰۱۵
28. قاضی مظہر حسینؒ، کشف خارجیت، لاہور: ادارہ مظہر التحقیق، جنوری ۲۰۱۵
29. قاضی مظہر حسینؒ، خدام اہل سنت کا شرعی منشور، لاہور: جہلم: مکتبہ حنفیہ ۱۹۵۷ء
30. قاضی مظہر حسینؒ، تحفظ اسلام پارٹی کا انتخابی موقف، چکوال: تحفظ اسلام پارٹی ۱۹۷۷
31. قاضی مظہر حسینؒ، حضرت لاہوری فتنوں کے تعاقب میں۔ چکوال: مکتبہ تحریک خدام اہلسنت ۱۹۷۹
32. حضرت نعیم الدین صاحب، حیات وخدمات۔ قاضی مظہر حسینؒ، ۳۲ صفحات پر مشتمل مکتبہ قاسمیہ لاہور
33. غلام مرشد، (انٹرویو) ماہ نامہ فکر و نظر اسلام آباد فروری ۱۹۷۸ء محمد نذیر رانجھا تذکرہ علماء اہل سنت و جماعت پنجاب، مطبوعہ لاہور
34. عبدالوحید الحنفی، نقوش زندگی اکابرین کے یادگار واقعات، چکوال: مرحبا اکیڈمی ۲۰۱۵ء
35. لسان العرب محمد بن مکرم بن علی، أبو الفضل، جمال الدین ابن منظور مکتبہ دار صادر، بیروت، لبنان ۱۴۱۴ھ
36. ابن تیمیہ، تقی الدین أحمد بن عبد الحلیم، الفتاویٰ، جلد، دار التوحید، ۱۹۸۷
37. واجد علی، مقالہ نظریہ امامت، مقالہ نگار پی ایچ ڈی علوم اسلامیہ
38. سید قطب ابراھیم شارقی، فی ظلال القرآن، طاھرہ، ناشر دار الشرق ۱۴۱۲ھ
39. المجلسي، محمد باقر، بحار الأنوار، بیروت: دار إحیاء التراث العربي، ۱۹۸۳
40. ابن قدامہ، تحفۃ العوام حصہ اول، مطبوعہ لکھنو ۱۹۳۱ء
41. العثیمین، عبد اللہ بن صالح، الإمام والسیاسۃ في الإسلام، الریاض: دار العبیکان، ۲۰۰۵
42. ملا باقر مجلسی، حیات القلوب مترجم، باب امامت، ناشر امامیہ کتب خانہ، موچی دروازہ لاہور
43. پانی پتی، ثناء اللہ، السیف المسلول للسنۃ العلیا، ترجمہ محمد رفیق اثری، ملتان: فاروقی ناشران تاجران، ۱۹۷۹
44. خمینی، روح اللہ، الحکومت الاسلامیہ، مترجم کتاب، مطبوعہ کتاب مرکز، شمالی ناظم آباد، کراچی
45. امجد علی اعظمی رضوی بریلوی بہار شریعت حصہ چہارم
46. تاریخ اسلام اکبر خان نجیب آبادی، طبع اول، کراچی
47. الکلینی، محمد یعقوب، الشّافی (ترجمہ فروع کافی)، ترجمہ از ادیب اعظم سید ظفر حسن امروہوی، کراچی: ظفر شمیم پبلیکشنز ٹرسٹ، ناظم آباد، ۱۴۰۰ھ

48. کیروانوی،وحیدالزمان،القاموس الجدید،لاہور:ادارہ اسلامیات انارکلی،۱۴۱۰ھ

49. أحمد بن علي بن حجر العسقلاني، فتح الباري شرح صحیح البخاري، ریاض: دار السلام،۱۴۲۱ھ

50. رحمت اللعالمین،مکتبۃ السن،اردو بازار،لاہور،اشاعت: اپریل ۲۰۱۴ء

51. مجلسی، محمد باقر، جلاءالعیون، ترجمہ علامہ سید عبدالحسین۔ حصہ اول، لکھنؤ: عباس بک ایجنسی،۲۰۲۱

52. مؤسسہ دایرۃ المعارف الفقہ الاسلامی، فرہنگ فقہ فارسی،۱۳۸۷ھ

53. کلانتر، حاشیہ، در کتاب الروضۃ البہیۃ فی شرح اللمعۃ الدمشقیۃ،۱۴۱۰ھ

54. شہید ثانی، الروضۃ الفقہیۃ فی شرح اللمعۃ الدمشقیۃ،۱۴۱۲ھ

55. برہان المتعہ مؤلفہ سید ابوالقاسم والد علامہ سید علی حائری مطبوعہ نیو امپریل پریس لاہور

56. مکارم شیرازی، داستان یاران (مجموعہ بحث ھای تفسیری آیت اللہ مکارم شیرازی)،۱۳۹۰ھ

57. امام خمینی، المکاسب المحرمہ،۱۴۱۵ھ، مکارم شیرازی، القواعد الفقھیۃ،۱۴۱۶ھ

58. امام خمینی، الرسائل العشرۃ،۱۴۲۰ھ، مکارم شیرازی، القواعد الفقھیۃ،۱۴۱۶ھ

59. زاہد، محمد اسحاق، زاد الخطیب، ناشر: جمعیۃ إحیاء التراث الإسلامی، کویت،۲۰۱۱

60. باقر مجلسی، حیات القلوب، مطبوعہ ایران

61. فہیم القرآن جلد ششم طبع پنجم اگست ۱۹۷۵ ص حیات القلوب طبع ایران الحکومت الاسلامیہ، طبع تہران

62. حکومت اسلامی یا ولایت فقیہ ص ۵۳ ناشر کتب خانہ شاہ نجف اندرون موچی دروازہ لاہور، تفہیمات الہیہ